★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 7 صفر المظفر 1447ھ، 2 اگست 2025ء، 18 ساون 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 252

نواز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب یو اے ای کے سفیر کی ملاقات

دونوں ممالک کے مابین تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے پر اتفاق

سرمایہ کاروں، اداروں اور کاروباری برادری کو پنجاب میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت' قائد محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کا صدر یو اے ای شیخ محمد بن زاید النہیان کی قیادت کو خراج تحسین، سائنسی ترقی، ماحول دوستی اور جدید وژن کو سراہا

پاکستان اور یو اے ای کا باہمی رشتہ وقت اور حالات کی آزمائشوں میں ہمیشہ سرخرو رہا ہے: محمد نواز شریف' پاکستان اور یو اے ای کے درمیان سرکاری وسفارتی پاسپورٹ ہولڈرز کیلئے ویزا فری انٹری کی اجازت قابل تحسین ہے: مریم نواز شریف

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے متحدہ عرب امارات کے پاکستان میں سفیر حماد عبید ابراہیم سالم الزعابی نے ملاقات کی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے یو اے ای کے سفیر کا پرتپاک اور پرخلوص استقبال کیا۔ محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے یو اے ای کی دور اندیش قیادت اور عوام کے لئے ا(بقیہ نمبر 1)

چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر، چینی سفیر جیانگ زائیڈ ونگ، پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) کے 98 ویں یوم تاسیس پر جی ایچ کیو میں کیک کاٹتے ہوئے

صدر مملکت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ملاقات، صوبے میں امن وامان کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے (بقیہ نمبر 2)

مریم نواز کی چین کی مسلح افواج کو 98 ویں یوم تاسیس پر مبارکباد

پاک چین دفاعی اشتراک لازوال دوستی کی روشن علامت، تعلقات محض ریاستی نہیں بلکہ دلوں کے رشتے ہیں

پیپلز لبریشن آرمی کا امن واستحکام کے لیے کردار مثالی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا خراج تحسین

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے 98 ویں یوم تاسیس پر حکومت چین، چینی عوام اور مسلح افواج کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام (بقیہ نمبر 5)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے متحدہ عرب امارات کے پاکستان میں سفیر حماد عبید ابراہیم سالم الزعابی ملاقات کر رہے ہیں

ٹرمپ کی پاکستان سے رعایت، 19 فیصد ٹیرف عائد کر دیا

نئے محصولات کا نفاذ 7 اگست سے ہوگا، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت پر عائد کردہ 25 فیصد محصولات کے مقابلے پاکستان کو رعایت دیتے ہوئے 19 فیصد ٹیرف عائد کیا ہے، نئے محصولات (بقیہ نمبر 7)

پاک چین دوستی ناقابل تسخیر، وقت کی ہر کسوٹی پر پوری اتری: فیلڈ مارشل

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات منفرد، آزمائی ہوئی دوستی کی بنیاد پر ہیں، دونوں ممالک علاقائی اور عالمی چیلنجز پر مشترکہ موقف رکھتے ہیں، پاک چین تعلقات، باہمی اعتماد، غیر متزلزل حمایت اور مشترکہ عزم پر مبنی ہیں: گفتگو

سٹریٹجک صورتحال بدلنے کے باوجود دونوں ممالک کی دوستی ثابت قدم اور غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان آرمی اور پی ایل اے کے تعلقات حقیقی معنوں میں بھائیوں کی طرح ہیں؛ گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے 98 ویں یوم تاسیس پر کہا ہے کہ پاک چین دوستی وقت کی کسوٹی پر پورا اتری ہے، پاک چین تعلقات باہمی اعتماد، غیر متزلزل حمایت اور مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطا(بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم شہباز شریف آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں سیلاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹرمپ 8 اگست تک یوکرین جنگ ختم کرنا چاہتے ہیں، امریکہ

یوکرین میں امن کو یقینی بنانے کے لیے اضافی اقدامات پر عمل درآمد کے لیے تیار ہیں، جان کیلی

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو مطلع کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 8 اگست تک روس-یوکرین جنگ کے خاتمے کے لیے کسی معاہدے پر پہنچنے (بقیہ نمبر13)

رحیم یار خان، پولیس چوکی پر ڈاکوؤں کا حملہ 5 اہلکار شہید 2 زخمی

شہید ہونے والے 2 اہلکاروں کا تعلق رحیم یار خان، 3 کا تعلق بہاولنگر سے ہے، ترجمان پولیس

رحیم یار خان (این این آئی) شیخانی پولیس پکٹ پر کچے کے ڈاکوؤں کے حملے میں پانچ ایلیٹ اہلکاروں کی شہادت، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا نوٹس، آر پی او بہاولپور سے رپورٹ طلب، آئی جی پنجاب کا ڈی پی او رحیم یار خان کو فائرنگ میں ملوث ڈاکوؤں کی فوری گرفتاری کا حکم، آئی جی پنجاب کا (بقیہ نمبر 10)

یورپی یونین کو کی جانے والی قومی برآمدات میں 7.44 فیصد اضافہ

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے ممالک کو کی جانے والی قومی برآمدات میں گزشتہ مالی سال 2024-25 کے دوران 7.44 (بقیہ نمبر11)

باغ جنگلڑی دو بچوں کی موت رنگلہ میں ایک شخص قتل

تحصیل دھیرکوٹ رنگلہ ڈھک کے مقام پر گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والا داود نامی (بقیہ نمبر12)

اسلام آباد: وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے جنوبی پنجاب اور ملتان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کی ملاقات

بنوں پولیس اور سی ٹی ڈی کا آپریشن 6 دہشتگرد ہلاک 3 گرفتار

میریان میں پولیس، سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کیخلاف مشترکہ طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا

آپریشن کے دوران 25 مشتبہ افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ آر پی او بنوں سجاد خان

بنوں (این این آئی) بنوں میں پولیس اور سی ٹی ڈی کے آپریشن کے دوران 6 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق بنوں کے علاقے میریان میں پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کے خلاف مشترکہ طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جس دوران دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو نشا(بقیہ نمبر 4)

برآمدات میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے، جام کمال خان

پاکستان کا تجارتی شعبہ بدلتے عالمی حالات میں ڈھلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، وفاقی وزیر تجارت

غیر روایتی برآمدات میں اضافہ پاکستان کی طویل المدتی تجارتی پالیسی کے لیے نیک شگون ہے، وفاقی وزیر تجارت کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ ویلیو ایڈڈ اور غیر روایتی برآمدات میں ہماری کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کا تجارتی شعبہ بدلتے عالمی حالات میں ڈھلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تجارت میں مالی سا(بقیہ نمبر 3)

سعودی عرب، کارکنوں کی میڈیکل انشورنس نہ کرانے پر 110 کمپنی مالکان کو 2.5 ملین ریال جرمانہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی ہیلتھ انشورنس کونسل نے کارکنوں کے طبی بیمہ پالیسی قانون کی خلاف ورزی کرنے پر 110 کمپنی مالکان پر 2.5 ملین ریال جرمانہ عائد کر دیا۔ عرب (بقیہ نمبر 9)

لاہور: چیئر پرسن وزیر اعلیٰ انسپکشن ومانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین شادمان لاہور میں واقع بیت المال پاکستان کے دفتر کا دورہ کر رہے ہیں

سعودی عرب کا کینیڈا اور مالٹا کی طرف سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے اعلان کا خیر مقدم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے کینیڈا اور مالٹا کی طرف سے فلسطینی ریاست (بقیہ نمبر14)

بھارتی فوجیوں نے گزشتہ ماہ جولائی میں 7 کشمیریوں کو شہید کیا، رپورٹ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی جاری کار (بقیہ نمبر 15)

بھارت کا گنڈاپور کے بیان کو فیٹف میں استعمال کرنا پی ٹی آئی کیلئے شرمناک ہے: عظمیٰ بخاری

یہ عمل علی امین گنڈاپور کیلئے بھی شرمناک اور قابل فکر ہے، تحریک انصاف کے لوگوں نے پاکستان کو دیوالیہ کرانے کے لئے ہر حربہ استعمال کیا، وزیر اطلاعات

ان لوگوں کا سب سے بڑا مسئلہ یہی ہے کہ یہ لوگ منہ کھولنے سے پہلے سوچتے نہیں، وزیر اعظم شہباز شریف نے دن رات محنت اور کامیاب سفارتکاری سے پاکستان کا نام فیٹف کی گرے لسٹ سے نکلوایا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بھارت کا گنڈاپور کے بیان کو فیٹف میں استعمال کرنا پوری پی ٹی آئی کیلئے شرمناک ہے، یہ عمل علی امین گنڈاپور کیلئے بھی شرمناک اور قابل فکر ہے۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ ان لوگوں کا سب سے بڑا مسئلہ یہی ہے کہ یہ لوگ منہ کھولنے سے پہلے سوچتے نہیں، وزیر اعظم شہباز شریف نے دن رات محنت اور کامیاب سفارتکاری سے پاکستان کا نام فیٹف کی گرے لسٹ سے نکلوایا، جس کے بعد پاکستان کی مغربی منڈیوں تک رسائی اور یورپی یونین سے راہیں ہموار ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے لوگوں نے پاکستان (بقیہ نمبر 16)

پیکٹا کے سی ای او اور ایم ڈیز کے مالی اختیارات میں نمایاں اضافہ

سی ای او کے اختیارات 1 سے 10 ملین، ایم ڈیز کے 5 ملین روپے تک بڑھا دیے گئے

بجلی، انٹرنیٹ و دیگر واجبات کی فوری ادائیگی کی راہ ہموار، ادارے کی مالی خودمختاری میں اضافہ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب ایجوکیشنل کارٹون اینڈ ٹیکنالوجی اتھارٹی (پیکٹا) میں مالی نظم ونسق کو بہتر بنانے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے تحت سی ای او اور ایم ڈیز کے مالی ا(بقیہ نمبر17)

واشنگٹن، امریکی صدور اور زخمی فوجی حکام کے لیے قائم والٹر ریڈ ہسپتال بند کرنا پڑ گیا

واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن کے نزدیک امریکہ کے انتہائی اعلیٰ ہسپتال والٹر ریڈ کو جمعرات کے روز کچھ دیر کے لیے انتظامی وسیکورٹی کے مسئلے کے پیش نظر بند کرنا پڑ گیا۔ اس انتہائی اہم ا(بقیہ نمبر18)

بھارت کی پاکستان کو فیٹف گرے لسٹ میں ڈالنے کی سازش، وزیر اعلیٰ کے پی کا سخت ردعمل

ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے لسٹ میں جانے کے لیے بھارت 100 فیصد فٹ ہے، علی امین

افغانستان میں 100 سے زیادہ بھارتی قونصل خانے پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے، وزیر اعلیٰ کے پی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے (بقیہ نمبر 19)

سیلابی صورتحال، گلگت بلتستان کے 37 مقامات آفت زدہ قرار، ایمرجنسی نافذ

سیلاب سے 20 ارب روپے کا نقصان، 10 افراد جاں بحق ہوئے، 15 سیاح لاپتہ ہیں، ترجمان

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان حکومت نے حالیہ سیلابی صورتحال سے متاثرہ 37 مقامات کو آفت زدہ قرار دیتے ہوئے ایمرجنسی نافذ کر دی ہے۔ گلگت بلتستان کے محکمہ داخلہ سے جاری (بقیہ نمبر 21)

حلقہ دو چھراٹ کے نواحی علاقہ موضع کھاگراں مسائلستان بن گیا

مظفر آباد (این این آئی) حلقہ دو چھراٹ کے نواحی علاقہ موضع کھاگراں مسائلستان بن گیا، 25 سال سے حلقہ ایم ایل ایز کی طفل (بقیہ نمبر20)

این اے 129 لاہور کا ضمنی انتخاب 18 ستمبر کو ہوگا

خواجہ سعد رفیق نے ضمنی انتخاب میں حصہ لینے سے معذرت کر لی، انتخابی نشان 26 اگست کو الاٹ ہوں گے

کاغذات نامزدگی 4 سے 6 اگست تک جمع ہوں گے، پولنگ صبح 8 سے شام 5 بجے تک ہوگی، شیڈول جاری

لاہور (زیڈ این این) سینئر سیاستدان میاں اظہر کے انتقال کے باعث خالی ہونے والی قومی اسمبلی کی نشست این اے 129 لاہور پر ضمنی انتخاب 18 ستمبر 2025 کو ہوگا۔ اس حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انتخابی شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ریٹرننگ افسر عثمان غنی کے مطابق امید (بقیہ نمبر 23)

لاہور: صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی بھارتی کو نقد انعام دے رہے ہیں

آپریشن مہادیو کے بھارتی دعوے پاکستان کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتے: دفتر خارجہ

بھارت نے پہلگام حملے کی تحقیقات اور ثبوتوں کے بغیر پاکستان پر حملہ کیا، 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب بھارت نے پاکستان میں حملہ کیا، بھارتی حملے سے بے گناہ بچے، خواتین اور مرد شہید ہوئے

پاکستان نے بھارتی لڑاکا طیاروں اور فوجی اہداف کو بے اثر کرنے میں شاندار کامیابی حاصل کی، جو کہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے: ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ آپریشن مہادیو سے متعلق کوئی بھی بھارتی دعوی پاکستان کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان آپریشن سندور پر ہندوستانی رہنماؤں کے بے بنیاد اور اشتعال انگیز بیانات کو مسترد کرتا ہے، اس طرح کے بیانات تنازعات کو بڑھاوا دینے کے خطرناک رجحان کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 22)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی غفلت، 76 کروڑ روپے ٹیکس وصول نہ ہو سکا

آڈٹ رپورٹ میں سنگین بے ضابطگیوں کا انکشاف، 72 ہزار سے زائد کمرشل گاڑیاں ٹیکس ادا کرنے میں ناکام

خزانے کو بھاری نقصان، افسران کی لاپروائی، ناقص کارکردگی، متعلقہ اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی سفارش

لاہور (زیڈ این این) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب کی سنگین غفلت اور ناقص کارکردگی ایک بار پھر سامنے آ گئی۔ مالی سال 2022-23 کی آڈٹ رپورٹ نے محکمہ کی کارکردگی پر (بقیہ نمبر 27)

Reciprocal Tariffs

امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ ٹیرف کا اعلان کرتے ہوئے

اسم محمد انگلینڈ اور ویلز میں مسلسل دوسرے سال بچوں کا مقبول ترین نام رہا

لندن (این این آئی) اسم محمد کو انگلینڈ اور ویلز میں مسلسل دوسرے سال پیدا ہونے والے بچوں کے لیے مقبول ترین نام قرار دیا گیا (بقیہ نمبر 24)

ایف آئی اے، انٹرپول کی مشترکہ کارروائی، قتل کا ملزم عراق سے گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے این سی بی اور انٹرپول کی مشترکہ کارروائی میں قتل اور اقدام قتل کے سنگین الزامات میں مطلوب ا(بقیہ 25)

پاکستان کو گرے لسٹ میں شامل کرانے کا بھارتی خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کا بیان توڑ مروڑ کر پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ میں شامل کرانے کا بھارتی خواب کبھی پور(بقیہ نمبر 26)

غزہ: مغربی علاقے الانصار میں فلسطینی ایک خیراتی تنظیم کی طرف سے تقسیم کیا گیا گرم کھانا لینے کے لیے برتن پکانے کے لیے جمع ہیں

سموگ کیس: ترقیاتی منصوبوں سے قبل متبادل راستے دینا لازمی قرار

لاہور ہائیکورٹ نے واسا کو ترقیاتی منصوبوں میں شہری سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت کر دی

سڑکیں اکھاڑنے سے پہلے عوام کیلئے راستے اور بنیادی سہولتیں بحال رکھی جائیں، عدالت کا حکم

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس کی سماعت کے دوران ترقیاتی منصوبے شروع کرنے سے پہلے شہریوں کے لیے متبادل راستوں کا بندوبست لازمی قرار دے دیا ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے ہارون فاروق سمیت دیگر شہریوں کی درخواستوں پر سماعت کی، جس (بقیہ نمبر 30)

نواز شریف سینئر قومی رہنما اور سیاستدان کے طور پر اپنا سیاسی کردار ادا کرتے رہیں گے: عرفان صدیقی

سیاست میں نواز شریف کے نہ آنے کا من گھڑت جملہ غلط طور پر مجھ سے منسوب کیا گیا، لیگی رہنما کا بیان

نواز شریف پارلیمان کی سب سے بڑی جماعت مسلم لیگ (ن) کے صدر ہیں، سیاست سے ان کی لاتعلقی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر راہنما، سینٹ میں پارلیمانی پارٹی لیڈر اور امور خارجہ کمیٹی کے سربراہ سینیٹر عرفان صدیقی نے واضح کیا ہے کہ نواز شریف سب سے سینئر، قومی راہنما اور سیاستدان کے طور پر اپنا سیاسی کردار ادا کرتے رہیں گے، سیاست میں نواز شریف کے (بقیہ نمبر 32)

بلوچستان، حوالہ ہنڈی کیخلاف کارروائی، کروڑوں کی غیر قانونی کرنسی برآمد

کوئٹہ (این این آئی) حوالہ ہنڈی کے خلاف بلوچستان میں کارروائی کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی غیر قانونی کرنسی برآمد کر لی گئی۔ ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجا کی ہدایت (بقیہ نمبر31)

پی ڈی ایم اے کی مون سون فیکٹ شیٹ جاری، دریاؤں میں نچلے درجے کا سیلاب

تربیلا، چشمہ، کالاباغ اور چناب میں معمولی سیلابی صورتحال، رواں سیزن میں 162 شہری جاں بحق

پنجاب میں آئندہ 24 گھنٹوں میں مزید بارشوں کی پیشگوئی، ڈیمز میں پانی کی سطح بھی بلند ہونے لگی

لاہور (زیڈ این این) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے مون سون سیزن کے دوران صوبے کی صورتحال پر مبنی فیکٹ شیٹ جاری کر دی ہے، جس میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارشوں اور دریاؤں کی صورتحال کا احاطہ کیا گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے ترجمان کے مطابق گز (بقیہ نمبر 33)

چترال: ترچ میر بیک پیکرز کلب کے زیر انتظام پورٹرز دشوار گزار سامان اٹھائے اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

بھارت کی پاکستان کو فیٹف گرے لسٹ میں ڈالنے کی سازش، وزیر اعلیٰ کے پی کا سخت ردعمل

افغانستان میں 100 سے زیادہ بھارتی قونصل خانے پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے، وزیر اعلیٰ کے پی

مودی کی طرح بزدل نہیں ہیں کہ رات کی تاریکی میں آئیں، پاکستان کے دفاع کیلئے اس کی حکومت کو ایکسپوز کروں گا، بیان

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے لسٹ میں جانے کیلئے بھارت 100 فیصد فٹ ہے، افغانستان میں 100 سے زیادہ بھارتی قونصل خانے پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے، مودی کی طرح بزدل نہیں ہیں کہ رات کی تاریکی میں آئیں، ہم نعرہ لگا کر آتے ہیں اور اگلے کو بتا کر آتے ہیں، پاکستان کے دفاع کیلئے مودی اور اس (بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا مادرِ علمی اسکول کا دورہ

مسلم لیگ ہائی سکول ایمپریس روڈ کو ایمینس اسکول میں اپ گریڈ کرنے کی منظوری دے دی گئی

وزیر ریلوے حنیف عباسی نے سکول کی ترقی کو خوش آئند قرار دیا، وزیر تعلیم رانا سکندر بھی ہمراہ تھے

لاہور (زیڈ این این) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے اپنے مادرِ علمی گورنمنٹ مسلم لیگ ہائی اسکول ایمپریس روڈ لاہور کا خصوصی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ پنجاب کے صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر اور صوبائی وزیر نے اسکول کی تعلیمی حالت، انفراسٹرکچر اور دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے تعلیمی ویژن کے مطابق اسکول کو ایمینس اسکول میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پنجاب حکومت نے اسکول کی اپ گریڈیشن کی باقا(بقیہ نمبر 29)



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

لاہور غریب شہری کے ساتھ تھانہ داتا دربار کے اہلکاروں کی جانب سے لوٹ مار کا معاملہ

اعجاز نامی شہری نے ڈی ائی جی کی کھلی کچہری میں درخواست دی، تین پولیس اہلکار کڑاہی گوشت کھانے پر بضد رہے، درخواست



LHR- 369667 DIG-OPS
DATED:- 01.08.2025
درخواست دہندہ محمد اعجاز
مارک اسلام پورہ DSP



بخدمت جناب ڈی آئی جی آپریشنز صاحب لاہور

العارض
35202-3049983-9
0370-4082126

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس کی جانب سے لوٹ مار اور ناکوں پر شہریوں کو ہراساں کرنے اور غلیظ زبان کے استعمال کے ساتھ ساتھ جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکی اور رشوت ستانی کے واقعات بڑھتے چلے جارہے ہیں جبکہ دوسری جانب ڈی ائی جی اپریشنز محمد فیصل کامران ایسے ملازمین پر کاروائیوں کے احکامات بھی جاری رکھے ہوئے ہیں تفصیلات کے مطابق دو روز قبل اعجاز نامی محنت کش کو منشی لدھا پولیس ناکہ پر عامر لقمان اور امین نامی پولیس ملازمین جو کے تھانہ داتا دربار تعینات ہیں۔ تینوں مذکورہ ملازمین نے اعجاز کو ناکہ پر گندی اور غلیظ گالیوں کے علاوہ ہراساں کرتے ہوئے اس کی جیب میں سے گیس کا بل 15 ہزار روپے زبردستی نکال لی ہے اور پھر تھانہ لے جا کر مزید ہراساں کرنے لگے جھوٹی ایف ائی ار کا کہہ کر ڈراتے رہے جب کہ متاثرہ اعجاز کی منت سماجت کرنے اور ہاتھ جوڑنے پر ہم مذکورہ ملازمین کڑاہی گوشت کھانے کا اصرار کرنے لگے متاثرہ کے مطابق ہزار منت سماجت کے بعد کڑاہی گوشت کی رقم مبلغ 2500 روپیہ دے کر اپنی جان چھڑوائی۔ اعجاز نے ڈی ائی جی کی کھلی کچہری میں ملازمین پر کاروائی اور رسول انصاف کے لیے درخواست دے ڈالی ہے۔

صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھ اروڑہ کا بہاولپور بورڈ میں سیکنڈ پوزیشن ہولڈر کے اعزاز میں ظہرانہ کی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا بہاولپور بورڈ میں سیکنڈ پوزیشن ہولڈر کے اعزاز میں ظہرانہ

بھارتی کانارام نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کو عملی جامہ پہنایا۔ رمیش سنگھ اروڑہ

بھارتی نے سرکاری سکول سے تعلیم حاصل کر کے سرکاری سکول و معیاری سکول کو سچ کر دکھایا۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی جانب سے بہاولپور بورڈ میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی ہونہار طالبہ بھارتی کانارام کے اعزاز میں خصوصی ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں بھارتی کانارام، جس نے میٹرک کے امتحانات میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی، محکمہ انسانی حقوق آمد پر شاندار استقبال کیا گیا۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے بھارتی کو اپنی کرسی پر بٹھا کر خصوصی عزت بخشی اور نقد انعام دیا۔ اس موقع پر محکمہ انسانی حقوق کی جانب سے بھارتی کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کیا گیا جبکہ صوبائی وزیر نے بھارتی کو ای۔ لرننگ پروگرام میں شامل کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ اس موقع پر رمیش سنگھ اروڑہ کا کہنا تھا کہ بھارتی جیسی بچیاں وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کو حقیقت بنا رہی ہیں۔ سرکاری اسکولز کے طلباء کی یہ کامیابیاں خوش آئند ہیں اور تعلیم کے فروغ پر میں وزیر اعلیٰ پنجاب کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ وزیر تعلیم پنجاب کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انکی بدولت سرکاری سکولوں کا معیار بہتری کی جانب جا رہا ہے۔ اس موقع پر بھارتی کانارام نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ایچ ڈی کر کے اپنے جیسی ہم عمر بچیوں کو تعلیم سے روشناس کراؤں گی تاہم پنجاب حکومت بالخصوص وزیر اعلیٰ پنجاب کی شکر گزار ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر، سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ، ایڈیشنل سیکرٹری رضوانہ نوید اور دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔

چوکی ہلوکی پولیس نے نقب زن اور موٹر سائیکل چور گروپ کے 2 کارندے گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی ہلوکی پولیس نے نقب زن اور موٹر سائیکل چور گروپ کے 2 کارندے گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق تھانہ کاہنہ کی چوکی لکھوکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر شہزادہ گاوں سے مختلف مارم ہاوسز سے بیٹریاں، دیگر قیمتی سامان مختلف مارکیٹس میں ریکی کر کے موٹر سائیکلیں چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان نواز اور عمران کو گرفتار کر کے ان سے چوری شدہ 3 بیٹریاں، چھینی گئی نقدی اور موبائل فون برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے ناجائز اسلحہ اور تھانہ جنوبی چھاونی سے چوری ہونے والی موٹر سائیکل بھی برآمد ہوئی ہے ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے بھی چھاپے مارے جارہے ہیں،

چین امریکہ کے ساتھ بات چیت اور مشاورت مزید گہرا کرنے کا خواہاں ہے، ترجمان وزارت تجارت

بیجنگ (شنہوا) چین کی وزارت تجارت کے ترجمان حہ یادونگ نے کہا ہے کہ چین امریکہ کے ساتھ بات چیت اور مشاورت کو گہرا کرنے کا خواہاں ہے تا کہ زیادہ باہمی مفید نتائج حاصل کئے جاسکیں۔ سویڈن کے شہر سٹاک ہوم میں حال ہی میں ہونے والے چین۔ امریکہ تجارتی مذاکرات کے بارے میں میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ دونوں فریقوں نے اقتصادی اور تجارتی تعلقات، میکرو اکنامک پالیسیوں اور باہمی دلچسپی کے دیگر موضوعات پر واضح، تفصیلی اور تعمیری تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے جنیوا میں طے پانے والے اتفاق رائے اور لندن میں قائم کردہ فریم ورک کے نفاذ کا جائزہ لیا اور اسے تسلیم کیا۔ سٹاک ہوم میں ہونے والے مذاکرات کے دوران طے پانے والے اتفاق رائے کی بنیاد پر دونوں فریقین 24 فیصد امریکی اضافی محصولات کی معطلی اور چین کی طرف سے اس کے جواب میں اٹھائے گئے اقدامات کو مزید 90 دن کے لئے بڑھانے کی کوشش جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس اتفاق رائے سے چین۔ امریکہ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور عالمی اقتصادی ترقی اور استحکام کو مزید یقینی بنانے میں مدد ملنے کی امید ہے۔

چین، منافع دوبارہ سرمایہ کاری میں لگانے والے غیر ملکیوں کے لئے ٹیکس مراعات کی وضاحت جاری

بیجنگ (شنہوا) چین کی ریاستی ٹیکس انتظامیہ (ایس ٹی اے) نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے منافع کو دوبارہ سرمایہ کاری میں استعمال کرنے پر ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کے لئے تفصیلی عملدرآمدی قواعد جاری کر دیئے ہیں یہ ان اصولوں کا مقصد حالیہ پالیسی کے تحت دی جانے والی ٹیکس رعایت کے لئے عملی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ جون میں چین کی وزارت خزانہ، ٹیکس اور تجارت کے محکموں نے ایک ٹیکس مراعاتی پالیسی جاری کی تھی جس کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو چین کی مقامی کمپنیوں سے حاصل شدہ منافع کو براہ راست اندرون ملک سرمایہ کاری میں استعمال کرنے پر 10 فیصد کارپوریٹ انکم ٹیکس کریڈٹ دیا جائے گا۔ یہ پالیسی یکم جنوری 2025 سے نافذ العمل ہے اور 31 دسمبر 2028 تک جاری رہے گی۔ اس کے تحت غیر استعمال شدہ ٹیکس کریڈٹس آئندہ برسوں میں منتقل کئے جاسکیں گے اور موجودہ ٹیکس معاہدوں کے تحت کم شرح لاگو ہوگی۔ ایس ٹی اے کے جاری کردہ نوٹس کے مطابق اگر منافع کو کمپنی کے سبسکرائب کردہ رجسٹرڈ سرمائے میں ادائیگی یا ادا شدہ سرمائے یا کیپیٹل ریزرو میں اضافے کے لئے استعمال کیا جائے

یو ای ٹی لاہور کے سابق طلباء پر مشتمل ”ایلومینائی انٹر پرینیورز چیپٹر“ قائم کر دیا گیا

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے چیئرمین وسیم نذیر ایلومینائی انٹر پرینیورز چیپٹر کے صدر منتخب ہو گئے

انجینئر احمد بلال محبوب نائب صدر، انجینئر اظہر الاسلام جنرل سیکرٹری، انجینئر میاں سلطان محمود خزانچی اور انجینئر پرویز قریشی سوشل سیکرٹری منتخب

شرکاء نے ڈاکٹر شاہد منیر کی قیادت کو سراہا اور یو ای ٹی میں مثبت تبدیلیوں پر خراج تحسین پیش کیا

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور میں ایلومینائی انٹر پرینیورز چیپٹر قائم کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سمیت ملک بھر سے 40 سے زائد ممتاز سی ای اوز اور صنعتکاروں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے اپنے خطاب میں یونیورسٹی کی تدریسی، تحقیقی اور انفراسٹرکچر کے شعبہ جات میں نمایاں کامیابیوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے یونیورسٹی کی مالی خود کفالت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سابق طلباء کی حمایت کو یو ای ٹی کی ترقی میں ایک ”بنیادی ستون“ قرار دیا۔ انہوں نے بین الاقوامی ایلومینائی چیپٹرز کی آئندہ سرگرمیوں کا بھی حوالہ دیا اور مزید تعاون پر زور دیا۔ انچارج ایلومینائی انجینئر احمد نوید نے عالمی سطح پر ایلومینائی کی شمولیت، اسکالرشپ فنڈنگ، طلباء کی معاونت اور مختلف چیپٹرز کے ساتھ روابط پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں شرکاء نے ڈاکٹر شاہد منیر کی قیادت کو سراہا اور یو ای ٹی لاہور میں جاری مثبت تبدیلیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایلومینائی آفس کی کارکردگی اور لگن کو بھی بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔ تقریب میں ملک کے نامور اور ممتاز انجینئرز پر مشتمل ایلومینائی انٹر پرینیورز چیپٹر کے عہدیداران کا انتخاب کیا گیا۔ انجینئر وسیم نذیر کو بطور صدر، انجینئر احمد بلال محبوب کو نائب صدر، انجینئر اظہر الاسلام کو جنرل سیکرٹری جبکہ انجینئر میاں سلطان محمود کو خزانچی اور انجینئر پرویز قریشی کو سوشل سیکرٹری منتخب کیا گیا۔ تقریب کے آخر میں شرکاء کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔

50 فیصد پی ٹی آئی کے لوگوں کو سزائیں پارٹی کے وکیلوں کی وجہ سے ہوئی ہیں: جاوید بدر

وکیل اپنی نااہلی چھپانے کے لیے ملبہ ججز پر ڈال دیتے ہیں: بانی رہنما پی ٹی آئی

لاہور (خبر نگار) بانی رہنما پی ٹی آئی جاوید بدر نے اپنی پارٹی کے بانی چیئرمین عمران خان کو مُعافی مانگنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت 50 فیصد پی ٹی آئی کے لوگوں کو سزائیں پارٹی کے وکیلوں کی وجہ سے ہوئی ہیں※ ان میں سے زیادہ تر لوگ وقوعے کے مُوقع پر موجود ہی نہیں تھے جن کو عدالتوں میں ثابت کرنا وکیلوں کا کام تھا لیکن کئی وکیل تو تاریخوں پر پیش ہی نہیں ہوتے تھے※ وکیل اپنی نااہلی چھپانے کے لیے ملبہ ججز پر ڈال دیتے ہیں※ جاوید بدر نے کہا کہ عمران خان کے ساتھ عدالتیں کم اور اُن کے اپنے وکیل زیادہ کھیل رہے ہیں※ بانی مزید اپنی قیادت اور وکیلوں کے سہارے مت رہیں※ بانی کی آخری اُمید ٹرمپ بانی کو نکالنے کی بجا※ تیل نکال رہا ہے※ اس لیے میرا بطور ورکر پارٹی چیئرمین کو یہ مشورہ ہے کہ بانی مُعافی مانگ کر اپنی باقی زندگی اپنے بچوں میں گزاریں※ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بانی کے اپنے نا※ہو※ لیڈر اندر سے بانی کے خلاف ہیں※ بانی کو نظر نہیں آ رہا پچھلے دو سال سے اس وقت پارٹی میں مائنس خان ہی چل رہا ہے※ بانی کے جیل جانے کی وجہ بزدار گوگی پنکی اور سائفر تھا※ اب بانی کے پاس صرف پنکی رہ گئی ہے باقی پنجاب لوٹ کر بھاگ گئے※ ان کا کہنا تھا کہ شاہ محمود قریشی اور فواد چوہدری موقع پر غیر موجودگی ثابت کر کے بری ہوئے ہیں※ پی ٹی آئی کی مُوجودہ قیادت اپنی نااہلیاں اور ناکامیاں حکومت کے سر ڈال دیتی ہے※ پی ٹی آئی جماعت وکیلوں کے لیے سونے کا انڈا دینے والی مُرغی ہے※ اتنے آسان اور جھوٹے کیس صرف ٹھیک دفاع نا کرنے پر پارٹی کے لوگ ہارے ہیں اپنی نااہلی کی وجہ سے کیس ہار کر خود ہی مظلوم بن جاتے ہیں※ مُلزم کی موقع پر غیر موجودگی ثابت کرنا مُلزم کے وکیل کی ذمہ داری ہوتی ہے※ موجودہ قیادت خود نااہل ہو رہی ہے تو اب ان کو احتجاج یاد آ گیا ہے※ اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ شاہ محمود قریشی کو فوری پارٹی قیادت سونپ دی جا※※ شاہ جی ٹکراؤ کی نہیں بلکہ مُفاہمت کی سیاست کرتے ہیں※ فواد چوہدری کو فوری پارٹی کا مرکزی ترجمان نامزد کیا جائے۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:50
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ٹریفک پولیس کے ناجائز چالان اور عوامی استحصال پر رمضان میو کا شدید ردِعمل

لاہور (پ ر) ہیلپ فور ویمن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان کے صدر رمضان میو نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ: اس وقت ٹریفک پولیس عوامی خدمت کے بجائے عوامی استحصال میں مصروف ہے۔ مختلف علاقوں میں ناکے لگا کر 10 سے 15 اہلکار عوام کو روک کر ناجائز چالان کر رہے ہیں، جو سراسر زیادتی ہے۔ یہ عمل ڈاکہ زنی کے مترادف ہے، اور شہری خود کو پولیس کے سامنے غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔” رمضان میو کا کہنا تھا کہ پولیس اور خاص طور پر ٹریفک پولیس کا اصل کردار عوام کی حفاظت اور ٹریفک کا نظم و نسق برقرار رکھنا ہے، لیکن بد قسمتی سے آج پولیس کو دیکھ کر عوام کو تحفظ کا احساس نہیں ہوتا بلکہ خوف محسوس ہوتا ہے۔ انہوں نے حکومتِ پنجاب، آئی جی ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ: 1. عوام کے ساتھ غیر منصفانہ رویہ ترک کیا جائے۔ 2. ناجائز چالان کرنے والے اہلکاروں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ 3. غیر قانونی ناکوں کو فوری ختم کیا جائے۔ 4. پولیس کی عوام دوست تربیت کو یقینی بنایا جائے۔ رمضان میو نے واضح کیا کہ اگر حکومت نے فوری نوٹس نہ لیا تو وہ عوام کے ساتھ مل کر سڑکوں پر پرامن احتجاج کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ: ہم پولیس کو بدنام نہیں کرنا چاہتے، لیکن عوام کے ساتھ ناانصافی پر خاموش بھی نہیں رہ سکتے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہم ہر فورم پر آواز بلند کریں گے

ٹریفک پولیس کا سٹاپ لائن وبغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس کا سٹاپ لائن وبغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 1 لاکھ 12 ہزار سے زائد چالان کئے گئے۔ سی ٹی او لاہور اطہر وحید نے بتایا کہ جولائی میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے 1 لاکھ 21 ہزار سے زائد چالان کئے گئے، 122 بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکاروں کے چالان کئے گئے، ایک ماہ کے دوران سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر 51 ہزار 386 چالان کئے گئے۔ سی ٹی او لاہور کا مزید کہنا تھا کہ تجاوزات قائم کرنیوالوں کیخلاف 474 مقدمات درج کئے گئے ٹریفک پولیس کی بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کارروائی کیلئے مختلف مقامات پر ناکہ بندی جاری ہے۔

چوکی اڈا پلاٹ پولیس نے 02 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی اڈا پلاٹ پولیس نے 02 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق چوکی اڈا پلاٹ پولیس نے کاروائی کے دوران موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان اویس اور عمران کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2 چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا۔

برکی کے علاقے میں کھدائی کے دوران کرنٹ لگنے سے مزدور جاں بحق ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) برکی کے علاقے میں کھدائی کے دوران کرنٹ لگنے سے مزدور جاں بحق ہو گیا، پولیس نے لاش قبضے میں لے کر قانونی کاروائی کے بعد تدفین کے لیے لواحقین کے حوالے کر دی ایدھی ترجمان کے مطابق برکی کے علاقے میں واقعہ فارمیسی کے پاس واٹر بورنگ کے دوران مزدور کو بجلی کی تار سے کرنٹ لگ گیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر دم توڑ گیا متوفی کی شناخت عنایت ولد ابراہیم عمر 55 سال کے نام سے ہوئی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش قبضے میں لے کر ضروری قانونی کاروائی کے بعد تدفین کے لیے لواحقین کے حوالے کر دی۔

وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی ہارون اختر خان اور ازبک سفیر کے درمیان تجارت، ٹیکنالوجی اور مستقبل کے تعاون پر تبادلہ خیال

لاہور (صابر غوری) وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ازبکستان کے سفیر علیشیر تختیو نے ملاقات کی جس میں ازبکستان کے آئندہ دورے اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے وزیر اعظم کے وژن اور ہدایات کی روشنی میں تجارتی سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے ممکنہ معاہدوں پر بھی غور کیا گیا۔ گفتگو کے اہم نکات میں تجارتی تعاون، بی ٹو بی ملاقاتیں اور پشاور میں ایک ویئر ہاؤس کے قیام کے منصوبے شامل تھے تاکہ تجارتی روابط اور لاجسٹکس کو فروغ دیا جا سکے۔ دونوں معزز شخصیات نے صنعت، زراعت، ٹرانسپورٹ، مائننگ اور منرلز کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ہارون اختر خان نے ٹریکٹر اور مائننگ انڈسٹری میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات کو اجاگر کیا اور ازبکستان کے ساتھ 2 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کے حصول کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دونوں ممالک کے وفود کے درمیان انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای کامرس اور بینکاری کے شعبوں میں ملاقاتیں ہوں گی۔ اس موقع پر ازبک سفیر نے پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور ہارون اختر خان کو ازبکستان کے ٹیکنو پارک کے دورے کی دعوت دی۔ ازبک سفیر نے پاکستان کی فارماسیوٹیکل انڈسٹری میں بھی دلچسپی ظاہر کی جس پر ہارون اختر خان نے بتایا کہ ازبکستان سالانہ 3 ارب ڈالر کی فارما مصنوعات درآمد کرتا ہے، جو پاکستان کی فارما صنعت کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ای کامرس جیسے ابھرتے ہوئے شعبوں میں بھی دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جائے گا تاکہ جدید ترقی اور اقتصادی نمو کو ممکن بنایا جا سکے۔ ملاقات کے اختتام پر ہارون اختر خان نے خیر سگالی کے طور پر اور پاکستان و ازبکستان کے مضبوط ہوتے تعلقات کی یاد میں ازبک سفیر علیشیر تختیو کو روایتی تحفہ پیش کیا۔

ایل ڈی اے سٹی پلاٹوں کی قرعہ اندازی، فائل ہولڈرز کو پلاٹ نمبر الاٹ کیے گئے

قرعہ اندازی میں ایک کنال کے 74 پلاٹ، 10 مرلہ کے 186 پلاٹ اور 5 مرلہ کے 299 پلاٹس شامل ہیں

ایل ڈی اے سٹی کے ترقیاتی کاموں میں تیزی لائی جا رہی ہے، نیلم روڈ کی تعمیر پر کام جاری، ایل ڈی اے سٹی کے لیے نیلم روڈ ایک انتہائی اہم منصوبہ ہے۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے

اڑھائی سال بعد ایل ڈی اے سٹی کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی قرعہ اندازی کی گئی ہے۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے سٹی پلاٹوں کی پانچویں کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کا انعقاد گزشتہ روز ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاون میں کیا گیا۔ قرعہ اندازی میں ایل ڈی اے سٹی کے فائل ہولڈرز کو پلاٹ نمبر الاٹ کیے گئے۔ قرعہ اندازی میں ایل ڈی اے سٹی جناح اور چناب سیکٹر کے پلاٹوں کو شامل کیا گیا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل یو پی مدثر احمد شاہ نے کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی۔ قرعہ اندازی میں ایک کنال کے 74 پلاٹ، 10 مرلہ کے 186 پلاٹ اور 5 مرلہ کے 299 پلاٹس شامل ہیں۔ اس موقع پر وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اڑھائی سال بعد ایل ڈی اے سٹی کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی قرعہ اندازی کی گئی ہے۔ ایل ڈی اے سٹی کے مین گیٹ کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے۔ ایل ڈی اے سٹی میں چناب روڈ کی تعمیر کا کام تکمیل کے قریب ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا میڈیکل سٹی کا منصوبہ ایل ڈی اے سٹی کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ایل ڈی اے سٹی کے ترقیاتی کاموں میں تیزی لائی جا رہی ہے۔ تقریب میں شامل ہونے والے درخواست دہندگان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ نیلم روڈ کی تعمیر پر کام جاری ہے، ایل ڈی اے سٹی کے لیے نیلم روڈ ایک انتہائی اہم منصوبہ ہے۔ ایکسپو سینٹر سے فیروز پور روڈ تک سڑکوں کو جوڑا جا رہا ہے۔ ایڈیشنل ڈی جی یو پی مدثر احمد شاہ نے کہا کہ ابھی تک جناح سیکٹر میں 35 سو لوگوں کو پوزیشن دیے جا چکے ہیں۔ ایل ڈی اے سٹی کے جناح سیکٹر کے مختلف بلاکس میں گھروں کی تعمیر کا عمل جاری ہے۔ ڈائریکٹر ایل ڈی اے سٹی حفیظ اللہ نے کہا کہ ایل ڈی اے سٹی میں انڈر گراؤنڈ وائرنگ کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ شہری ایل ڈی اے سٹی میں گھروں کی تعمیر شروع کریں، جلد مزید سہولیات میسر کی جا رہی ہیں۔ شہری ایل ڈی اے کی ویب سائٹ سے اپنا پلاٹ نمبر دیکھ سکتے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے کی گئی۔ ایڈیشنل ڈی جی یو پی، چیف آئی ٹی آفیسر، چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ، ڈائریکٹر ایل ڈی اے سٹی و دیگر ایل ڈی اے افسران نے شرکت کی۔

لاہور میں حافظ آباد طرز کا شرمناک اور افسوسناک واقعہ کا رونما ہونا

4 اوباشوں کا شوہر کے سامنے بیوی کے ساتھ ریپ اور شوہر کو بھی برہنہ رقص کرواتے رہے، لاہور: چوہنگ میں خاتون سے اجتماعی زیادتی کے دو مرکزی ملزمان پولیس مقابلے میں ہلاک

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے علاقہ چوہنگ میں ایک انتہائی دلخراش اور شرمناک واقعہ پیش آیا، جب 04 اوباش ملزمان نے خاتون کو اس کے شوہر کے سامنے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا تفصیلات کے مطابق پولیس کی فوری کارروائی کے نتیجہ میں 02 مرکزی ملزمان پولیس مقابلہ میں یفر کردار تک پہنچ گئے، جبکہ باقی ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ انسانیت سوز واقعہ چوہنگ کے نواحی علاقہ میں اس وقت پیش آیا جب شہری امام مسجد اپنی بیوی کے ساتھ قریبی کھیت میں موجود تھا جہاں ملزمان نے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اسکو اور اسکی جواں سالہ بیوی نز※ کو ڈنڈے کلہاڑیوں اور پائپوں کے زور پر ڈرا دھمکا کر برہنہ کر کے زیادتی کا شکار بنایا۔ اسی دوران ملزمان نے انہیں روک لیا اور انسانیت سوز سلوک کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون کے شوہر کو برہنہ کیا اور پھر اس کے سامنے ہی اس کی اہلیہ کے ساتھ اجتماعی زیادتی کا ارتکاب کیا۔ متاثرہ شہری کے بیان کے مطابق، ابتدائی طور پر تین نوجوان ملزمان نے یہ گھناؤنا جرم کیا۔ بعد ازاں انہوں نے فون کے ذریعے ایک اور یعنی چوتھے ساتھی کو بھی موقع پر بلا لیا اور اسے بھی اس شرمناک فعل میں شریک کیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے کے فوراً بعد متاثرہ خاتون کے شوہر کی مدعیت میں تھانہ چوہنگ میں مقدمہ درج کیا گیا۔ سنگین جرم کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) نے فوری طور پر خصوصی ٹیم تشکیل دی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے آپریشن کا آغاز کیا۔ پولیس ٹیم نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا تو ملزمان نے پولیس اہلکاروں پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران 02 مرکزی ملزمان اویس اور شہزاد موقع پر ہلاک ہوئے۔

مصری شاہ پولیس نے شاپر بیگز میں منشیات لے جانے والا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

لاہور (رمیض علی سے) خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مصری شاہ پولیس نے شاپر بیگز میں منشیات لے جانے والا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم پیدل چل کر منشیات کی ترسیل کرتا تھا تاکہ کسی کو شک نہ ہو۔ گرفتاری کے وقت ملزم کے قبضے سے 8 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، جسے وہ شہر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرنے کے ارادے سے لے جا رہا تھا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ ترجمان کے مطابق ملزم کا منشیات فروش نیٹ ورک سے تعلق اور دیگر سہولت کاروں کی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔

چوہنگ کے علاقے شاہ پور کانجراں میں اجتماعی زیادتی کا ایک لرزہ خیز واقعہ پیش آیا

لاہور (رمیض علی سے) تفصیلات کے مطابق کنزہ زوجہ محمد عباس، عمر 18 سال، اپنے شوہر کے ساتھ 30 جولائی کی شب تقریباً 9:30 بجے کھانے کے بعد سیر کے لیے دریا کے کنارے جا رہی تھی کہ اچانک چار نامعلوم افراد نے ان پر حملہ کر دیا۔ ملزمان نے کنزہ کے کپڑے زبردستی اتار کر اسے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ چوہنگ پولیس، ایس ایچ او اور اے ایس پی چوہنگ موقع پر پہنچے اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ متاثرہ خاندان نے اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ ابھی تک کوئی مجرم نا پکڑا جا سکا سی سی ڈی کے لیے سوالیہ نشان؟

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت چاول کی فصل کی مینجمنٹ کے سلسلہ میں قائم صوبائی کمیٹی کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس

چاول کی برآمدات کا حجم 5 ارب ڈالر تک لانے کیلئے پیداوار و کوالٹی میں اضافہ ناگزیر ہے، افتخار علی سہو

لاہور (صابر غوری) چاول کی برآمدات کا حجم 5 ارب ڈالر تک لانے کیلئے پیداوار و کوالٹی میں اضافہ ناگزیر ہے۔ رواں برس صوبہ پنجاب میں دھان کی کاشت کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا جس کے برعکس اب تک 58 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ دھان کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے چاول کی فصل کی مینجمنٹ کے سلسلہ میں قائم صوبائی کمیٹی کے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ یورو فین لیبارٹری کا قیام چاول کی ایکسپورٹ کے حجم میں اضافہ کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ دھان پر ممنوعہ زرعی زہروں کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان دھان کی مشینی کاشت و برداشت کیلئے عملی کردار ادا کرے۔ کاشتکاروں/سروس پرووائیڈرز کو ہائی ٹیک زرعی مشینری کیلئے بلا سود قرض فراہم کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ دھان کی فصل کی بہتر نگہداشت بارے کاشتکاروں کو راہنمائی فراہم کی جائے۔ دھان کی فصل پر زرعی زہروں کا محفوظ استعمال یقینی بنایا جائے۔ دھان کے غیر مرکزی علاقوں میں بھی کاشتکاروں کو فنی راہنمائی فراہم کی جائے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، عامر رسول، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت پیسٹی سائیڈز انڈسٹری کے نمائندگان و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی جبکہ چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر عبدالرحمان سمیت ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالا، حافظ آباد، گجرات نے آن لائن شرکت کی۔

انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ 6۔ برڈ وڈ روڈ (جیل روڈ) لاہور
نوٹس داخلہ برائے پیرامیڈیکل کورسز سال 2025-27

انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ لاہور (جو کہ گورنمنٹ سیکٹر میں پبلک ہیلتھ کی تعلیم کا سب سے بڑا اور پرانا ادارہ ہے) کو مندرجہ ذیل پیرامیڈیکل کورسز برائے سال 2025-27 میں داخلہ کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

الف	ایف ایس سی میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی	دوسالہ سرٹیفکیٹ کورس	الحاق شدہ	بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور
ب	ایف ایس سی ڈینٹل ہائجینسٹ	دوسالہ سرٹیفکیٹ کورس	الحاق شدہ	بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مندرجہ بالا کورسز میں داخلہ کیلئے طلباء و طالبات سے درخواستیں مجوزہ فارم پر جو کہ ادارہ ہذا کے کاؤنٹر سے مبلغ -/500 روپے دے کر حاصل کیا جا سکتا ہے مورخہ 19-08-2025 تک دفتری اوقات میں صبح 9.00 بجے کے بعد از دوپہر 2.00 بجے تک وصول کئے جائیں گے۔

شرائط داخلہ

1۔ تمام داخلے محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت حکومت پنجاب کے قوانین اور وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوں گے۔
2۔ مندرجہ بالا تمام کورسز کی بنیادی تعلیم میٹرک سائنس گروپ کے ساتھ "2nd Division" ہونا لازمی ہے۔
3۔ مزید یہ امر واضح ہے کہ جزو الف اور ب کے لئے میٹرک میں فزکس، کیمسٹری، بیالوجی میں مجموعی طور پر 45% نمبر ہونا لازمی ہیں۔
4۔ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول ہوں گی۔
5۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر سرکاری کمیٹی کرے گی۔
6۔ داخلے برائے کورسز الف، ب ماسوائے غیر ملکی سٹوڈنٹس تمام پنجاب، آزاد جموں و کشمیر کی اساس پر ہوگا۔ آزاد جموں و کشمیر کے رہائشی بھی تمام کورسز میں داخلے کے اہل ہوں گے۔
7۔ داخلے برائے کورسز الف، ب میں محکمہ تعلیم کے رولز کے مطابق میٹرک پاس سائنس کے ساتھ طلباء و طالبات کیلئے پانچ سال تک داخلے کیلئے اہل ہوں گے۔
8۔ تمام کورسز کیلئے فیس اور سیٹوں کی تفصیل داخلہ فارم کے ساتھ منسلک ہے۔
9۔ تمام کورسز میں معذور طلباء و طالبات کا 2% کوٹہ ہوگا۔
10۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (HSSC) میں پہلے سے رجسٹرڈ شدہ یا پاس شدہ الف، ب کورسز کیلئے اہل نہیں ہوں گے۔
11۔ داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل تصدیق شدہ نقول منسلک کریں۔
(i) چھ عدد حالیہ پاسپورٹ سائز فوٹو
(ii) ایک عدد میٹرک سرٹیفکیٹ
(iii) حافظ قرآن سرٹیفکیٹ ایک عدد
(iv) ڈومیسائل ایک عدد
(v) شناختی کارڈ/ب فارم کی ایک عدد کاپی
12۔ NOC / مائیگریشن سرٹیفکیٹ برائے کورسز الف، ب امیدواروں کیلئے جنہوں نے لاہور بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہو۔
13۔ انٹرویوز کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔
(i) برائے کورسز الف، ب 25-08-2025
(ii) انٹرویو کیلئے کوئی علیحدہ کال نہیں بھیجی جائے گی اور نہ کوئی سفر خرچ دیا جائے گا۔
(iii) مقررہ تاریخ پر حاضر نہ ہونے کی صورت میں امیدوار کو داخلے کیلئے نااہل سمجھا جائے گا۔
(iv) تمام امیدواروں کو انٹرویو کے دن کامیابی کی صورت میں داخلہ فیس اور اصل کاغذات جمع کرانے ہوں گے۔

(ڈین)
انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ 6۔ برڈ وڈ روڈ (جیل روڈ) لاہور
042-99203933, 042-99200708
IPL:3873

ملک میں مسلم اور غیر مسلم سب پاکستانی ہیں سردار محمد یوسف

حکومت کی پہلی ترجیح ملک میں امن قائم کرنا ہے، حکومت اور مسلح افواج ملک میں قیام امن کی کوشش کر رہی ہیں: وفاقی وزیر مذہبی امور

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ ملک میں مسلم اور غیر مسلم سب پاکستانی ہیں گوجرانوالہ میں جامعہ قاسمیہ قاسم ٹاؤن میں بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس، فتح مبین، سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے سابق وفاقی وزیر انجینئر خرم دستگیر خان، مولانا حامد گلزار قاسمی، محمود احمد قاسمی، سابق ایم پی اے حاجی عبدالروف مغل، ساجد محمود قاسمی اور جواد احمد قاسمی نے بھی خطاب کیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت ﷺ پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو سکتا، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ حکومت کی پہلی ترجیح ملک میں امن قائم کرنا ہے، حکومت اور مسلح افواج ملک میں قیام امن کی کوشش کر رہی ہیں۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ ملک میں سازش کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذہب کی آڑ میں انتشار کی اجازت نہیں دی جائے گی، مذہبی فسادات کرنے کی کوشش کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ تقریب کے بعد وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ادارہ کے زیر اہتمام چلنے والے برن یونٹ ہسپتال کا دورہ کیا اور مختلف شعبوں کا جائزہ لیا انہوں نے برن یونٹ ہسپتال کو اہل علاقہ کے لیے نعمت قرار دیا اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے علامہ جواد قاسمی نے بتایا کہ یہاں پر سہولت مفت ہے کوئی فیس، نہ آپریشن تھیٹر، نہ ہی کسی قسم کی فیس ہے ہر آنیوالے کو مفت سہولت میسر ہے اس موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور نے خصوصی دعا کروائی۔

پی ٹی آئی کو ختم کرنے کی سازش کامیاب نہیں ہوگی: شہباز احمد کڑھائی والے

عوام پہلے سے بڑھ کر اٹھ کھڑی ہوگی لیڈرشپ کو سزائیں دینا سوچی سمجھی سازش ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پی ٹی آئی کو ختم کرنے کی سازش کامیاب نہیں ہوگی عوام پہلے سے بڑھ کر اٹھ کھڑی ہوگی لیڈرشپ کو سزائیں دینا سوچی سمجھی سازش ہے عوام سزاؤں کو مسترد کرتی ہے من پسند افراد کے من پسند فیصلوں کو کسی صورت نہیں مانے گی 5 اگست کا احتجاج فیصلہ کن ہوگا ان خیالات کا اظہار پی ٹی آئی رہنما شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نگ مزید کہا کہ عمران خان عالمی لیڈر ہیں ان کی برداشت اور صبر عالمی دنیا دیکھ رہی ہے 108 افراد کو سیاست کی نذر کر دیا گیا ہے یہ جمہوریت کے نام پر دھبہ ہے جو کچھ آج کیا جا رہا ہے کل کو وہی کچھ موجودہ حکمرانوں کے ساتھ ہوگا غلط روایات کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی اب فیصلہ عوام کی عدالت میں ہوگا۔

جہلم میں چینی کی قلت سرکاری نرخنامے پر چینی نہ ملنے سے شہری مجبور

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میں چینی کی قلت سرکاری نرخنامے پر چینی نہ ملنے سے شہری مجبورا بلیک میں 2 سو سے 2 سو 10 روپے فی کلو چینی خریدنے پر مجبور اندرون شہر میں اکثر دکانوں پر چینی دستیاب ہی نہیں جس کی وجہ سے شہر میں چینی کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ دکانداروں نے 173 روپے فی کلو چینی دستیابی کے پوسٹر آویزاں کر رکھے ہیں لیکن چینی ان کے پاس دستیاب نہیں۔ بعض دکاندار چوری چھپے 2 سو سے 210 روپے فی کلو کے حساب سے چینی فروخت کر رہے ہیں۔ بعض دکانداروں کا کہنا ہے چینی مہنگے داموں پر مل رہی ہے کیونکہ سرکاری ریٹ کے مطابق چینی انہیں نہیں مل رہی جس کے وجہ سے چینی کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ ڈیلرز دکانداروں کو سرکاری ریٹ کے مطابق چینی نہیں دے رہے۔

آزادی فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس عالم اسلام فلسطین اور مسلم امہ کی ترجمان ہے

اسرائیل کا غزہ پر قبضہ کا خواب چکنا چور کرنے کیلئے برسر پیکار ہیں: رانا محمد اکرم

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران کرامت مارکیٹ ریلوے روڈ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ آزادی فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس عالم اسلام فلسطین اور مسلم امہ کی ترجمان ہے جس کے مجاہدین محدود وسائل کے باوجود ڈٹے ہوئے ہیں اور اسرائیل کا غزہ پر قبضہ کا خواب چکنا چور کرنے کیلئے برسر پیکار ہیں، تمام مسلم ممالک کو بھی فلسطینی مجاہدین کی پشت پر کھڑا ہونا اور مظلوم فلسطینیوں کی عملی امداد کیلئے فوری نوعیت کے اقدامات اٹھانے چاہئیں، اسرائیل فلسطین میں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے لیکن عالمی برادری کی خاموشی اور امریکی و برطانوی مدد وحمایت کی وجہ سے اسرائیل عالمی دہشت گرد بن چکا ہے اگر عالمی برادری مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دیتی تو آج فلسطین کے نہتے مسلمان اسرائیل کی کھلی جارحیت کا نشانہ بننے سے محفوظ رہتے، اسرائیل نے ثابت کیا کہ وہ نہ صرف فلسطینی عوام کی زمین پر غاصبانہ قابض ہے بلکہ مظلوم فلسطینیوں کی نسل کشی میں بھی ملوث ہے، امریکا و اسرائیل کا گٹھ جوڑ اور فلسطین کے مسلمانوں پر جاری بمباری و نسل کشی پر خاموشی اختیار کرنا اخلاقی جرم ہے پوری امت مسلمہ اپنے مظلوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہو کر انکی بھرپور عملی امداد یقینی بنائے۔

کوٹ رادھاکشن میں باقاعدہ فاسٹ فوڈ (Food Studio) کی گرینڈ اوپننگ

صاحبزادہ سلطان بھاول حق ایوبی نے اپنے دست مبارک سے دکان کا افتتاح کیا

کوٹ رادھاکشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) کوٹ رادھاکشن میں باقاعدہ فاسٹ فوڈ (Food Studio) کی گرینڈ اوپننگ ہوئی جس میں امیدوار ایم پی اے (انشاء اللہ) چوہدری محمد علی، صاحبزادہ سلطان بھاول حق ایوبی (آستانہ عالیہ ایوبیہ کوٹ رادھاکشن) اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ صاحبزادہ سلطان بھاول حق ایوبی نے اپنے دست مبارک سے دکان کا افتتاح کیا اور فاسٹ فوڈ (Food Studio) کے اور طلحہ ایوبی کے کاروبار میں برکت کے لیے دعائیں خیر کی۔

جہلم سمیت ملک بھر میں یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کا آپریشن مکمل طور پر بند کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت ملک بھر میں یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کا آپریشن مکمل طور پر بند کر دیا گیا۔ یوٹیلٹی سٹورز کے متعلقہ ذمہ داران نے بھی آپریشن بند کرنے کے احکامات کی توثیق کرتے ہوئے ادارے کی تمام سرگرمیاں معطل کر دی ہیں۔ جہلم سمیت ملک بھر کے تمام سٹورز پر اشیا کی خرید و فروخت کا عمل مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے اور ادارے کے تمام سٹورز سے اشیائے خورونوش اور دیگر سامان ویئر ہاؤسز کو منتقل کر دیا گیا ہے۔ یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کا ای آر پی سسٹم بھی مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے،

ملک کے معروف ادیب، نقاد، ماہر تعلیم اور نعت گو شاعر عبدالغنی تائب

کا گہرہائے مودت کے نام سے ساتواں نعتیہ مجموعہ شائع ہوگیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ملک کے معروف ادیب، نقاد، ماہر تعلیم اور نعت گو شاعر عبدالغنی تائب کا گہرہائے مودت کے نام سے ساتواں نعتیہ مجموعہ شائع ہوگیا۔ قبل ازیں انکے 6 مجموعہ نعت شائع ہونے کے بعد شہرت بام حاصل کر چکے ہیں۔ عبدالغنی تائب نے اپنے اس نعتیہ مجموعہ (گہرہائے مودت) کو کاروان نعت کے سالار اول حضرت سیدنا حسان بن ثابت ؓ کی مصطفائی فکر کے چشمہ فیض کے نام کیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ عبدالغنی تائب گذشتہ نصف صدی سے کریم نبی رحمت ﷺ کی مدحت گوئی کے عمل میں مصروف چلے آرہے ہیں اور نعت نگاری انکی زندگی کا اوڑھنا بچھونا بن چکا ہے۔ انکی نعتیہ شاعری فکری اور موضوعاتی انہماک کے ساتھ ساتھ فنی اور شعری محاسن سے بھی لبریز ہے۔

تحمل بردباری و درگزر اختیار کرنے سے معاشرہ میں سدھار آتا ہے۔ رانا کاشف محمود

عدم برداشت و منفی رویوں سے معاشرے میں مسائل اور افراتفری پھیلتی ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاشرے میں منفی رویوں کے تدارک اور تحمل و برداشت سے جہاں سدھار آتا ہے وہیں تحمل و بردباری سے باہمی رشتے مضبوط ہوتے ہیں۔ فی زمانہ رشتوں کی مضبوطی کیلئے اچھا حسن سلوک اور مثبت طرز زندگی اپنائیں۔ ان باتوں کا اظہار انجنیئر رانا کاشف محمود نے جرنلسٹس کے ساتھ ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ رشتوں کی بنیاد محبت خلوص اور میل جول پر ہونی چاہیے کہ ایسا سازگار ماحول پیدا کریں جہاں ہر فرد خود کو اہم، محفوظ اور قابل احترام محسوس کرے اتحاد گروپ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ ہم سب مل کر ایک ایسا معاشرہ قائم کریں جہاں دلوں میں نفرت نہیں بلکہ محبت اور قربت ہو۔

یوم آزادی اور معرکہ حق ملی جوش و جذبہ سے منایا جائیگا: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

تمام سرکاری و نجی عمارتوں کو خوبصورت رنگ برنگی لائٹوں، برقی قمقموں، قومی پرچموں سے سجایا جائیگا۔ تعلیمی اداروں میں یوم آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں تقریری اور ملی نغموں کے مقابلہ جات منعقد کروائے جائینگے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی، معرکہ حق کی کامیابی اور یوم استحصال کشمیر کو بھر پور ملی جوش و جذبے اور شایان شان طریقے سے منایا جائیگا۔ حکومت پنجاب کی ہدایات پر یوم آزادی اور معرکہ حق کی چودہ روزہ تقریبات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تمام سرکاری و نجی عمارتوں کو خوبصورت رنگ برنگی لائٹوں، برقی قمقموں، قومی پرچموں سے سجایا جائیگا۔ تعلیمی اداروں میں یوم آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں تقریری او رملی نغموں کے مقابلہ جات منعقد کروائے جائینگے۔ آزادی کسی بھی قوم کے لیے اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے اور بحیثیت پاکستانی ہمیں اپنے وطن عزیز کا یوم آزادی اور معرکہ حق کو بھر پور ملی جوش و جذبے اور شایان شان طریقے سے منانا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی، معرکہ حق کی کامیابی اور یوم استحصال کشمیر کی تقریبات کے انعقاد کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو 1122 محکمہ صحت، تعلیم، میونسپل کمیٹیوں، زراعت، لائیو سٹاک، پولیس اور دیگر تمام ضلعی محکموں کے افسران اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت ہدایات کے مطابق اس سال وطن عزیز کے یوم آزادی کو ماضی کی نسبت بھر پور اور جوش وخروش سے منایا جائیگا اور بالخصوص بھارت سے جنگ کی کامیابی پر معرکہ حق کے حوالے سے بھی خصوصی تقریبات منعقد کی جائینگے۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان کی حفاظت اور دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے پر پوری قوم کو اپنی افواج پاکستان پر فخر ہے، کیونکہ تمام افواج پاکستان نے اپنی پیشہ و ارانہ صلاحیتوں، قابلیت اور جرات و بہادری کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن بھارت کو عبرتناک شکست دی۔ انکا کہنا تھا کہ 14 روزہ تقریبات میں ضلع اور تحصیل کی سطح پر مختلف پروگرام اور تقریبات کا انعقاد کیا جائیگا۔ سکولوں او رکالجوں میں ملی نغموں اور تقریروں کے خصوصی پروگرام منعقد کیے جائینگے۔ تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں اور قومی پرچم لہرائے جائینگے۔ معرکہ حق کی کامیابی اور جشن آزادی کے سلسلہ میں ریلیاں نکالی جائینگی۔ کھیلوں کے مختلف مقابلوں کا انعقاد کیا جائیگا اور وزیراعلیٰ کے سرسبز گرین پنجاب ویژن کے تحت شجر کاری کی جائیگی۔ انکا کہنا تھا کہ 05 اگست تک یوم استحصال کشمیر کی تقریبات بھی منعقد کی جائینگی، جن میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور انکی آزادی کی جدو جہد پر انکی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین پیش کیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ یوم استحصال کشمیر، جشن آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے حوالے سے تمام شہری، بچے، نوجوان، بوڑھے اور بالخصوص وکلاء، انجمن تاجران، علمائے کرام، میڈیا کے نمائندے اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد تقریبات کا انعقاد کریں اوران میں بھر پور شرکت کر کے پاکستان سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے دنیا کو یہ پیغام دیں کہ پاکستانی قوم متحد اور محبت وطن ہے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو 14 روزہ تقریبات کو شایان شان اور ملی جوش و جذبے سے منانے کی ہدایات جاری کیں۔

اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں آئے ہوئے لوگوں سے ان کے مسائل سننے کا سلسلہ جاری

دفتر میں آنے والے لوگوں کے مسائل سے آگاہی حاصل کی اور مسائل کے فوری حل کے لئے متعلقہ انتظامی شعبوں کے افسران کو احکامات جاری کئے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) پنجاب حکومت کی گڈ گورننس اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں آئے ہوئے لوگوں سے ان کے مسائل سننے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے دفتر میں آنے والے لوگوں کے مسائل سے آگاہی حاصل کی اور مسائل کے فوری حل کے لئے متعلقہ انتظامی شعبوں کے افسران کو احکامات جاری کئے۔ انہوں نے تمام افسران کو اس امر کی تاکید کی کہ عوام کو تیز رفتار اور میرٹ کی بنیاد پر ریلیف کی فراہمی کو کارکردگی کا معیار بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ دیگر سرکاری محکموں کے سربراہان کو احکامات جاری کیے کہ وہ بھی اپنے دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی مسائل سن کر ترجیحی بنیادوں پر ان کا ازالہ یقینی بنائیں

ریڈر محمد نعیم کی دیانتدارانہ خدمات سے DSP سمندری کا دفتر عوام کیلئے آسان بن گیا

وہ سائلین کے مسائل کو نہ صرف سمجھتے ہیں بلکہ ان کا موثر حل نکالنے میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرتے ہیں

M.NAEEM
READER

سمندری (تحصیل رپورٹ) ریڈر محمد نعیم کی دیانتدارانہ خدمات سے DSP سمندری کا دفتر عوام کیلئے آسان بن گیا، آنیوالے سائلین خوش اور مطمئن نظر آتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس کے انتہائی فرض شناس ذمہ دار اور نہایت ایماندار "ریڈر محمد نعیم کی دیانتدارانہ خدمات سے دفتر DSP سمندری عوام کیلئے آسان بن چکا ہے، آنیوالے سائلین کو جن مشکلات کا سامنا تھا، ان کا بڑی حد تک خاتمہ ہوا ہے، وہ ہر فرد سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور ان کی بات کو توجہ اور تحمل سے سنتے ہیں محمد نعیم ریڈر سائلین کے مسائل کو نہ صرف سمجھتے ہیں بلکہ ان کا موثر حل نکالنے میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرتے ہیں، ان کا لہجہ نرم، مزاج پرسکون اور رویہ خوش اخلاق ہے، جس سے عوام خود کو باوقار اور باعزت محسوس کرتے ہیں، دفتر میں آنے والے ہر فرد کو وہ رہنمائی، معلومات اور تعاون فراہم کرتے ہیں جو ایک مثالی ریڈر کا خاصہ ہے، انہوں نے دفتر کے اندر ایک ایسا ماحول تشکیل دیا ہے جہاں انصاف، شفافیت اور عزت نفس کو فوقیت دی جاتی ہے، ان کی محنت اور خلوص کی وجہ ہے ڈی ایس پی آفس میں کام کا معیار بہتر ہوا ہے، محمد نعیم نہ صرف افسران بالا کے اعتماد پر پورا اترتے ہیں بلکہ عوامی حلقوں میں بھی نیک نامی رکھتے ہیں، وہ اپنے افسران کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے تمام انتظامی امور خوش اسلوبی سے چلاتے ہیں، ان کا ریکارڈ مرتب کرنے کا طریقہ، فائلوں کی ترتیب، اور سائلین کی درخواستوں کو جلدی نمٹانے کا انداز قابل تعریف ہے، سمندری کے عوام ان کی موجودگی کو ایک نعمت سمجھتے ہیں، کیونکہ ان کے ذریعے دفتر کے دروازے ہر ایک کے لیے کھلے ہیں، ہر آنے والا شخص مطمئن ہو کر واپس جاتا ہے، اور یہی عوامی خدمت کا اصل معیار ہے، وہ اکثر خود فیلڈ اور دفتر کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں اور عوام و پولیس کے تعلقات بہتر بنانے میں سرگرم ہیں، ان کی سچائی، شفافیت اور اصول پسندی ہر سطح پر نظر آتی ہے، وہ کبھی کسی سفارش یا دباؤ کے تحت کام نہیں کرتے، بلکہ انصاف اور میرٹ کو ترجیح دیتے ہیں، دفتر میں ان کی موجودگی کا مطلب ہے کہ کام بروقت ہوگا، اور سائل کو خواری نہیں اٹھانی پڑے گی، ان کا انداز گفتگو، طریقہ کار اور عوامی خدمت کا جذبہ انہیں دوسروں سے ممتاز کرتا ہے۔

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کیلئے شجرکاری کیجیئے۔ علی رضا ذوالفقار

درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔ رشید بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) برسات کا سیزن جاری ہے بزرگوں کا کہنا ہے کہ ساون اتنا زرخیز ہوتا ہے کہ اگر سوکھی لکڑی بھی زمین میں گاڑ دی جائے تو وہ سبز ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مہینہ پودے اور درخت لگانے کے لیے سب سے موزوں وقت سمجھا جاتا ہے۔ آئیے اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور درخت لگانے کی تیاری کریں تاکہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت پر قابو پایا جا سکے اور ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ ان باتوں کا اظہار سماجی شخصیات علی رضا ذوالفقار اور محمد رشید بٹ نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک میں شامل ہے۔ درختوں میں نیم ایک خاص درخت ہے جو 55 ڈگری تک گرمی اور 10 ڈگری تک سردی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایک 12 فٹ اونچا درخت اتنی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے جتنے تین ایئر کنڈیشنر مل کر کرتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیم کا درخت رات کے وقت بھی آکسیجن خارج کرتا ہے۔ درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔

حکومت کی بڑھتی عوامی مقبولیت اور مسائل کے حل کی رفتار دیکھ کر پی ٹی آئی قائدین بوکھلاہٹ کا شکار ہیں

ان کی احتجاج کی سیاست عوام کی خیر خواہی کیلئے نہیں بلکہ اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے ہے: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ حکومت کی بڑھتی عوامی مقبولیت اور مسائل کے حل کی رفتار دیکھ کر پی ٹی آئی قائدین بوکھلاہٹ کا شکار ہیں ان کی احتجاج کی سیاست عوام کی خیر خواہی کیلئے نہیں بلکہ اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے ہے یہ حکومت کی معاشی اصلاحات کو سبوتاژ کر کے ملکی معاشی بحران کو تقویت دینا چاہتے ہیں تاکہ حکومت کو ناکام قرار دے کر اپنی سیاست چمکا سکیں مگر ان کی یہ سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی حکومت عوام سے کیے گئے تمام وعدوں کو عملی جامہ پہنا کر دم لے گی، نواز لیگ کا ماضی کھلی کتاب کی طرح قوم کے سامنے ہے جس میں عوامی خدمت نمایاں ہے ملک کے تمام میگا پراجیکٹس پر نواز لیگ کی مہر ہے پاکستان نے ہمیشہ نواز لیگ کے دور اقتدار میں ہی ترقی کی عوام کو مثالی ریلیف ہمیشہ لیگی قیادت نے فراہم کیا اور اب بھی ان شاء اللہ عوام خدمت کی اس روایت کو آگے بڑھایا جائے گا، پاکستان کو تختہ مشق بنانے کی کوشش کرنے والوں کو منہ کی کھانا پڑے گی ملک کے باشعور عوام نے پی ٹی آئی کی احتجاج کی کال کو مسترد کر دیا ہے پانچ اگست کو پی ٹی آئی کے احتجاج میں عوام شریک نہیں ہوگی گنتی کے چند نام نہاد سیاسی رہنما و کارکنان مظاہروں میں نظر آئیں گے، پاکستان کی باشعور عوام نے ہمیشہ حکومت کے ہاتھ مضبوط کئے اور حکومت بھی عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی خاطر دن رات کام کر رہی ہے جو ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کی نوید ہے، (ن) لیگ کی قیادت نے کسی غیر جمہوری عمل کی کبھی حمایت نہیں کی بلکہ جمہوری اقدار کے فروغ اور سیاسی تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا ہے اور آج بھی پارٹی قیادت کے دروازے تمام سیاسی جماعتوں کیلئے کھلے ہیں بات چیت کے ذریعے مسائل کا حل نکالنے کی بجائے احتجاج کے نام پر توڑ پھوڑ اور انتشار کو ہوا دینے والے ملک وقوم کے خیر خواہ نہیں جو بھی قانون ہاتھ میں لے گا اسے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، 9 مئی کے مقدمات میں ملوث بلوائیوں کو سزائیں سنا کر قانون کی بالادستی واضح کی گئی ہے ان فیصلوں میں تاخیر عوام کیلئے باعث تشویش بنی ہوئی تھی مگر دیر آید درست آید کی مثل قوم نے ان فیصلوں کا خیر مقدم کیا ہے اب سیاسی احتجاجی مظاہروں کے نام پر کوئی بھی قانون ہاتھ میں لینے کی جرات نہیں کر سکے گا۔

رائیونڈ: بابا پیلو شاہ کے سالانہ عرس کی تقریب، انٹرنیشنل کبڈی میچ نے میلے کی رونق بڑھا دی

کبڈی پاکستان کا ثقافتی کھیل ہے، حکومت کو فروغ دینا چاہیے: اختر خان پٹھان

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ کے علاقہ بابلیانہ میں بابا پیلو شاہ کے سالانہ عرس مبارک و میلہ کی تقریب کا پہلا روز جوش و خروش سے منایا گیا۔ تقریب کی خاص بات انٹرنیشنل کبڈی میچ تھا، جو پاکستان آرمی نارووال اور پاکستان واپڈا ضلع اوکاڑہ کی ٹیموں کے مابین کھیلا گیا۔ یہ میچ ملک محمد امین جنرل کونسلر، ملک راحیل شوکت ایڈووکیٹ، اور ملک حسن ریاض کی زیر سرپرستی منعقد ہوا۔ تماش دار کبڈی میچ میں انٹرنیشنل کھلاڑیوں اختر خان پٹھان، عبد الرحمان عرف رحمان بجلی، خالد بھٹی، اور مقصود خان پٹھان سمیت دیگر نامور کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ میچ کے دوران دونوں ٹیموں کے مابین سخت پنجہ آزمائی ہوئی، اور شائقین نے تھپڑوں اور جوابی وار کی سنسنی خیز جھلکیاں خوب انجوائے کیں۔ شائقین کی بڑی تعداد نے کبڈی میچ سے بھرپور لطف اٹھایا، اور جیتنے والی ٹیم کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا۔ تقریب میں مہمانان خصوصی میں شہزاد نذیر سندھو (چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی)، رانا بختیار، اشرف بھٹہ (سی ای او غنی شنواری لاہور)، سردار سلمان شوکت ڈوگر، ملک حسن (یو کے ڈویلپرز)، میاں ارشد جاوید، مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری ملک حاجی بادشاہ، اور ملک فیاض شامل تھے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل کھلاڑی اختر خان پٹھان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "کبڈی پاکستان کا ایک قدیم اور ثقافتی کھیل ہے، جسے حکومت کو بھرپور فروغ دینا چاہیے تاکہ نوجوان نسل اس سے جڑ سکے۔

ڈی پی او فیصل شہزاد نے انچارج پٹرولنگ کھمبرانوالہ Si عمران بشیر کو کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا

آرزو ذوالفقار ورک اور ڈی۔ او پٹرولنگ ملک عطاء اللہ کی جانب سے شاباش دی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ریجنل آفیسر گوجرانولہ پٹرولنگ ذوالفقار علی ورک کی زیر قیادت و ڈسٹرکٹ انچارج پٹرولنگ سیالکوٹ ڈی ایس پی ملک عطاء اللہ کی زیر سربراہی انچارج پٹرولنگ پولیس کھمبرانوالہ سب انسپکٹر عمران بشیر نے ٹیم کے ہمراہ گزشتہ ماہ کے دوران دوران ڈیوٹی کامیاب کاروائیوں کے دوران 9 چوری شدہ موٹر سائیکل، 1 عدد کار، بھاری مقدار میں منشیات برآمدگی، دو اشتہاری مجرم اے اور بی کیٹیگری گرفتار کرنے کے ساتھ قانون شکن عناصر کو کیخلاف مقدمات درج کرا کے پابند سلاسل کرایا جس پر حکام بالا کیجانب سے زبردست الفاظ میں کارکردگی کو سراہا گیا دوسری جانب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے سب انسپکٹر عمران بشیر کو بہترین کارکردگی پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا دوسری جانب عمائدین شہر کیجانب سے کھمبرانوالہ پٹرولنگ پولیس کی بہترین کارکردگی کو سراہا جا رہا ہے۔

محکمہ سول ڈیفنس کے چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے مختلف صنعتی یونٹس میں ورکرز کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں

شرقپور شریف (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، اے ڈی سی جنرل نعمان ڈوگر اور ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شیخوپورہ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے مختلف صنعتی یونٹس میں ورکرز کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں اور ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کی تربیت دی اس موقع پر فیکٹریز کے انتظامی افسران بھی موجود تھے جنہوں نے محکمہ سول ڈیفنس کی اقدام کو سراہا اور اسکی افادیت و اہمیت تسلیم کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ صنعتی یونٹس کے ورکرز کو سیفٹی اقدامات سے آگاہ کرنے کا مقصد انہیں ہنگامی حالات میں اپنی اور دیگر افراد کی جانوں کے تحفظ کیلئے سودمند کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے محکمہ سول ڈیفنس کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ شہری دفاع کی تربیت کیلئے ذہن سازی اور عملی مشقوں کے حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں زمانہ امن و جنگ میں سول ڈیفنس کا کردار نمایاں اور نا قابل فراموش رہا ہے ان شاء اللہ آئندہ بھی اس کاز کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، علاوہ ازیں شہری دفاع کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے چوہدری محمد حنیف ورک کی قیادت میں آگاہی ریلی بھی نکالی گئی جس میں صنعتی ورکرز نے شرکت کی۔

خالد روڈ نزد احمد ہسپتال الحرمین ڈینٹل کیئر میں بروز اتوار مورخہ 3 اگست کو فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) خالد روڈ نزد احمد ہسپتال الحرمین ڈینٹل کیئر میں بروز اتوار مورخہ 3 اگست کو فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا جس میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم صبح 9 تا 1 بجے دوپہر تک مریضوں کے مفت چیک کریں گی اور مریضوں کو ادویات بھی مفت فراہم کی جائیں گی، میڈیکل کیمپ کی نگرانی چیف ایگزیکٹو رانا محمد اکرم کریں گے جبکہ آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی میڈیکل کیمپ کے انتظامات کرے گی۔

رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض پڑھی لکھی شخصیت اور پی پی 136 کا اثاثہ ہیں

پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی رکن خالد نثار ڈوگر کی جانب سے لیگی رکن حسان ریاض پر بزدلانہ حملہ افسوسناک ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض پڑھی لکھی شخصیت اور پی پی 136 کا اثاثہ ہیں پنجاب اسمبلی میں ان پر حملہ قابل مذمت ہے اسمبلی میں قانون بنائے جاتے ہیں نا کہ قوانین کی دھجیاں اڑائی جائیں پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی رکن خالد نثار ڈوگر کی جانب سے لیگی رکن حسان ریاض پر بزدلانہ حملہ افسوسناک ہے ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران نارنگ کے صدر حاجی ارشد محمود باجوہ نے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد ارشد زرگر چیئرمین منظور احمد گجر سینئر نائب صدر حاجی اشرف چیمہ اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ظہیر ارشد مغل کے ہمراہ سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ تمام جماعتوں کو جھگڑا کرنے کی بجائے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے آئے روز ایوان مچھلی منڈی کا منظر پیش کر رہا ہوتا ہے اراکین اسمبلی کو نوجوانوں کیلئے رول ماڈل ہونا چاہیے حسان ریاض مذہبی ذوق رکھنے والے انسان ہیں پنجاب اسمبلی میں ان پر حملہ آور ہونا انتہائی گھٹیا فعل ہے جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔

ملاوٹ اور جعلسازی کرنے والوں کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بھرپور آپریشن جاری

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سٹی اور گردونواح میں کریک ڈاؤن کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملاوٹ اور جعلسازی کرنے والوں کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سٹی اور گردونواح میں کریک ڈاؤن کیا اور اشیائے ضروریہ کے معیار کو جانچنے کے لئے فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 89 انسپکشنز کیں۔ قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر 50 ہزار کے جرمانے عائد کئے گئے۔ دوران معائنہ کریانہ سٹور سے 2 کلو ممنوع چائنا سالٹ برآمد کر کے تلف کیا گیا، فوڈ پوائنٹس کے خلاف صفائی کے ناقص انتظامات، ملازمین کے میڈیکلز کی عدم دستیابی پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔

محمد آصف علی واپڈا ملازم کی بیٹی شہزادی مہر النساء نے میٹرک کلاس میں 1132 نمبر لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محمد آصف علی واپڈا ملازم کی بیٹی شہزادی مہر النساء نے میٹرک کلاس میں 1132 نمبر لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے A پلس فیصد نمبر لے کر اپنے اساتذہ، ادارے اور والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا اساتذہ اور رشتے داروں کے ساتھ ساتھ سیاسی سماجی شخصیات کی جانب سے بھی مبارکباد کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق معروف واپڈا ملازم آصف علی کی دختر نیک شہزادی مہر النساء نے ساہیوال بورڈ سے دسویں جماعت میں 94 فیصد سے زیادہ نمبر لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی ایمپلائز واپڈا میاں طارق بشیر رانا عرفان علی مسعود ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل اوکاڑہ۔ SDO رورل سب ڈویژن اوکاڑہ نیم الحسن۔ یونین لیڈر سردار محمود ڈوگر۔ ملک طاہر حسین سرکل چیئرمین اوکاڑہ چوہدری شاہد محمد اشرف اور اساتذہ، ہم جماعت اور رشتے داروں کی طرف سے مبارکبادوں کا تانتا بندھ گیا اساتذہ اور رشتے داروں نے شہزادی مہر النساء کو ڈھیروں دعاؤں سے نوازا اس موقع پر شہزادی مہر النساء کا کہنا تھا کہ میری اس کامیابی کا سہرا میرے بہترین اساتذہ اور میرے والدین کے سر ہے جن کی سخت محنت، خصوصی توجہ، اور بہترین کاوشوں اور مثالی تربیت کی بدولت اللہ تعالی نے مجھے اس شاندار کامیابی سے ہمکنار کیا میں اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ کے بعد اپنے اساتذہ کرام اور اپنے والدین کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں اتنا ہی کم ہے دسویں جماعت میں یہ شاندار کامیابی اللہ تعالی کی طرف سے میرے لیے خصوصی انعام اور بہترین نعمت ہے اور سرور کونین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفی ﷺ کی خاص رحمت اور عنایت ہے

سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی نااہلی، شہر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر

گھروں میں کوڑا کرکٹ جمع ہونے سے شہری پریشان "ستھرا پنجاب" کے دعوے بھی گندگی تلے دب گئے

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی نااہلی، شہر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، گھروں میں کوڑا کرکٹ جمع ہونے سے شہری پریشان "ستھرا پنجاب" کے دعوے بھی گندگی تلے دب گئے، بلدیہ احمد آباد کی غفلت اور نااہلی تھانہ روڈ، اور نونار روڈ کے مین نالوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے سیوریج لائن بالکل بند پڑی ہے اور سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ناقص کارکردگی نے قلعہ احمد آباد کے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ جس کے نتیجے میں شہر بھر میں خصوصاً محلہ غوثیہ نگر، محلہ حاجی پورہ، محلہ پیٹرول پمپ اور محلہ بلو، منڈی روڈ محلہ عمر کالونی، تھانہ روڈ نونار روڈ سمیت کئی اہم علاقوں میں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگ چکے ہیں۔ تعفن، بدبو، مکھیوں اور مچھروں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ شہری مایوسی کا شکار ہو کر سوشل میڈیا اور گلی محلوں میں سوال اٹھا رہے ہیں کہ "ستھرا پنجاب" کے دعوے کہاں گئے؟ گندگی اور بیماریوں سے کب نجات دلائی جائے گی؟ اسکولوں، مساجد اور اسپتالوں کے باہر گندگی کے انبار انتظامیہ کی غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ضلعی انتظامیہ مکمل خاموش ہے جبکہ منتخب نمائندے منظر سے غائب ہیں۔ عوام کا مطالبہ ہے کہ فوری طور پر صفائی کا عمل بحال کیا جائے، اور صوبائی حکومت کا ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سسٹم بری طرح ناکام ہو گیا ہے اور اس آڑ میں کرپشن مزید بڑھ گئی ہے یہ سسٹم ختم کیا جائے بصورت دیگر عوامی احتجاج کا سامنا کرنے کے لئے حکومت کو تیار رہنا چاہیے

ضلع ننکانہ صاحب میں۔ جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز کر دیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع ننکانہ صاحب میں۔ جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو و دیگر ضلعی افسران نے پرچم کشائی کر کے جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، ضلعی افسران و ملازمین نے سبز اور سفید رنگ کے لباس زیب تن کر رکھے تھے۔ تقریب کے دوران ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جشن آزادی کی افتتاحی تقریب میں شہریوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جشن آزادی تقریبات کو حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق قومی جوش و جذبے سے منایا جائے گا۔ جشن آزادی کی تقریبات آج سے 14 اگست تک بھرپور طریقے سے منائی جائیں گی۔ جشن آزادی تقریبات ** حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک ** جشن آزادی اور معرکہ حق ** کے عنوان سے منعقد ہوں گی۔ معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔



روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

’آپریشن سندور‘

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے لوک سبھا میں پاکستان کے ساتھ مئی کے دوران ہونے والی جنگ پر بحث سمیٹتے ہوئے ایک سو منٹ طویل تقریر کی۔ لیکن وہ جنگ میں ہونے والے نقصانات اور جنگ بندی کے حوالے سے صدر ٹرمپ کے دعوو?ں کے بارے میں سوالوں کا جواب نہیں دے سکے۔ نریندر مودی نے دعویٰ کیا کہ ’آپریشن سندور‘ کے دوران بھارت نے پاکستان کی فوجی طاقت کو نیست و نابود کر دیا لیکن کانگرس کے لیڈر راہول گاندھی کے بار بار ٹوکنے اور اصرار کرنے پر بھی وہ یہ کہنے کا حوصلہ نہیں کر سکے کہ جنگ بندی کے بارے میں امریکی صدر ٹرمپ جھوٹ بول رہے ہیں۔ اس دوران صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے پاک بھارت جنگ بند کرائی تھی۔ ائرفورس ون پر بھارت کے ساتھ ٹریڈ ڈیل میں پیش رفت نہ ہونے کے بارے میں بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ’بھارت کے ساتھ امریکہ کے اچھے تعلقات ہیں۔ مودی میرے دوست ہیں۔ انہوں نے میرے کہنے پر پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کی تھی لیکن اس نے اپنی منڈیوں کو امریکی مصنوعات کے لیے مشکل بنایا ہوا ہے۔ ڈیل نہ ہونے کی صورت میں امریکہ بھارتی مصنوعات پر 25 فیصد تک ٹیرف عائد کرے گا‘۔ سوشل میڈیا پر لوک سبھا میں بھارتی وزیراعظم کی تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک صارف نے لکھا ہے کہ ’امریکی صدر 31 بار دعویٰ کر چکے ہیں کہ انہوں نے جنگ بند کرائی تھی لیکن ہمارے پردھان منتری ایک بار بھی یہ نہیں کہہ پائے کہ امریکی صدر جھوٹ بول رہے ہیں‘۔ صدر ٹرمپ کی طرف سے تازہ ترین بیان کو اس گنتی میں شامل کر لیا جائے تو ٹرمپ 32 بار جنگ بندی کا کریڈٹ لے چکے ہیں۔ وہ بار بار دعوے سے کہتے ہیں کہ انہوں نے دونوں ملکوں کو تجارت بند کرنے کی دھمکی دی اور بھارتی حکومت کو متنبہ کیا گیا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوئی تو پاکستان، بھارت پر بہت بڑا اور خوفناک حملہ کرنے والا ہے۔ ٹرمپ کے بقول اس پس منظر میں دونوں ملک جنگ بندی پر راضی ہوئے تھے۔ پاکستان تسلیم کرتا ہے کہ اس نے امریکی درخواست پر ہی جنگ بندی پر رضامندی ظاہر کی تھی لیکن امریکی صدر کا یہ دعویٰ نریندر مودی کے حلق کا کانٹا بن چکا ہے جو نہ نکلتا ہے اور نہ ہی نگلا جا سکتا ہے۔ اس الجھن میں وہ بار بار پاکستان کے خلاف برتری کے دعوے کر کے کام چلانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن اس بات کا جواب نہیں دیتے اگر بھارت جنگ میں پاکستانی عسکری طاقت کو ’نیست و نابود‘ کر رہا تھا تو 10 مئی کو اچانک جنگ بندی کا حیران کن فیصلہ کیوں کیا گیا تھا؟ لوک سبھا کی بحث میں یہ سوال جتنی بار کیا گیا، نریندر مودی اور ان کے ساتھی اتنی ہی بار اپوزیشن کے خلاف جھاگ اڑانے اور کانگرس کے متوفی وزرائے اعظم جواہر لال نہرو، اندرا گاندھی اور من موہن سنگھ کے خلاف الزام تراشی سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ نریندر مودی جس ’آپریشن سندور‘ کو اپنی فوج کی عظیم الشان کامیابی بنا کر پیش کرنا چاہتے ہیں، وہ ان در حقیقت ان کے ماتھے کا کلنک بن چکا ہے۔ لوک سبھا کی بحث میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اس سوال پر کہ اس جنگ میں بھارت کے کتنے فائٹر تباہ ہوئے، یہ کہتے رہے کہ یہ تو سوال ہی غلط ہے۔ اپوزیشن کو تو یہ پوچھنا چاہیے کہ دشمن کے کتنے طیارے مار گرائے گئے لیکن وہ یہ بتا نہیں سکے کہ بھارت نے پاکستان کے کتنے طیارے تباہ کیے۔ دوسری طرف وزیر داخلہ امیت شاہ پہلگام میں ہونے والے حملے کی وجوہات کا جواب دینے اور اس کی تحقیقاتی رپورٹ سامنے لانے کی بجائے، خود ساختہ انکاو?نٹر میں مارے گئے دہشت گردوں کے پاس پاکستانی چاکلیٹ تلاش کرنے سے کام چلاتے رہے۔ نریندر مودی نے لوک سبھا میں کی گئی تقریر میں تسلیم کیا کہ انہیں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے فون پر متنبہ کیا تھا کہ پاکستان بڑا حملہ کرنے والا ہے۔

چین امریکہ توازن اور پاکستان

تحریر: محمد مہدی

سرزمین فورم کے سربراہ صفدر خان کو یہ کمال حاصل ہے کہ وہ گاہے بگاہے پاکستان کو درپیش قومی مسائل کے حوالے سے فکری نشستوں کا اہتمام کرتے رہتے ہیں ابھی حالیہ نشست میں راقم الحروف کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کے ڈاکٹر امجد مگسی، ڈاکٹر افتخار، ثروت کاظمی، ریٹائرڈ ڈی آئی جی نوید الہی، عرفان اطہر قاضی، نور الامین مینجر نیر شریک گفتگو تھے۔ خیر ویسے تو یہ موضوع ایک طویل عرصے سے زیر بحث ہے کہ پاکستان کے امریکہ اور چین سے تعلقات میں توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے مگر مودی کی بے وقوفی کے بعد یہ مسئلہ اور زیادہ اہمیت اختیار کر گیا۔ سرزمین فورم پر اپنی گزارشات پیش کرتے ہوئے میں نے عرض کی کہ پاکستان کو مدنظر رکھتے ہوئے جب ان دونوں بڑے ممالک کے ساتھ تعلقات کا خاکہ مرتب کیا جاتا ہے تو اس میں کوئی دوسری رائے سرے سے قائم ہی نہیں کی جا سکتی ہے کہ دونوں سے پاکستان کے تعلقات کی نوعیت ہی مختلف ہے اور جب تعلقات کی نوعیت ہی مختلف ہے تو پھر ان دونوں سے تعلقات کو توازن دینا ممکن ہو جاتا ہے۔

ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہم ان دونوں کو ان مختلف نوعیت کے امور کا ادراک کروانے میں کامیاب ہو جائیں۔ جب ہم ایک خالص طور پر دو طرفہ معاشی سرگرمی سی پیک کو گیم چینجر اور ایک مقابلہ جاتی شے کے طور پر پیش کرتے ہیں تو اس کا منطقی نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ ہم اس کا ایک مخالف فریق خود ہی تراش لیتے ہیں اور یہ خود تراشہ ہوا فریق بہر حال اس پر نظریں ضرور گاڑ لیتا ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور پھر وہ اپنے مفادات کا تعین کرتے ہوئے اقدامات بھی کر گزرتا ہے۔ اس بات کو اچھی طرح سے ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ چین کی بھی یہ قطعی طور پر خواہش نہیں ہے کہ وہ پاکستان سے اپنے تعلقات کو امریکہ کے مد مقابل اقدام کے طور پر پیش کرے۔ ویسے بھی ابھی تک چین کی یہ حکمت عملی رہی ہے کہ وہ کسی سے بھی تصادم سے حتی المقدور حد تک اجتناب کرتا ہے۔ ماسوائے ”ایک چین“ پالیسی کے وہ کسی بھی معاملہ کو ٹھنڈا ہو کر ہی طے کرنا چاہتا ہے۔ ابھی جب پاک انڈیا تصادم ہوا تو شکست کے بعد انڈیا کی جانب سے جان بوجھ کر چین کو اس چار روزہ جنگ میں ایک متحرک فریق کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی گئی مگر چین نے اس سب شرارت کے باوجود ردعمل انتہائی محتاط ہو کر دیا۔

اور اب جب پانچ سالوں بعد انڈیا کے وزیر خارجہ، گلوان کی جھڑپوں اور پاک انڈیا تصادم کے بعد انڈیا کے وزیر خارجہ بیجنگ پہنچے تو اس پر انڈیا کے معروف پروفیسر پشپ ادھیکاری کا کہنا تھا کہ ”روس سے خبر آئی ہے کہ وہ روس، چین، انڈیا کے سہ فریقی اتحاد کو فعال کرنا چاہتا ہے۔ اب انڈیا کو کچھ جواب دینا ہی پڑے گا کیوں کہ دلی اس معاملے پر امریکہ کے قریب ہو رہا تھا۔ اب انڈیا کو اپنا پارٹنر منتخب کرنے کا چیلنج درپیش ہوگا۔“

ہمیں اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ لاجسٹکس ایکسچینج میمورنڈم آف ایگریمنٹ (لیمو)، کمیونیکیشنز کمپیٹیبلٹی اینڈ سیکیورٹی ایگریمنٹ (کوم کاسا) اور بیسک ایکسچینج اینڈ کوآپریشن ایگریمنٹ (بیکا) جیسے معاہدوں کے ذریعے بھارت کی بڑھتی ہوئی اسٹریٹجک شراکت داری اس کی امریکہ کی قربت حاصل کرنے کی خواہش کو واضح کرتی ہے مگر پھر بھی انڈیا میں جان بوجھ کر بھی چین کے حوالے سے گفتگو ہو رہی ہے تاکہ امریکہ کو یہ باور کرایا جا سکے کہ اگر امریکہ انڈیا کو وہ حیثیت نہیں دیتا ہے جس کا انڈیا تقاضا کرتا ہے تو وہ اس نوعیت کے بھی کسی اتحاد میں جا سکتا ہے حالاں کہ دلائی لامہ کو استعمال کرنے جیسے اقدامات واضح کرتے ہیں کہ انڈیا خطے میں بھی ہر کسی سے پنگا لینے میں مشغول ہی رہتا ہے۔ اور بیجنگ کے شہ دماغ اس سب کو اچھی طرح سے سمجھتے ہیں۔ اسی لئے یہ طے شدہ امر ہے کہ چین کسی بھی ملک سے جتنی مرضی قربت اختیار کر لے مگر اس سے اس کے پاکستان سے تعلقات کی حیثیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ امریکہ کے حوالے سے یہ ذہن میں رکھنا چاہیے کہ آرمی چیف سے ملاقات کے بعد دنیا بھر میں یہ تصور قائم ہو رہا ہے کہ امریکہ کی پاکستان پالیسی میں ایک شفٹ آ رہا ہے حالاں کہ یہ ذہن میں رہنا چاہیے کہ گزشتہ چند ماہ سے امریکہ کا سفیر تک موجود نہیں ہے۔ قائم قام سفیر اور پولیٹیکل قونصلر پاکستان کو بہت بہتر طرح سمجھتے ہیں مگر بہرصورت باقاعدہ سفیر کا ہونا از حد ضروری ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اگر پاکستان معاشی میدان میں بھی کوئی کامیابی حاصل کر لے تو امریکہ سے تعلقات کی حیثیت مزید بڑھتی چلی جائے گی۔ دونوں بڑے ممالک میں یہ تصور بہت تیزی سے قائم ہو رہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر سٹرکچرل ریفارمز تو کر لی ہیں مگر سرمایہ کاری لانے یا اندرون ملک اشیا کی قیمتوں پر کنٹرول کرنے میں ابھی تک کامیابی موجودہ سیٹ اپ کو حاصل نہیں ہو سکی ہے اور یہ بہت تشویش ناک بات ہے۔ اس وجہ سے ہی ان اطراف سے سیٹ اپ سے وابستگی میں کمی کی بھی خبریں تواتر سے آ رہی ہے جو کہ پاکستان کے آئینی نظام کے لئے نیک خبریں نہیں ہے۔ اس بات کا تو برملا اظہار کیا جا رہا ہے کہ پاکستان انڈیا سے جیتنے کے باوجود ابھی تک اس کو سندھ طاس معاہدے پر واپس نہیں لا سکا ہے اور اگر اکتوبر تک انڈیا کی موجودہ پوزیشن برقرار رہی تو ایسی صورتحال پانی کے حوالے سے خطرناک رخ اختیار کر جائے گی۔ اور اس کے اثرات پاکستان کی سیاسی زندگی پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ چین پاکستان کی سماجی زندگی میں بھی بھرپور کردار ادا کرنے کے حوالے سے اقدامات کر رہا ہے ابھی تعلیم کے شعبے میں ہی پاکستان ٹمیاری لاہور ٹرانسمیشن کمپنی نے انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور کے طلبا کو اسکالرشپس دیے ہیں۔ اس نوعیت کے اور بھی امکانات مختلف یونیورسٹیوں کے لئے سامنے آ رہے ہیں

پاکستانی سیاست

تحریر: الیاس گجر

لگتا ہے حکومت تحریک انصاف کو کمزور و لاچار کرنے اور سیاسی منظر نامہ سے ہٹانے کی جلدی میں ہے۔ عدالتوں کے علاوہ الیکشن کمیشن بھی اس حکومتی خواہش میں حصہ ڈالنے کو بے چین دکھائی دیتا ہے۔ سانحہ 9 مئی میں ملوث ہونے پر سزاو?ں کا عمل شروع ہونے کے بعد الیکشن کمیشن کی طرف سے ارکان اسمبلی کی نا اہلی کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ سوال ہے کیا ان ہتھکنڈوں سے ملک میں سیاسی استحکام آ سکے گا اور موجودہ حکومت معاشی بحالی کا مشن پورا کر سکے گی؟

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سینیٹر اعجاز چوہدری، رکن قومی اسمبلی محمد احمد چٹھہ اور اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی احمد خان بھچر کی نا اہلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ انسداد دہشتگردی کی عدالتوں انہیں نے مجرم قرار دے کر 10 سال کی سزا سنائی ہے۔ لہذا آئین کے آرٹیکل 63 (ون۔ ایچ) کے تحت وہ رکنیت کے لیے نا اہل ہو گئے ہیں۔ ان تمام حکم ناموں میں شق 63 نافذ کرنے کے لیے ایک سے دلائل استعمال کیے گئے ہیں۔ یاد ش بخیر آئین کی شق 63 وہی ’کالا قانون‘ ہے جس کے تحت سابق دور میں نواز شریف نا اہل قرار پائے تھے اور اعلان کیا جاتا تھا کہ ایسی نامناسب شق کو آئین کا حصہ نہیں ہونا چاہیے۔ دلیل کی حد تک کہا جا سکتا ہے کہ یہ سارے فیصلے شہباز شریف کی حکومت کے نہیں ہیں۔ عدالتوں نے سزائیں سنائیں اور الیکشن کمیشن نے آئین و قانون کے مطابق متعلقہ افراد کو ان کی اسمبلیوں و سینیٹ رکنیت ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ تاہم یہ بیان اسی حد تک حقیقت یا سچائی پر استوار ہوگا جیسا کہ یہ کہا جائے کہ ملکی سیاسی و معاشی فیصلوں میں فوج کا کوئی کردار نہیں ہے۔ حکومت آئینی حق کے تحت فیصلے کرتی ہے اور مسلح افواج ان پر عمل درآمد کرنے کے پابند ہوتی ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ معاملات اس سے متضاد ہیں۔ یعنی عدالتیں وہی فیصلے کرتی ہیں جو حکومت کی خواہش ہے اور الیکشن کمیشن کے نزدیک اسی وقت نوٹیفکیشن جاری کرنا اہم ہوتا جب حکومت وقت کو اس کا فائدہ اور اپوزیشن کو نقصان پہنچ رہا ہو۔ اور شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی کابینہ وہی فیصلے کرنے کی مجاز ہے جن کا اشارہ اسے جی ایچ کیو سے موصول ہوتا ہے۔ اس سچائی کو جیسے چاہے بیان کر لیا جائے لیکن دو جمع دو چار کی طرح اس کا جواب ہمیشہ وہی ہوگا کہ ملک میں اختیارات کا منبع صرف ایک طاقت ہے اور اسے کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ باقی سب وضاحتیں دوسروں کو فریب دینے اور خود کو کسی گمان میں مبتلا رکھنے کے لیے کی جاتی ہیں۔

جیسا کہ شہباز شریف اس گمان میں مبتلا ہیں کہ ان کی کرسی پکی ہے حالانکہ اپنے خاندان کے ساتھ سیاست میں طویل مدت تک سرد و گرم دیکھنے کے بعد انہیں ہر روز یہ سوچ کر وزیراعظم کی کرسی پر فروکش ہونا چاہیے کہ اس حیثیت میں یہ ان کا آخری دن ہو سکتا ہے۔ وجہ صاف ظاہر ہے۔ سیاست دانوں نے خود ہی خوشی خوشی ان تمام اختیارات سے دست بردار ہونے کا فیصلہ کیا ہوا ہے جو ملک کا آئین انہیں عطا کرتا ہے۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ اس حمام میں سب ہی سیاست دان ننگے ہیں۔



سب چاہتے ہیں کہ اقتدار اسی کے پاس رہے جسے یہ ’چچا‘ ہے۔ بس انہیں جھنڈے والی گاڑی اور ریڈ کارپٹ کا استقبال ملتا رہے۔ انہیں ایسا کرتے ہوئے یہ پروا نہیں ہے کہ ان کی پیٹھ پیچھے لوگ انہیں کن الفاظ سے یاد کرتے ہیں یا تاریخ میں ان کا ذکر کیسے کیا جائے گا۔ یہ سیاست دان لمحہ موجود کو ابدی حقیقت سمجھ کر ملک میں جمہوریت، آئینی انتظام اور اپوزیشن کو یکساں طور سے نیست و نابود کر دینا چاہتے ہیں۔ خود پانی کا بلبلہ ہونے کے باوجود یقین کیے بیٹھے ہیں کہ اقتدار پر ان کی گرفت مضبوط ہے بلکہ شاید آنے والی نسلوں کے اقتدار کا راستہ بھی ہموار سمجھا جا رہا ہے۔

یہ ساری باتیں بہت بار کہی جا چکیں۔ ان کے کہنے یا نہ کہنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا جیسا کہ اقتدار پر قابض عناصر ایک ایسے وقت میں اسمبلیوں میں اپنی پوزیشن مضبوط کرنے کے لیے مخالفین کو راستے سے ہٹانے کے کام میں عجلت برت رہے ہیں، جب موجودہ ’سیٹ اپ‘ کو تبدیل کرنے کی قیاس آرائیاں پھیلائی جا رہی ہیں۔ اندر کی یہ خبریں نہ جانے کن با اعتماد ذرائع سے کن معتبر صحافیوں کو پہنچائی جاتی ہیں۔ لیکن ایک بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ قیاسات کو خبر سمجھنے اور مارکیٹ میں افواہ پھیلانے کے لیے دیے گئے اشاروں کو ’سچی خبر‘ مان لینے والے ملک میں بے یقینی میں اضافہ ہی نہیں کرتے بلکہ اس اصول کو یقین میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں کہ طاقت کا مرکز ایک ہی ہے اور اسی سے سب ’حصہ‘ مانگتے ہیں۔ اس یقین کو عوام کے دلوں میں راسخ کر دیا جائے تو جمہوریت، ووٹ کی طاقت اور عوام کی حکمرانی کا سارا شیش محل کسی خواب کی مانند بکھرنے لگتا ہے۔

ملک کا الیکشن کمیشن گزشتہ سال فروری میں منعقد ہونے والے انتخابات سے پہلے ہی مشکوک ہو گیا تھا۔ تحریک انصاف نے تسلسل سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کے خلاف شکوک و شبہات ظاہر کیے تھے لیکن کہیں اس کی شنوائی نہیں ہوئی اور نہ ہی ایک غیر جانبدار آئینی ادارے کی سربراہی کرتے ہوئے راجہ صاحب کو یہ خیال آیا کہ جب ایک بڑی پارٹی ان کی نیک نیتی کے بارے میں ہی سوالات اٹھا رہی ہے تو وہ اس عہدے سے علیحدہ ہو کر کسی دوسرے کو انتخابات منعقد کرانے کی ذمہ داری انجام دینے دیں۔ ان کی سربراہی میں تحریک انصاف سے انتخابی نشان واپس لینے کے متنازعہ اور افسوسناک فیصلے سے لے کر مخصوص نشستوں کے بارے میں سپریم کورٹ کے حکم پر اس وقت تک عمل درآمد سے گریز کا الزام ہے جب تک کوئی ایسا عدالتی فیصلہ سامنے نہیں آ گیا جس کے تحت صرف موجودہ نظام کو ہی مدد مل سکتی تھی۔ ان سب کے باوجود سکندر سلطان راجہ کے عہدے کی مدت اس سال جنوری میں ختم ہو چکی ہے لیکن نہ انہیں گھر جانے کا شوق ہے اور نہ حکومت کو نیا چیف الیکشن کمشنر نامزد کرنے کی جلدی ہے۔ اس دوران متنازعہ اور غیر جمہوری فیصلوں کی ایک طویل فہرست تیار کی جا سکتی ہے۔ آج تحریک انصاف کے متعدد ارکان کو نا اہل قرار دینے کا فیصلہ اس فہرست کو طویل اور سیاہ کرے گا۔

شہباز شریف مکالمہ پر یقین رکھنے کا اعلان کرتے ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار دورہ امریکہ کے دوران یہ یقین دلاتے رہے ہیں کہ پاکستان کا عدالتی نظام اتنا ہی قابل اعتبار ہے جیسا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سزا دینے والا امریکی نظام عدل شک و شبہ سے پاک ہے۔ اس بیچ تحریک انصاف کا احتجاج اور موجودہ حکومت کو کٹھ پتلی قرار دینے کا ہنگامہ جاری ہے۔ کسی کی بات سنتے ہوئے بھی یہ گمان نہیں ہوتا کہ کون سچ کہہ رہا ہے۔ ہر طرف سے مفاد کی دوڑ میں باری لگانے کی تگ و دو دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ سارا ہنگامہ جمہوریت اور عوام کی بہبود کے نام پر ہو رہا ہے۔ حالانکہ حکومت کرنے والے یا اسے گرانے کا خواب دیکھنے والے، نہ تو جمہوریت کی پیداوار ہیں اور نہ ہی انہیں اس طویل اور مشکل راستے سے عوام کا اعتماد حاصل کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ یہی رویہ عوام کو بے بس، سیاست دانوں کو بے توقیر، سیاسی پارٹیوں کو غیر ضروری اور پارلیمنٹ کو ربڑ اسٹیمپ بنانے کا سبب بن رہا ہے۔

جمہوریت اس وقت مروج تمام نظام ہائے حکومت میں سب سے متوازن اور قابل قبول مانا جاتا ہے کیوں کہ اس میں کسی نہ کسی طرح عوام کی رائے سے حکومت قائم کرنے کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ تاہم اس نظام کے خلاف اب یہ رائے بھی سامنے آ رہی ہے کہ اگر عوام کی بڑی اکثریت رائے دہی کے طریقے سے لاتعلق رہتی ہے تو یہ نظام کب تک عوام کے نام پر مسلط کیا جا سکتا ہے۔ البتہ چونکہ اس کا کوئی متبادل ابھی موجود نہیں ہے، اس لیے بیشتر جمہوری ملکوں میں سیاسی پارٹیاں تندہی سے عوام کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے اور انہیں بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ناروے میں ہر انتخاب سے پہلے ہر پارٹی باقاعدہ اپیل کرتی ہے کہ آپ کی رائے جو بھی لیکن ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں۔ اس اپیل کا بنیادی مقصد جمہوری طریق انتخاب کو قابل اعتبار بنانا ہے۔ پاکستان میں مدت ہوئی یہ مقصد بھلا دیا گیا ہے۔ پاکستان میں رجسٹرڈ ووٹروں کی تعداد 13 کروڑ کے لگ بھگ ہے لیکن 2024 کے عام انتخابات میں سوا چھ کروڑ لوگوں نے ووٹ کا حق استعمال کیا۔

تحریک انصاف کو ان ووٹوں میں سے 32 فیصد، مسلم لیگ (ن) کو 24 فیصد اور پیپلز پارٹی کو 13 فیصد ووٹ ملے۔

’نام نہاد غیرت کسی صوبے یا طبقے کا نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے‘

تحریر: وسعت اللہ خان

اب سے 30، 40 برس پہلے تک اُردو اخبارات کے بیک پیج یا اندرونی صفحات میں ہر پندرہ دن مہینے میں کسی نہ کسی گھر میں سٹوو (چولہا) پھٹنے کا واقعہ ہو جاتا تھا۔ اس حادثے میں عموماً وہ عورت مرتی تھی جو سسرال کی خواہشات سے کم جہیز لائی ہو۔

یا پھر چولہے کے قریب کھڑی کسی ایسی عورت کے کپڑوں میں اچانک آگ لگ جاتی تھی جس کے بچے نہ ہوں ہو یا اپنے شوہر کو دوسری شادی سے باز رکھنے کے لیے ساس، نندوں، سسر وغیرہ کے لیے چلتا پھرتا مسئلہ بن جائے۔

چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی۔ پولیس بھی ایسے ’حادثات‘ کو ناگہانی سمجھ کے داخلِ دفتر کر دیتی تھی۔

میں نے پہلی بار کارو کاری (سیاہ کاری) کی اصطلاح 1990 کے عشرے میں سُنی جب انگریزی جریدے ’نیوز لائن‘ میں اِس موضوع پر نفیسہ شاہ کی مفصل تحقیقی رپورٹ شائع ہوئی۔ اِس تحقیق اور پھر بعد میں شائع ہونے والی صحافتی رپورٹوں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایسے قبرستان بھی ہیں جہاں جرگے، خاندان، بھائیوں، والدین یا شوہر کی جانب سے کاری قرار دی جانے والی شادی شدہ یا غیر شادی شدہ عورتوں یا بلا اجازت شادی کرنے والیوں کو خاموشی سے مار کے بے نشان گاڑ دیا جاتا ہے۔

جبکہ کارا (سیاہ کار) عموماً گرفت میں نہیں آتا۔ آ بھی جائے تو خاندانی بزرگ یا جرگہ اس پر بھاری جرمانہ عائد کر کے صلح صفائی کروا دیتا ہے۔ یا پھر وہ شخص علاقہ ہی چھوڑ جاتا ہے۔ کاریاں اس لیے زیادہ ماری جاتی ہیں کہ ان کے ساتھ محض عزت اور نام نہاد غیرت کا مقامی و خاندانی تصور وابستہ ہوتا ہے جبکہ کارے کے ساتھ نسب اور خاندان کی معیشت جڑی ہے۔

تاثر یہ دیا جاتا ہے جیسے قتل کی واردات عالمِ طیش میں یا فوری جذبات میں بہہ جانے کا نتیجہ ہے مگر رفتہ رفتہ ایسی وارداتوں کے تجزیے سے کھلا کہ اس نوعیت کے پچانوے فیصد سے زائد قتل فوری ردِعمل میں یا محض مارے نام نہاد غیرت نہیں بلکہ منصوبہ بند حکمتِ عملی کا نتیجہ ہیں۔ اس منصوبے میں کئی لوگ شامل ہوتے ہیں اور اس پر عمل درآمد کے لیے کئی کئی برس بھی انتظار کیا جاتا ہے۔

پھر پتہ چلا کہ یہ نام نہاد تصورِ غیرت کسی خاص صوبے، خطے، طبقے یا شہری دیہی کی میراث نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے۔ اسے مذہبی تعلیمات و روایات کے بجائے صدیوں سے چلے آ رہے رواج کی روشنی میں دیکھا اور برتا جاتا ہے اور جہاں مذہبی قوانین اور روایت آمنے سامنے ہوں وہاں زبانی عقیدت و احترام اپنی جگہ مگر فتح عموماً رواج کی ہی ہوتی ہے۔

مثلاً جب جائیداد کا بٹوارا کرنا ہو تو مذہبی اصول کے بجائے رواج کے مطابق صرف مرد کو حصہ ملتا ہے۔ رشتے ناتے کا معاملہ ہو تو لڑکے یا لڑکی سے مرضی پوچھنے کے بجائے رواج کو فوقیت ملتی ہے اور جہاں بڑے بزرگ چاہیں وہیں رشتے کی حامی بھرنا پڑتی ہے۔ بصورتِ دیگر جراتِ انکار کی قیمت بہت بھاری پڑتی ہے۔ یہی معاملہ طلاقی امور کے ساتھ بھی ہے۔ مرد طلاق دے سکتا ہے، عورت طلاق تب مانگے جب اسے خاندانی

عزت، اپنی زندگی اور بچے عزیز نہ ہوں۔

باچا خان کی اس ملک میں اتنی عزت ہے کہ ان سے ایک انٹرنیشنل ایئرپورٹ معنون ہے مگر اسی ملک میں ان کے اس قول کی کتنی عزت ہے؟ ’کسی بھی سماج کے مہذب ہونے کا معیار یہ ہے کہ وہاں عورت سے کیا سلوک ہوتا ہے۔‘

اشرافیہ کا سارا زور موجود قوانین پر مکمل عمل درآمد کے بجائے ان قوانین کو مزید سخت کرنے کے رواج پر ہے۔

اگرچہ آئین کے تحت اسلامی جمہوریہ میں شریعت سے متصادم کوئی قانون نہیں بن سکتا مگر عملی صورت یہ ہے کہ رواج سے متصادم شرعی قوانین پر کوئی عمل نہیں کرتا۔

پاکستان غالباً دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شرعی و سیکولر عدالتیں اور جرگے شانہ بشانہ قابلِ قبول ہیں۔ جس کو جہاں سے اپنی مرضی کا انصاف مل سکے۔ کسی تنازعے یا مقدمے میں ایک فریق بااثر یا صاحب حیثیت یا صاحبِ رسوخ بھی ہو تو سونے پہ سہاگہ، پھر کیسا جرگہ، کون سی عدالت اور کیا روایت؟

یہ کوئی بگڑا ہوا یا کنفیوزڈ، آدھا تیتر آدھا بٹیر نظام نہیں بلکہ ایک باقاعدہ ذہین اور شعوری حسنِ انتظام ہے تاکہ محروم اکثریت (بشمول زن و مرد و طفل) کو بآسانی اپنی پسند کی قانونی و رواجی سہولت کے ڈنڈے سے ہانک کر ذہنی و جسمانی غلامی پر آمادہ رکھا جا سکے۔

قتل، عورت

’چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی‘

اس حسنِ انتظام کی پائیداری کا راز یہ ہے کہ اسے مجرم اور جرم زدہ خاندان کی سگی عورتوں اور مردوں، قبیلے، برادری، محلے داروں، ایسوسی ایشنز، سیاسی و مذہبی گروہوں، انتظامی اداروں، عدالتی و پارلیمانی ڈھانچے، قانون پر بے اعتباری و خوف پر اعتبار کی اعلانیہ و خاموش سرپرستی و تائید حاصل ہے۔ اس حسنِ انتظام سے بغاوت دراصل ریاستی ذہن، بزرگوں کی اقدار اور روایات سے بغاوت ہے۔

بغاوت کی سزا کا تناسب سو فیصد مگر گھر، پڑوس، مدرسے اور جنگل میں ریپ، قتل، نام نہاد غیرت کے نام پر ہلاکت اور اغوا جیسے جرائم کے ثابت ہونے اور پھر اس کی سزا ملنے کا تناسب صفر اعشاریہ پانچ فیصد سے زائد نہیں۔

یہی وہ بے خوفی ہے جس کے سبب جو مجرم جس جگہ ہے وہیں آفتاب ہے۔ جرم تو ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے مگر وقت کے ساتھ ساتھ اس میں دھڑلے کا تناسب کئی گنا بڑھ گیا ہے۔

کبھی جرم کی اپنی اخلاقیات ہوا کرتی تھیں، اگر کسی سے غلطی یا غصے کی حالت میں قتل ہو جاتا تو قاتل بلا حیل و حجت خود کو قانون کے حوالے کر دیتا اور اعتراف بھی کر لیتا۔ ایسا ہم نے کہانیوں میں پڑھا ہے۔

مگر دیکھا یہی ہے کہ مارے نام نہاد غیرت و انتقام قتل کرنے یا کروانے والے یا ریپسٹ بڑے بڑے طرم خان اپنے فعل پر اسی جوانمردی سے قائم رہنے کے بجائے نادم ہوئے بغیر سب سے زیادہ بزدل ثابت ہوتے ہیں۔

اقبالِ جرم یا سزا کا سامنا کرنا تو ایک طرف، ہر طرح کا جھوٹ اور بہتان، کسی بے گناہ کے سر اپنا کیا منڈھنے کی کوشش، دباؤ، سفارش، دھونس اور دھمکی سے اپنی کھال بچانے سمیت سب حلال ہے اور جب یہ بزدل ان ہتھکنڈوں اور چالوں کے سبب بچ نکلنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو بری ہوتے ہی ’بے گناہی‘ کا ہار پہن کر سینہ اور چوڑا کر لیتے ہیں اور طاقت کی زبان سمجھنے والی اندیشوں کی ماری خلقِ خدا بھی ان کے آزو بازو ہوتی ہے۔

بس میڈیا و سوشل میڈیا، چند سرپھرے پارلیمنٹیرینز اور بنیادی حقوق کی کچھ تنظیموں کو کچھ دن تکلیف رہتی ہے مگر پھر کوئی تازہ خوفناک واردات مذمت کا خام مال بن کے سامنے آ جاتی ہے۔

یہ عجب بستی ہے جہاں جرائم کی شرح بڑھنے سے ملک بدنام نہیں ہوتا، جرم کی تشہیر سے ملک بدنام ہوتا ہے۔

یہ انتظار کب ختم ہوگا؟ (مکمل کالم)

تحریر: یاسر پیرزادہ

میرے گلے میں پٹا ہے، یہ مضبوط چمڑے کا بنا ہوا ہے اور کافی پرانا ہے، جب میں پیدا ہوئی تھی تب سے یہ میرے گلے میں ہے، میں نے کئی مرتبہ اسے اتارنے کی کوشش کی مگر کامیابی نہیں ملی، اور اب تو مجھے اِس کی عادت ہو گئی ہے۔ میرا مالک مجھے اِس پٹے کی مدد سے ہی گھسیٹتا ہے، میں جہاں بھی جاتی ہوں اِس پٹے کے ساتھ جاتی ہوں، کھانا کھاتے وقت بھی یہ میرے گلے میں ہوتا ہے۔ عجیب بات ہے کہ یہ پٹا اِرد گرد کے لوگوں کو دکھائی نہیں دیتا، کچھ عرصے سے میں نے بھی اِس کے بارے میں سوچنا چھوڑ دیا ہے، اب یہ میری زندگی کا حصہ ہے، کبھی کبھار مالک کو رحم آتا ہے تو وہ اسے ایک اِنچ کھول دیتا ہے تاکہ میں آسانی سے سانس لے سکوں مگر مجھے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رعایت عارضی ہے اور بہت جلد میرے پٹے کو دوبارہ سختی سے باندھ دیا جائے گا اور ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔

میں نے کئی مرتبہ یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ میں ایسا کیا کروں کہ یہ پٹا مستقلاً میرے گلے سے اتار دیا جائے مگر میں نہیں سمجھ پائی، مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ میری کون سے بات مالک کو ناراض کرتی ہے اور کس بات سے وہ خوش ہوتا ہے، کبھی کبھار وہ اِس پٹے کو اتنی سختی سے باندھ دیتا ہے کہ میرا دَم گھٹنے لگتا ہے، کئی کئی دن اِس کیفیت میں گزر جاتے ہیں، لیکن مالک کا رویہ ایسا ہوتا جیسے اسے کسی بات کی پرواہی نہ ہو، اُس وقت مجھے یوں لگتا ہے جیسے وہ یہ جانتا ہی نہ ہو کہ اِس نے کس قدر سختی سے پٹے کو باندھ رکھا ہے، پھر کسی دن اچانک وہ میرا پٹا ایک آدھ اِنچ کھول دیتا ہے، اُس وقت میں تیز تیز سانس لیتی ہوں جو گزشتہ کئی دنوں سے میں نے روک رکھے ہوتے ہیں، لیکن مالک اُس وقت بھی یوں بیگانگی سے دیکھتا ہے جیسے کچھ جانتا ہی نہ ہو، اُس کے نزدیک پٹا کھولنا یا بند کرنا ایسے ہی ہے جیسے کسی مشین میں لگے پیچ کو کس کر بند کرنا یا کھول دینا۔ میں اُس دن کا انتظار کر رہی ہوں جب میں یہ جان سکوں گی کہ آخر میری گردن میں یہ پٹا کیوں کر ہے؟

میں جب پیدا ہوا تھا تو اکیس سال کا گھبرو جوان تھا۔ ہو سکتا ہے کچھ لوگوں کو یہ بات عجیب لگے مگر میں اسے یوں ہی دیکھتا ہوں۔ آپ شاید یہ سمجھ رہے ہوں کہ پیدائش کے وقت میں بہت صحت مند تھا اِس لیے یہ بات کہہ رہا ہوں، جی نہیں، میں اسی طرح لاغر اور کمزور تھا جیسے ہماری طرح کے بچے ہوتے ہیں۔ مجھے ٹھیک سے یاد تو نہیں مگر میری ماں نے مجھے اسی دن ’کام‘ پر بھیج دیا تھا جب میں بمشکل پانچ یا زیادہ سے زیادہ چھ سال کا تھا اور اب تو میں پورے تیرہ برس کا ہوں، بیس پچیس کلو وزن اٹھا سکتا ہوں، دس گھنٹے مزدوری کر سکتا ہوں، اور مجھ میں اتنی طاقت ہے کہ بغیر کھانا کھائے بھی سخت سے سخت کام کر سکتا ہوں۔ مجھے ایسا کرنے کا کوئی شوق تو نہیں مگر کبھی کبھی کرنا پڑتا ہے۔

کبھی کبھی مجھے اپنے اردگرد لوگوں کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ کیسے وہ سارا دن مسلسل کچھ نہ کچھ کھاتے رہتے ہیں، لیکن شاید مجھے ایسا نہیں سوچنا چاہیے۔ جس دن مجھے کوئی اچھا کام مل جاتا ہے اُس روز میں خوب کھانا کھاتا ہوں۔ میرے ساتھ کئی اور لڑکے بھی کام کرتے ہیں، ہم میں سے نہ کوئی بیمار پڑتا ہے اور نہ کبھی کام سے چھٹی کرتا ہے، دو چار مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ میں کام پر گیا تو میرے ساتھی لڑکے نے بتایا کہ میرا بدن بخار سے تپ رہا ہے، میں اُس کی بات سُن کر ہنس پڑا، میں نے کہا کہ کیا تم جانتے نہیں کہ ہم لوگ کبھی بیمار نہیں ہوتے۔ لیکن یہ ہماری آپس کی باتیں ہیں، دوسرے لوگوں کو نہ تو ہماری زبان سمجھ آتی ہے اور نہ باتیں، وہ فقط اشاروں سے ہمیں کام سمجھا دیتے ہیں اور ہم جُت جاتے ہیں۔ مجھے کسی بندے نے بتایا تھا کہ ایک دن جب یہ دنیا ختم ہو گی تو دوسری دنیا وجود میں آئے گی، اُس دوسری دنیا میں ہمارا کام اُن لوگوں کو دے دیا جائے گا جو ہم سے کام لیتے ہیں اور ہم اُن کی جگہ لے لیں گے۔ مجھے یقین تو نہیں کہ ایسا ہو گا لیکن پھر بھی مجھے اُس دن کا انتظار ہے جب یہ انتظام ہو گا۔

میں جس ملک کا شہری ہوں وہاں کا قانون بہت سخت ہے، یہ قانون ہر شخص کے سینے میں محفوظ ہے، مائیں اپنے بچوں کو اِس قانون کے بارے میں بتاتی ہیں اور لوگ ایک دوسرے سے اِس قانون کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں۔ آج سے دس سال قبل مجھے اسی قانون کے تحت سزا سنائی گئی تھی

پاکستان اور تعلیم

پاکستان میں ٹوٹل 269 یونیورسٹیز ہیں جن میں پچھلے سال شرح داخلہ میں 13 فیصد کی کمی واقع ہوئی لیکن اس میں سب سے بڑی کمی جنوبی پنجاب میں تھی جہاں یہ شرح 29 فیصد تک تھی لیکن اس سال تو اخیر ہو گئی بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں شرح داخلہ 52 فیصد تک گری ہے اور تقریبا اس سے ملتی جلتی صورتحال اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور غازی یونیورسٹی ڈیرہ غازی خان ہے تین تین دفعہ اشتہار داخلہ دینے کے باوجود کوئی نتیجہ برامد نہیں ہوا بلکہ جنہوں نے کاغذات جمع کرائے ہیں ان میں سے کئی لوگوں نے فیس معافی و واپسی کی درخواستیں لکھ دی ہیں سب سے بڑی وجہ طلبہ و طالبات کی نظر میں غیر معیاری طریقہ تعلیم ہے جن کے بعد ان کے ہاتھ ایک ڈگری یا کاغذ کا ٹکڑا تو ضرور اتا ہے لیکن انہیں کچھ نہیں اتا

طلبہ و طالبات کا یہ خیال ہے کہ تمام سلیبس اوٹ ڈیٹڈ ہیں جن کی وجہ سے انہیں علم تو ہوتا ہے مگر یہ علم بہت پرانا ہوتا ہے جو زمانہ جدید میں سوائے ہونٹوں پہ ہنسی جو طنز یہ ہے کے سوا کچھ نہیں دیتی

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ فیسوں میں ہوش ربا اضافہ ہوا ہے

فورا اس کے مدمقابل یہ دلیل گھڑ لی جاتی ہے کہ یہ فیسیں باہر کے ممالک کی نسبت بہت کم ہے لیکن جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ جناب باہر فی کس امدن کتنی ہے اور اس کا پاکستان سے شرح تقابل کیا ہے تو ایک گہری گمبھیر خاموشی کے سوا کوئی جواب نہیں ملتا

بڑھتے ہوئے ہراسمنٹ کے واقعات خصوصا سوشل میڈیا جو یقیناً ریاستی کنٹرول سے باہر ہے کے مطابق پاکستانی یونیورسٹیز میں طالبات کے ساتھ بڑھتے ہوئے جنسی حراسانی کے کیسز میں ہوش ربا اضافہ ہوا ہے جس سے شریف خاندانوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے

اج بھی رٹا اور پرانی کتابیں اپنے عروج پر ہیں یہاں تک کہ اگر کوئی شخص خود ہمت کر کے مختلف جرنلز سے حوالہ جات کے ساتھ جواب لکھے تو بھی غلط قرار دے دیا جاتا ہے اور یہاں تک اجاتا ہے وہی لکھو جو کتابوں میں لکھا ہوا ہے

اب تو یہ صورتحال ہو گئی ہے کہ نقل کے علاوہ (تعلقات) بھی کام اتے ہیں یہ بات کئی جگہوں پر سننے اور پڑھنے کو ملتی ہے کہ لڑکیوں کو اچھے گریڈ حاصل کرنے کے لیے اساتذہ کرام کے ساتھ خصوصی تعلقات رکھنے پڑتے ہیں پاکستانی جاب مارکیٹ میں موجودہ ڈگریز کی کوئی اہمیت ہی نہیں ہے۔ اور نہ ہی کوئی طلب سرکار نوکریاں دے نہیں رہی اور پرائیویٹ سیکٹر اپنا احتساب خود کرنے والا ہے وہ قطعا ایک بندہ بھی ایکسٹرا رکھنے کے لیے تیار نہیں ہوتا

پرائیویٹ سیکٹر میں بنیادی طلب یہ ہے کہ اپ کو کام انا چاہیے چونکہ ان کو کام نہیں اتا صرف علم ہوتا ہے اور ڈیمانڈز بہت زیادہ لہذا بے روزگاری کی شرح بڑھتی جا رہی ہے

پرائیویٹ سیکٹر میں تنخواہیں شرمناک حد تک کم ہیں میں نے 15 سے 20 ہزار روپے پر ایم فل اور پی ایچ ڈی لوگوں کو مختلف کام کرتے ہوئے دیکھا ہے جبکہ ایک ریڑھی والا بھی روزانہ دو ہزار سے زائد کما لیتا ہے جبکہ رکشے والا بھی ہزار روپے تک روزانہ کما سکتا ہے



انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ارٹیفیشل انٹیلیجنس نے جہاں چار بندوں کا کام ہوتا تھا وہاں ایک بندہ ہی کافی ہو گیا ہے

نتیجتا مارکیٹ میں کام کرنے والے ہاتھوں کی تعداد کی ڈیمانڈ کم ہو گئی ہے دوسرا اس کے لیے کسی ڈگری کی قطعا ضرورت نہیں ہے۔۔۔کام انا چاہیے کام بولتا ہے

اور جتنی زیادہ مہارت حاصل ہوتی جائے ڈیمانڈ اتنی بڑھتی جاتی ہے اب تو یہ صورتحال ہے کہ پرائیویٹ میڈیکل کالجز میں بھی 30 فیصد تک سیٹیں خالی رہ رہی ہیں وہاں بی ایس اردو انگریزی اسلامیات پنجابی سرائکی کمسٹری بیالوجی فزکس انگریزی وغیرہ وغیرہ فلاں ڈھمکان کون کرے گا۔؟؟؟؟

ایک چیز۔۔۔ جو بہت بنیادی ہے جو پاکستان کے نظام تعلیم کی پسماندگی بدحالی کی سب سے بڑی وجہ ہے وہ یہ کہ یہاں کے بچوں کو اس زبان میں تعلیم دی جا رہی ہے جو اس کی زبان ہی نہیں ہے۔ جس کا رسم الخط یہاں کی کسی زبان سے نہیں ملتا۔۔۔ جس کا رسم الخط یہاں کی کسی زبان سے نہیں ملتا۔۔۔ جس کا رسم الخط یہاں کی کسی زبان سے نہیں ملتا۔۔۔

بچے کو سکول داخل ہوتے ہی بغیر سوچے سمجھے بابا بلیک شیپ ’ ٹوئنکل ٹوئنکل لٹل سٹار کے رٹے پر لگا دیا جاتا جس کا نہ بچے کو فہم ہوتا ہے نہ زبان و محاورات اس کے لئے مانوس ہوتے ہیں وہ رٹا جو نرسری سے شروع ہوتا ہے وہ جامعات تک جاری رہتا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کی جامعات کے مقالہ جات سرقے بازی‘ نقالی میں اس وقت صف اول میں ہے!

بے غیرتی کا طعنہ اور قبائلی روایات

تحریر: علی احمد جان

بلوچستان میں ایک خاتون کو سرعام گولی مار دی گئی۔ اس نے خود کہا تھا: ”صرف گولی مارنے کی اجازت ہے۔“ یہ عورت اپنے سگے بھائی کے ہاتھوں ماری گئی۔ کسی کو کوئی ملال نہیں ہوا، سب کچھ معمول کے مطابق چلتا رہا۔ دو ماہ بعد جب اس واقعے کی ویڈیو وائرل ہوئی تو شور مچایا گیا کہ یہ کیسے ہوا۔ یہ ایسے ہوا کہ ایک شادی شدہ عورت اور ایک شادی شدہ مرد کے درمیان غیر ازدواجی تعلقات قائم ہوئے۔ دونوں نے اس علاقے سے بھاگ جانے کا فیصلہ کیا اور چلے گئے۔ نہ پولیس کو رپورٹ ہوئی، نہ اخبار میں خبر چھپی، اور نہ کوئی مقدمہ درج ہوا۔ سب کچھ معمول کے مطابق چلتا رہا۔ پھر ایک دن یہ دونوں واپس آئے اور اپنے اپنے گھروں میں رہنے لگے۔ پھر بھی سب حسب معمول رہا: نہ کوئی بدلہ، نہ حملہ، نہ جھگڑا۔ کسی کے علم میں کوئی واقعہ نہیں آیا۔

ایسا کہاں ہوتا ہے کہ ایک شادی شدہ عورت اور مرد اپنی مرضی سے اپنے منکوح شوہر اور بیوی کو چھوڑ کر چلے جائیں، کچھ دن اکٹھے رہیں، اور پھر واپس آ کر آرام سے رہیں؟ ایسا تو یورپ اور امریکہ میں بھی نہیں ہوتا، وہاں بھی اپنے پارٹنر یا شریک حیات کے ساتھ وفاداری پہلی شرط ہوتی ہے۔ ہاں، ہمارے ہاں ایسا ممکن ہے۔ اس کی وجہ خاندان اور قبیلے کی نام نہاد عزت اور وقار ہے۔ ہمارے قبائلی رواج میں عورت کو خاندان اور قبیلے کی عزت اور وقار کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ اس معاملے میں کوشش یہی ہوتی ہے کہ بات باہر نہ جائے۔ جب تک بات باہر نہیں جاتی اور اندر رہتی ہے، سب کچھ معمول کے مطابق چلتا ہے۔ لیکن جب بات پھیل جائے، تو یہ قبائلی رواج کے مطابق عزت اور وقار کا مسئلہ بن جاتا ہے۔

بات کیسے پھیلتی ہے؟ عموماً بھاگ جانے والا شریک مرد یا اس کے حامی بات پھیلا دیتے ہیں۔ اس معاملے میں بھی یہی ہوا۔ ماری جانے والی خاتون کی ماں نے اپنے ویڈیو بیان میں قرآن ہاتھ پر رکھ کر اپنے قبیلے کے سردار کو معاف کرتے ہوئے کہا کہ اس آدمی (یعنی اس کی بیٹی کے ساتھ بھاگ جانے والے) نے ٹک ٹاک ویڈیوز بنا بنا کر بات کو اس نوبت تک پہنچایا۔ مرنے والی نے خود کہا تھا کہ ’صرف گولی مارنے کی اجازت ہے‘۔ یہ اجازت کسی اور نے نہیں، بلکہ اس نے خود دی تھی۔

یہ اجازت کیوں دی؟ ہمارے ہاں قبائلی نظام میں دشمنی چلتی رہتی ہے۔ اس میں مخالف قبائل کو نیچا دکھانا، ان کی عزت کو نیلام کرنا، اور بدنام کرنا عام ہتھکنڈے ہیں۔ جب کسی مخالف قبیلے یا خاندان کی عورت کے ساتھ کسی کے تعلقات بن جاتے ہیں، تو یہ بات اس قبیلے کے لیے باعث فخر بن جاتی ہے۔ اس آدمی کے قصے بیان کیے جاتے ہیں اور اسے ہیرو کا درجہ مل جاتا ہے۔ اس معاملے میں بھی اس آدمی نے جان بوجھ کر ٹک ٹاک کے ذریعے اس بات کو اپنے اور اپنے قبیلے کے لیے قابلِ ستائش بنانے کی کوشش کی۔ اس نے اس عورت کو بطور ٹرافی پیش کیا۔ اس عورت کے قبیلے اور خاندان کو طعنہ دیا گیا کہ وہ بے غیرت لوگ ہیں جن کی عورت دوسرے مرد کے ساتھ بھاگ گئی اور واپس آئی تو خاموشی سے رکھ لیا۔ ماری جانے والی عورت کو بھی جب جرگے میں یہ احساس دلایا گیا کہ اس کی وجہ سے خاندان اور قبیلے کو بے غیرتی کا طعنہ ملا ہے، تو اس نے ’گولی مارنے‘ کی اجازت دے دی۔

کچھ عرصہ قبل کوہستان میں ایسا ہی ایک واقعہ ہوا تھا جس میں تین عورتیں اور دو مرد مارے گئے۔ اس واقعے میں بھی ابتدا میں سب کچھ معمول کے مطابق چل رہا تھا۔ خواتین اور مرد سب ایک شادی میں گئے تھے جہاں ثقافتی رقص ہوا، گانے گائے گئے، تالیاں بجائی گئیں، اور ناچ ہوا۔ ایک لڑکا ناچ رہا تھا، محفل میں بیٹھی خواتین تالیاں بجا رہی تھیں، کسی کو کوئی اعتراض نہیں تھا۔ یہ شادی اسی علاقے میں ہوئی تھی جہاں کے سب لوگ آپس میں رشتہ دار بھی تھے، جو بھی ایک جگہ جمع ہوئے تھے۔ کچھ عرصہ بعد ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں کچھ لڑکیاں اور دیگر خواتین ایک نوجوان کے ناچنے پر تالیاں بجاتے ہوئے نظر آ رہی تھیں۔ اس پر لڑکیوں کے قبیلے والوں کو طعنہ دیا گیا کہ وہ ”بے غیرت“ ہیں۔ جب بات غیرت کے طعنے پر آ گئی تو تینوں لڑکیاں قتل کر دی گئیں، پھر اس نوجوان لڑکے کے بھائی کو، اور پھر خود اس لڑکے کو بھی مار دیا گیا۔

جب یہ واقعہ ہوا تو ان لڑکیوں کو سامنے لانے کا سپریم کورٹ سے حکم ہوا۔ ان جیسی دوسری لڑکیوں کو ان کے وہی کپڑے پہنا کر لایا گیا جو وہ اس وائرل ویڈیو میں پہنے ہوئے تھیں۔ پورے گاو?ں نے گواہی دی کہ یہ وہی لڑکیاں ہیں۔ ان کو دیکھنے گئے لوگ بھی کہتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی ایسا طریقہ نہیں تھا کہ اس بات کی تصدیق کرتے کہ یہ وہ لڑکیاں نہیں ہیں۔ جب پورا قبیلہ ایک طرف ہو، ان لڑکیوں کے ماں باپ، بہن بھائی عزیز رشتہ دار سب متفق ہوں کہ ان کے ساتھ جو ہوا وہی بہتر تھا تو ریاست، عدالت اور حکومت کیا کر سکتی ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ ہمارے ہاں کی قبائلی روایات میں عورت کو مرد کے برابر درجہ حاصل نہیں، سوائے اس کی عصمت کی نام نہاد عزت کے۔ یہی عزت اسے کسی بھی وقت بدنصیبی سے دوچار کر سکتی ہے۔ اگر کسی شخص کو کسی کا قتل مقصود ہو تو وہ اپنے خاندان کی کسی بھی عورت کو قتل کر کے یا اسے مقتول کی لاش کے ساتھ رکھ کر جرم سے بری الذمہ ہو جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے عموماً کسی مجبور عورت کا کسی سے نکاح کروا کر استعمال کیا جاتا ہے۔

انٹر نیشنل

یوکرین پر روسی حملے کے دوران 31 جولائی 2025 کو کیف میں روسی فضائی حملے کے بعد ایک تباہ شدہ رہائشی عمارت کے مقام پر کام کرتے ہوئے امدادی کارکن ملبہ ہٹا رہے ہیں

غزہ، 900 سے زائد بچے اپنی پہلی سالگرہ سے پہلے شہید

غزہ (این این آئی) 7 اکتوبر 2023 کے بعد سے اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد سامنے آگئی۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی حملوں میں 60 ہزار 138 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جبکہ ان حملوں میں اب تک ایک لاکھ 46 ہزار 269 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ شہدا میں 18 ہزار 500 فلسطینی بچے بھی شامل ہیں۔ امریکی اخبار نے غزہ پر اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والے بچوں کے نام جاری کر دیئے۔ رپورٹس کے مطابق 900 سے زائد بچے اپنی پہلی سالگرہ سے پہلے شہید کر دیے گئے۔

چیاپر پیفکچر کے شہر تاتیاما کے ہیسو رابیچ پر ایک مردہ سپرم وہیل کو دیکھ رہے ہیں

مودی سرکار نے بھارتی فوج کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا

ڈرون مقابلوں کی تشہیر میں بھارتی فوج کو اشتہاری مہم کا حصہ بنا کر بی جے پی نے قومی اداروں کو سیاسی ہتھیار میں بدل دیا ہے، بھارتی ناقدین

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے قومی اداروں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا شروع کر دیا جس پر بی جے پی کی ہندو انتہا پسند حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بھارتی فوج نے اگست میں ہماچل پردیش کی وادی اسپتی میں ڈرون مقابلے کا اعلان کر دیا، مقابلہ 10 سے 24 اگست تک جاری رہے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہماچل اور اتراکھنڈ میں چین کے ساتھ لائن آف ایکچوئل کنٹرول کی نگرانی سینٹرل کمانڈ کے سپرد کر دی گئی ہے، فوج کے ساتھ ڈرون فیڈریشن آف انڈیا بھی شراکت دار ہوگی۔ ڈرون مقابلے کا مقصد آپریشن سندور کے بعد اونچے مقامات پر جنگی حالات میں ڈرونز کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہے۔ مقابلے میں حصہ لینے والے ڈرون ساز ادارے کسی بھی چینی پرزے کا استعمال نہیں کر سکتے، ان اداروں کو 10700 فٹ کی بلندی پر قدرتی رکاوٹوں کے اوپر اپنے ڈرونز کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ بھارتی ناقدین کا کہنا تھا کہ ان ڈرون مقابلوں کی تشہیر میں بھارتی فوج کو اشتہاری مہم کا حصہ بنا کر بی جے پی نے قومی اداروں کو سیاسی ہتھیار میں بدل دیا ہے، ملکی مفاد کے نام پر عوامی فلاح کا بجٹ جنگی سرمایہ کاری اور دفاعی تماشوں کی نذر کی جا رہا ہے۔ ناقدین کا کہنا تھا کہ ایسے اقدامات سے مودی حکومت خطے کو جنگ کی طرف دھکیل رہی ہے، آپریشن سندور کی ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لیے فوج کو سیکورٹی کے بجائے سیاسی فائدے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔

جاپان میں گرمی کا نیا ریکارڈ قائم، درجہ حرات بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

سیاحتی مقام کیوٹو میں بھی پارہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا، محکمہ موسمیات

جاپان میں حالیہ دنوں میں اس قدر گرمی پڑ رہی ہے کہ گزشتہ ہفتے جاپان بھر سے 10 ہزار 804 افراد ہیٹ اسٹروک کا شکار ہوئے: رپورٹ

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں گرمی کا نیا ریکارڈ قائم ہوگیا، ملک میں درجہ حرارت نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق حالیہ برسوں میں موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے جب دنیا بھر میں درجہ حرارت میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے تو جاپان بھی شدید گرمی کی لپیٹ میں آنے سے محفوظ نہیں رہا۔ جاپانی محکمہ موسمیات نے بتایا کہ پریفیکچر ہیوگو کے مغربی علاقے میں گزشتہ روز درجہ حرارت 41.2 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ جاپانی محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ پریفیکچر ہیوگو کے مغربی علاقے میں بدھ کے روز بننے والے گرمی کے نئے ریکارڈ نے 2020 میں ہماماتسو اور 2018 میں کماگایا میں پڑنے والی 41.1 سینٹی گریڈ کی گرمی کے پچھلے ریکارڈ کو توڑ دیا ہے۔ جاپانی محکمہ موسمیات نے یہ بھی بتایا کہ سیاحتی مقام کیوٹو میں بھی پارہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق جاپان میں حالیہ دنوں میں اس قدر گرمی پڑ رہی ہے کہ گزشتہ ہفتے جاپان بھر سے 10 ہزار 804 افراد ہیٹ اسٹروک کا شکار ہوئے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا ہے کہ ملک میں گرمی کی شدت کی وجہ سے 16 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، حکومت کی جانب سے جاپان کے کئی شہروں میں ہیٹ اسٹروک کا الرٹ بھی جاری کیا جا چکا ہے اور حکام نے عوام سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ ریکارڈ اس دن سامنے آیا ہے

کینیڈا کے ساتھ تجارتی معاہدہ مشکل ہو جائے گا، ٹرمپ

کینیڈا کی فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کی مشروط رضامندی پر امریکی صدر کا ردعمل

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کی جانب سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کی مشروط رضامندی پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر جاری کیے گئے اپنے بیان میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ کینیڈا نے فلسطینی ریاست کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ کینیڈا کی جانب سے فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کرنے کے بعد امریکا کا کینیڈا کے ساتھ تجارتی معاہدہ کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ لندن میں کابینہ کے ہنگامی اجلاس کے بعد برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے کہا کہ غزہ کی صورتحال نہ بدلی تو برطانیہ ستمبر میں فلسطین کو ریاست تسلیم کرے گا۔ اسرائیل نے غزہ جنگ بندی، مغربی کنارے پر تسلط نہ کرنے کا اعلان اور دو ریاستی حل پر رضامندی نہ دی تو فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لیں گے، ستمبر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس سے پہلے فلسطینی ریاست کو مشروط تسلیم کریں گے۔

بھارت، روڈ پر سالگرہ مناتے نوجوان کا چھریوں کے وار سے بیہمانہ قتل

وِکاس اپنے دوست کے ہمراہ اپنی گاڑی میں موجود تھا ایک موٹر سائیکل سوار سے ٹکرا گیا، پولیس

نئی دہلی (این ای آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی کے علاقے فرید آباد میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں روڈ پر جھگڑے کے دوران ایک نوجوان کو چھ افراد نے چھریوں کے وار سے قتل کر دیا، مقتول جلد ہی شادی کے بندھن میں بندھنے والا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس کا بتانا تھا کہ وِکاس اپنے دوست کے ہمراہ اپنی گاڑی میں موجود تھا اور سالگرہ منا رہا تھا، اسی دوران ایک موٹر سائیکل سوار ان کی گاڑی سے ٹکرا گیا۔ پولیس کے مطابق وِکاس نے موٹر سائیکل سوار سے بات چیت کی کوشش کی جو جلد ہی تلخ کلامی میں بدل گئی، جھگڑے کے دوران موٹر سائیکل سوار نے فون کر کے اپنے ساتھیوں کو بھی بلا لیا۔ پولیس کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار افراد کے تقریباً چھ ساتھی موقع پر پہنچے اور گاڑی میں بیٹھے دونوں دوستوں پر لوہے کی سلاخوں اور چھریوں سے حملہ کر دیا۔ وحشیانہ حملے کے دوران وکاس موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ اس کا دوست شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اس کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ملزمان واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گئے تھے جن کی جائے واردات کے قریب لگے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے شناخت اور تلاش کی کوشش کی جاری ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں اور جلد ہی وکاس کے خاندان کو انصاف دلایا جائے گا۔ دوسری جانب وکاس کی والدہ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران بتایا کہ اس کا بیٹا صبح کام پر نکلا تھا، اس نے کہا تھا کہ آج رات دوستوں کے ساتھ سالگرہ منائے گا اور صبح گھر آئے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وکاس اور اس کا دوست، دونوں ایک نجی انشورنس کمپنی میں کام کرتے تھے اور قریبی دوست تھے۔

ٹیکسی سیکٹر میں ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف احتجاج کے لیے تین دن کے لیے اعلان کردہ عام ہڑتال کے دوران 29 جولائی 2025 کو لوانڈا کے کیمبا 2 ضلع میں ایک لوٹی ہوئی سپر مارکیٹ سے گزر رہے ہیں

کینیڈا ستمبر میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے پر مشروط رضامند

اوٹاوا/ واشنگٹن (این این آئی) کینیڈا ستمبر میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے پر مشروط رضامند ہوگیا۔ کینیڈین وزیراعظم نے کہا کہ ستمبر میں یو این جنرل اسمبلی سیشن میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ارادہ ہے۔ انہوں نے کہا فلسطینی صدر محمود عباس سے فون پر بات ہوئی۔ اس سے پہلے فرانس اور برطانیہ بھی فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے پر مشروط رضامندی ظاہر کر چکے ہیں۔ کینیڈا کے اعلان پر وائٹ ہاؤس عہدیدار کا ردعمل بھی آگیا۔ وائٹ ہاؤس عہدیدار نے کہا کہ ٹرمپ سمجھتے ہیں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے سے حماس کو انعام ملے گا، صدر ٹرمپ نہیں سمجھتے کہ انہیں انعام دیا جانا چاہیے۔

سان سلواڈور میں 1975 کے سلواڈور طلباء کے قتل عام کی 50 ویں برسی کی یاد میں ایک مظاہرے کے دوران ایک شخص سبز رنگ کی بھڑک رہا ہے



کینیڈا کے مارکو اروپ اوٹاوا میں کینیڈا کی ٹریک اینڈ فیلڈ چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے، جو بدھ سے شروع ہو رہی ہے

ویلنشیا اوپن اسکواش، حمزہ خان نے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے نوجوان اسکواش پلیئر حمزہ خان نے اسپین میں جاری 15 ہزار ڈالرز انعامی رقم والے ویلنشیا اوپن اسکواش کے کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ حمزہ نے ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں مصر کے پلیئر کو شکست دی۔ پاکستان کے حمزہ خان ویلیشیا اوپن اسکواش میں بھرپور فارم میں ہیں اور ایونٹ کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ انہوں نے ایونٹ کے ابتدائی دونوں راؤنڈز کے میچز آدھے گھنٹے سے کم وقت میں جیتے۔ دوسرے راؤنڈ کے میچ میں حمزہ نے تھرڈ سیڈ مصر کے یاسین الشفیع کو 3-0 سے ہرایا۔ حمزہ نے یہ میچ صرف 29 منٹ میں 11-9، 11-3، 11-8 کے اسکور سے اپنے نام کیا۔ اس سے قبل پہلے راو?نڈ میں حمزہ نے اسپین کے ہوگو لوفینٹی کو صرف 27 منٹس میں شکست دی تھی۔

AG انشورنس-سوڈل ٹیم کی ماریشس کی رائیڈر کمبرلے لی کورٹ پینار (C) SUEZ-FDJ ٹیم کی ڈچ رائیڈر ڈیمی وولرنگ (R) کے ساتھ جشن منا رہی ہے

پتہ نہیں بھارت اب کس منہ سے کھیلے گا' شاہد آفریدی نے باؤنسر دے مارا

ہماری عمر دیکھو، اس عمر میں ہم سیمی فائنل کھیل رہے ہیں، اب بھارت کو ہمارے ساتھ کھیلنا پڑے گا، گفتگو

لندن (این این آئی) بوم بوم آفریدی نے ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستان کے خلاف کھیلنے سے انکار پر بھارتی کھلاڑیوں پر باؤنسر کرواتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت اب نا جانے کس منہ سے کھیلے گا، پر کھیلے گا پاکستان کے ساتھ ہی۔ برطانیہ میں ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز لیگ جاری ہے جس میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں نے سیمی فائنل کیلیے کوالیفائی کیا تھا۔ اس سے قبل بھارتی کرکٹرز نے راؤنڈ میچ میں پاکستان کے خلاف کھیلنے سے انکار کر دیا تھا، بھارتی سیاستدان اروند ساونت نے بھی موجودہ کشیدگی کے تناظر میں پاکستان کے ساتھ کرکٹ نہ کھیلنے کا مشورہ دیا تھا۔ ان بیانات کے جواب میں پاکستان کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے برمنگھم کے ایک مقامی ریسٹورنٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھارتی ٹیم پر طنز کیا جس سے ہال قہقہوں سے گونج اٹھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں، ہماری عمر دیکھو، اس عمر میں ہم سیمی فائنل کھیل رہے ہیں، اب بھارت کو ہمارے ساتھ کھیلنا پڑے گا، چاہے وہ چاہے یا نہ چاہے، پتہ نہیں کس منہ سے کھیلے گا، مگر کھیلے گا ضرور۔ یہ بیان سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا جہاں پاکستانی شائقین نے بھارتی ٹیم کو آڑے ہاتھوں لیا اور شاہد آفریدی کی تعریف کی اور دلچسپ تبصرے کیے۔ ایک مداح نے تبصرہ کیا، 'ہمارے فائٹر جیٹ شاہد آفریدی نے 5 رافیل طیارے مار گرائے'، ایک اور صارف نے لکھا، 'کمال جواب دیا، اب پاکستانی کھلاڑیوں کو بھی میدان میں بھارتی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہیں ملانا چاہیے'

ٹی ٹونٹی سیریز کا پہلا میچ' ویسٹ انڈیز اور پاکستان (آج) آمنے سامنے ہوں گے

یہ میچ سینٹرل بروورڈ ریجنل پارک سٹیڈیم ٹرف گراؤنڈ، لاڈرہل، فلوریڈا میں رات کو فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا

فلوریڈا (این این آئی) ویسٹ انڈیز اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ (آج) جمعہ کو سینٹرل بروورڈ ریجنل پارک سٹیڈیم ٹرف گراؤنڈ، لاڈرہل، فلوریڈا میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ نائٹ ہوگا اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا۔ ویسٹ انڈیز سے ٹکراؤ کے لیے گرین شرٹس نے ہتھیار چمکا لیے، لاوڈرہل میں 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کے لیے سخت ٹریننگ کا سلسلہ جاری رہا، بیٹرز نے خاص طور پر ہارڈ ہٹنگ پر بھرپور توجہ دی جبکہ بولرز نے بھی نیٹ میں خوب پسینہ بہایا۔ 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کا آغاز آج پاکستانی وقت کے مطابق صبح 5 بجے سے ہوگا، اس کے لیے گرین شرٹس کی تیاریاں جاری ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم نے ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میچ سے قبل لاڈرہل کے براورڈ کاؤنٹی سٹیڈیم میں بھرپور پریکٹس کی۔ سیشن کے دوران کھلاڑیوں نے بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کی مختلف مشقیں کیں جبکہ کوچنگ سٹاف نے کنڈیشنز کو مدنظر رکھتے ہوئے نیٹ پریکٹس میں کھلاڑیوں کو مخصوص اہداف دیئے تاکہ وہ میچ کی صورتحال سے ہم آہنگ ہوسکیں۔ بیٹرز نے خاص طور پر پاور ہٹنگ پر توجہ مرکوز رکھی اور مختلف زاویوں سے شاٹس کھیلنے کی مشقیں کیں تاکہ حریف باؤلرز کے خلاف جارحانہ حکمت عملی اختیار کی جا سکے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ٹی ٹونٹی سیریز کے لیے شائقین کرکٹ بے چینی سے منتظر ہیں۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دلچسپ مقابلے کی توقع ہے۔ ویسٹ انڈیز ٹیم کے خلاف 3 ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں پاکستان ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر سلمان آغا لیڈ کریں گے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ 3 اگست کو کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری میچ 4 اگست کو کھیلا جائے گا۔ تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کے تینوں میچز فلڈ لائٹس کی روشنی میں سینٹرل بروورڈ ریجنل پارک سٹیڈیم ٹرف گراؤنڈ، لاڈرہل، فلوریڈا میں ہی کھیلے جائیں گے۔ ٹی ٹونٹی سیریز مکمل ہونے کے بعد پاکستان کی ٹیم برائن لارا سٹیڈیم، تاروبا، ٹرینیڈاڈ پہنچے گی جہاں تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 8 اگست کو کھیلا جائے گا، ون ڈے سیریز کا دوسرا میچ 10 اگست کو کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور ا?خری ون ڈے میچ 12 اگست کو کھیلا جائیگا۔ ون ڈے سیریز میں گرین شرٹس کو مایہ ناز وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان لیڈ کریں گے۔ یہ میچ سینٹرل بروورڈ ریجنل پارک سٹیڈیم ٹرف گراؤنڈ، لاڈرہل، فلوریڈا میں رات کو فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا سیشن کے دوران کھلاڑیوں نے بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کی مختلف مشقیں کیں جبکہ کوچنگ سٹاف نے کنڈیشنز کو مدنظر رکھتے ہوئے نیٹ پریکٹس میں کھلاڑیوں کو مخصوص اہداف دیئے

ریٹائرمنٹ کا کوئی ارادہ نہیں، وہیل چیئر پر آنے تک کرکٹ کھیلتا رہوں گا، شعیب ملک

لندن (این این آئی) پاکستان کے تجربہ کار آل راؤنڈر شعیب ملک نے کہا ہے کہ ان کا ریٹائرمنٹ لینے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2025 میں آسٹریلیا چیمپئنز کے خلاف پاکستان چیمپئنز کی کامیابی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں صاف کھاتا ہوں، اچھی نیند لیتا ہوں اور صحت مند کھاتا ہوں۔ ریٹائرمنٹ سے متعلق سوال پر 43 سالہ نوجوان کھلاڑی نے کہا کہ 'میں وہیل چیئر پر آنے تک کرکٹ کھیلتا رہوں گا۔ ٹی 20 کرکٹ میں شعیب ملک نے 124 ٹی 20 میں پاکستان کی نمائندگی کی اور 2435 رنز بنانے کے ساتھ 28

موریشین سائیکلسٹ کمبرلے لی کورٹ نے خواتین کی ٹور ڈی فرانس فیمز ریس 2025 کا پانچواں مرحلہ جیت لیا

کمبرلے لی کورٹ نے 165.8 کلو میٹر کا فاصلہ 3 گھنٹے 54 منٹ اور 7 سیکنڈز میں طے کر کے پہلی پوزیشن لی

پیرس (این این آئی) موریشین سائیکلسٹ کمبرلے لی کورٹ نے خواتین کی ٹور ڈی فرانس فیمز ریس 2025 کا پانچواں مرحلہ اپنے نام کر لیا۔ خواتین کی ٹور ڈی فرانس فیمز سائیکل ریس 2025 کے چوتھے ایڈیشن میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 22 ٹیموں کی نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس فیمز سائیکل ریس کے پانچویں مرحلے میں سائیکل سواروں نے فرانس میں جائیمارگنی (فیوچر سکوپ) سے گوریٹ تک 165.8 کلو میٹر فاصلہ طے کرنا تھا۔ 29 سالہ موریشین سائیکلسٹ کمبرلے لی کورٹ نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 165.8 کلو میٹر کا فاصلہ 3 گھنٹے 54 منٹ اور 7 سیکنڈز میں طے کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ 28 سالہ نیدرلینڈز کی سائیکل سوار ڈیمی وولرنگ نے دوسری جبکہ 35 سالہ نیدرلینڈز کی ہی سائیکلسٹ انا وین ڈیر بریگین نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پولینڈ کی 30 سالہ سائیکلسٹ کتارزینا نیویاڈوما نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ 29 سالہ موریشین سائیکلسٹ کمبرلے لی کورٹ نے پانچواں مرحلہ جیتنے کے ساتھ ہی یلو جرسی پر دوبارہ قبضہ حاصل کر لیا ہے۔ ٹور ڈی فرانس فیمز سائیکل ریس 9 مرحلوں پر محیط ہوگی جس میں سائیکل سوار 1168.6 کلو میٹر کا سفر طے کریں گی۔ خواتین کی ٹور ڈی فرانس فیمز سائیکل ریس میں 22 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں ہیں جو 9 روز جاری رہنے کے بعد 3 اگست کو اختتام پذیر ہوگی۔ خواتین کی ٹور ڈی فرانس فیمز سائیکل ریس میں پولینڈ کی 30 سالہ سائیکلسٹ کتارزینا نیویاڈوماگ اپنے اعزاز کا دفاع کے لئے کوشاں ہیں۔

لاہور: پہلی نیشنل یوتھ گیمز 2025 کی تیاریوں کے لیے سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں لاہور ڈویژن کی گرلز ہاکی ٹرائلز کا انعقاد کیا جا رہا ہے

بھارت کا انکار، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے پاکستان کو واک اوور دے دیا

برمنگھم (این این آئی) بھارت کے پاکستان سے سیمی فائنل کھیلنے سے انکار کے بعد پاکستان لیجنڈز کے اونر کامل خان کا بیان بھی سامنے آگیا۔ کامل خان نے کہا کہ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے ہمیں واک اوور دے دیا، ڈبلیو سی ایل کا موقف تھا کہ جو ٹیم سیمی فائنل نہیں کھیلے گی اس پر دوسری ٹیم کو واک اوور دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ڈبلیو سی ایل نے واک اوور دے دیا ہے اور ہم فائنل میں پہنچ گئے، بغیر سیمی فائنل کھیلے فائنل میں پہنچنے پر فرق نہیں پڑتا، جس طرح کی کرکٹ ہم کھیل رہے ہیں سیمی فائنل کا رزلٹ بھی ایسے ہی ہونا تھا۔ کامل خان نے کہا کہ ہماری ٹیم سیمی فائنل کھیلنے کے لیے تیار تھی، فرق نہیں پڑتا

یوکوہاما: اپنے 12 راؤنڈ کے WBA/WBC فلائی ویٹ ٹائٹل باکسنگ میچ کے اختتام پر US(R) کے چیلنجر ریکارڈو سینڈوول نے جاپان کے کینشیرو تراجی (فرنٹ L) کے خلاف اپنی تقسیم کے فیصلے کی فتح کا جشن منا رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

تاجر برادری ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے : ملک سکندر حیات

ایئرپورٹس پر امیگریشن حکام کو پاکستان یارن مرچنٹس ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) تاجر برادری ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے ایئرپورٹس پر امیگریشن حکام کو پاکستان یارن مرچنٹس ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کو سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے ممبران کی سہولت کے لئے ایسوسی ایشن اور چیمبر اپنا کردار ادا کرتے ہوئے خصوصی کاؤنٹر بنائیں ایف آئی اے کی طرف سے ایسوسی ایشن کے رجسٹرڈ ممبران کو بے جا حراساں نہیں کیا جائے گا یہ بات آج ڈائریکٹر ایف آئی اے ملک سکندر حیات نے پاکستان یارن مرچنٹس ایسوسی ایشن کی طرف سے دیئے گئے ظہرانہ سے خطاب کرتے ہوئے میڈیا کو بتایا۔ انہوں نے کہا محب وطن تاجر ہونے کے ناطے منی لانڈرنگ کے گھناؤنے کام سے بچنے کے لئے احتیاط سے کام لیں کسی اجنبی اکاؤنٹ سے فنڈز ٹرانسفر کرائے جائیں کاروبار کو دستاویزی شکل میں لے کے آئیں۔ کسی بھی تاجر کو اگر کوئی مسئلہ ہے تو دفتر ایف آئی اے کے دروازے آپ کی رہنمائی کے لئے ہر وقت کھلے ہیں FATF میں اپنی پوزیشن برقرار رکھنے کے لئے ہم پر پابندیاں ہیں آپ معزز تاجر برادری کے تعاون کی ضرورت ہے۔ اس سے پہلے سینئر وائس ایئرپورٹس پر امیگریشن حکام کو پاکستان یارن مرچنٹس ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے نے مہمان گرامی کے خطبہ استقبالیہ میں ایسوسی ایشن کا مختصر تعارف پیش کیا۔ اس کے بعد ممبران کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرائی جس میں فیڈرل محکمہ جات بجلی اور گیس کو سرفہرست پیش کیا گیا۔ ممبران کو ایف آئی اے کی طرف سے بے جا ہراساں کرنے اور ممبران کو پریشان کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی۔ ظہرانہ میں ڈائریکٹر ایف آئی اے ملک سکندر حیات نے ممبران کو ہر طرح کا تعاون فراہم کرنے اور ممبران کو بلاوجہ تنگ نہ کرنے کا وعدہ کیا اور کہا کہ کسی بھی مشکوک تاجر کی پوچھ گچھ کے لئے متعلقہ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کو اعتماد میں لینے کے بعد کاروائی کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے جشنِ آزادی اور حالیہ معرکہ حق کی مناسبت سے جمخانہ کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا

ایسے ٹورنامنٹس نوجوان نسل میں مثبت سوچ، نظم وضبط اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے جشنِ آزادی اور حالیہ معرکہ حق کی مناسبت سے جمخانہ کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر مہر عامر رشید، کھیلوں سے وابستہ افراد، کھلاڑیوں اور شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ افتتاحی تقریب میں قومی ترانہ پیش کیا گیا اور قومی پرچم تھامے نوجوانوں نے جذبہ حب الوطنی کا بھرپور اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پہلی گیند کھیل کر ٹورنامنٹ کا باضابطہ آغاز کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی بدولت ہمیں یہ وطن نصیب ہوا جب کہ حالیہ ایام میں معرکہ حق میں دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر پاک فوج نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ وطن عزیز کے دفاع میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ کھیلوں کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا اور ان میں قومی یکجہتی و ذمہ داری کا احساس بیدار کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ضلعی سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے ٹورنامنٹس نوجوان نسل میں مثبت سوچ، نظم وضبط اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر مہر عامر رشید کے مطابق جشنِ آزادی و معرکہ حق کرکٹ ٹورنامنٹ میں مختلف مقامی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور یہ مقابلے چار اگست تک جاری رہیں گے۔

ایک بار پھر صحافی برادری کی کا مقروض ہو گیا ہوں: محمد یونس گوندل



منڈی بہاوالدین (رپوٹ بیورو چیف) منڈی بہاوالدین کے معروف صحافی محمد یونس گوندل نے کہا ہے کہ میں ایک بار پھر صحافی برادری کی کا مقروض ہو گیا ہوں چار سال قبل بھی صحافی دوستوں نے بھرپور میرا ساتھ دے کر انصاف دلایا تھا اور اب ایک بار پھر خان آصف خان بلوچ، خاور قریشی، سید امجد بخاری، فیصل شکور، عامر بھٹی یونس شاہد سمیت دیگر ساتھیوں نے میرا ساتھ دے کر عزت افزائی اور انصاف دلوانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ محمد یونس گوندل نے اپنی صحافتی برادری کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور انہیں عزت دینے پر احسان مند ہونے کا اظہار کیا۔

واربرٹن میں آل پنجاب آزادی فیسٹیول چوہدری محمد اسلم بگڑ میموریل فلڈ لائٹ ٹینس بال کرکٹ ٹورنامنٹ (فری انٹری فیس) کا آغاز ہو رہا ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) واربرٹن میں آل پنجاب آزادی فیسٹیول چوہدری محمد اسلم بگڑ میموریل فلڈ لائٹ ٹینس بال کرکٹ ٹورنامنٹ (فری انٹری فیس) کا آغاز ہو رہا ہے تفصیلات کے مطابق واربرٹن میں آل پنجاب آزادی فیسٹیول چوہدری محمد اسلم بگڑ میموریل فلڈ لائٹ ٹینس بال کرکٹ ٹورنامنٹ (فری انٹری فیس) کا آغاز 8 اگست سے شروع ہو کر 14 اگست کو فائنل ہوگا اس موقع پر سابقہ وائس چیئرمین چوہدری محسن اقبال بگڑ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم ہر سال کی طرح اس بار بھی آزادی فیسٹیول کروا رہے ہیں جس میں کرکٹ کے ساتھ مختلف کھیلیں کروائی جائیں گی ہمارا مقصد کھیلوں کو فروغ دینا ہے تاکہ نوجوان نسل کھیلوں کی طرف آئے کھیلوں کے میدان آباد ہونگے تو ہسپتال ویران ہونگے ہمیں نوجوان نسل کو نشے جیسی منشیات سے روکنا ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ آزادی فیسٹیول چوہدری اسلم بگڑ میموریل فلڈ لائٹ ٹینس بال کرکٹ ٹورنامنٹ ہر سال کی طرح تمام ٹیموں کی فری انٹری ہوگی جس کا پہلا انعام 100000 روپے ہے اور دوسرا انعام 50000 روپے ہے۔ اس موقع پر چوہدری دلنواز بگڑ کا کہنا تھا کہ ہمیں جب جب موقع ملے گا ہم اپنے نوجوانوں کے لئے کھیلوں کے میدان سجاتے رہیں گے تاکہ نوجوان نسل نشے کی لعنت سے دور رہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان ملک وقوم کی محافظ۔ خواجہ عامر جاوید

پاک فوج کے فتنہ الخوارج وفتنہ الہندوستان کامیاب آپریشنز گرانقدر ہیں۔ محمد عمر بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواج پاکستان و سیکیورٹی فورسز کے ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور ہمارے غازی قوم کا وقار ہیں سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جیسی ولولہ انگیز قیادت میں افواج پاکستان کا دشمن کو منہ توڑ جواب بلاشبہ ہم پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے۔ سدا سلامت رہیں ہماری سیکیورٹی فورسز جنہوں نے ملک وقوم کو اقوام عالم میں سرخرو کیا سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر محب وطن پاکستانی و بہترین مسلمان ہیں کہ جن کی حب الوطنی اور قابلیت دلیری اور بہترین نعت مسلمان قیادت کا اعتراف ازلی دشمن بھارت کر رہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار سینیئر صحافی واینکر پرسن خواجہ عامر جاوید و معروف بزنس مین محمد عمر بٹ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سپہ سالار پاکستان نے اللہ کے فضل اور قوم کی دعاؤں کے ثمرات سے بنیان المرصوص میں وہ بے مثال کامیابی دلوائی کی دنیا عش عش کر اٹھی اور بھارت اور بھارتی گودی میڈیا کی بولتی بند بلکہ ہوا ٹائیٹ ہوگئی اور دنیا میں اسے شکر وخریمت اٹھانی پڑی جب امریکہ کے پاؤں پکڑ کے پاکستان سے جان چھڑائی۔

پیدائش ووفات کے سرٹیفکیٹس کا اجراء مفت کر دیا گیا، عدالتی ڈگری کی شرط ختم، مظفر مختار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

پنجاب لوکل گورنمنٹ کے رجسٹریشن آف برتھ اینڈ ڈیتھ رولز 2025 کے تحت یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہو چکا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ مظفر مختار نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب بھر میں بچوں کی پیدائش اور افراد کی وفات کے اندراج اور سرٹیفکیٹس کا اجراء مکمل طور پر مفت کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب لوکل گورنمنٹ کے رجسٹریشن آف برتھ اینڈ ڈیتھ رولز 2025 کے تحت یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب سات سال تک کی تاخیر سے بھی اگر کوئی شہری بچے کی پیدائش یا کسی فرد کی وفات کا اندراج کرواتا ہے تو اس پر کوئی فیس عائد نہیں کی جائے گی، اور سرٹیفکیٹ بھی بلا معاوضہ جاری ہوگا۔ مظفر مختار نے مزید بتایا کہ سات سال سے زائد دیر کی صورت میں عدالت کی ڈگری کی شرط بھی ختم کر دی گئی ہے اور اب یہ اختیار ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کو سونپ دیا گیا ہے، جس سے عوام کو عدالتی کارروائی سے نجات مل گئی ہے جس سے وقت اور پیسوں کی بچت ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سیالکوٹ کے زیر اہتمام جناح ہال قلعہ سیالکوٹ میں منعقدہ آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ گوجرانوالہ قمر ذیشان، ڈپٹی ڈائریکٹر عمر امجد بیگ، اے ڈی ایل جی جیر محمد جلیل بھٹی، معظم علی تارڑ، رانا آصف علی، محمد ارشد کے علاوہ یونین کونسلز کے سیکرٹریز، نکاح رجسٹرار، این جی اوز، محکمہ تعلیم اور وکلاء کے نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈویژن قمر ذیشان نے کہا کہ بچے کی برتھ رجسٹریشن ان کا بنیادی قانونی حق ہے۔ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں، اور اپنے بچوں کو فوری طور پر قریبی یونین کونسل میں مفت اندراج اور سرٹیفکیٹ کے ذریعے قانونی شناخت دیں۔

مسلم امہ نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی بمباری بند کروائے۔ میاں مستفیض شیر محمد شرقپوری

شرقپور شریف (نامہ نگار) صاحبزادہ میاں مستفیض شیر محمد شرقپوری نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد شیر ربانی ملحقہ دربار حضرت میاں شیر محمد شرقپوری المعروف شیر ربانی رحمتہ اللہ علیہ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ ہیں ان پر ظلم وستم ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ مسلم امہ یک جان ہو کر نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی بمباری بند کروائے۔ میاں مستفیض شیر محمد شرقپوری کا مزید کہنا تھا کہ تمام مسلم ممالک متحد ہو کر قبلہ اول کو واگزار کروائے۔

حکومت پنجاب کی ہدایات پر ضلع چنیوٹ میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام 14 روزہ تقریبات شروع ہو گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک، جشن آزادی اور معرکہ حق کے سلسلے میں حکومت پنجاب کی ہدایات پر ضلع چنیوٹ میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام 14 روزہ تقریبات شروع ہو گئیں۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سیٹلائٹ ٹاؤن میں طالبات نے پودے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ظفر اقبال، ڈی او سیکنڈری ایجوکیشن ڈاکٹر مختار، ایجوکیشن افسران، اساتذہ اور طالبات بھی موجود تھیں۔ طالبات تقریب کے دوران پر جوش نظر آئیں اور وطن سے محبت کا بھرپور اظہار کیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں ریونیو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں ریونیو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے عوام کے مسائل سنے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر اور دیگر ریونیو افسران کھلی کچہری میں موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر عوام کو درپیش ریونیو مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ تمام ریونیو افسران کی موجودگی میں عوام کو ایک ہی چھت تلے انکے مسائل کو حل کر کے حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام ریونیو افسران کو بھی ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں آنے والے لوگوں کے مسائل کو بروقت حل کر کے انہیں میرٹ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ کھلی کچہری میں آنے والے لوگوں نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے ریونیو مسائل کے حل کے سلسلہ میں درخواستیں پیش کی جن کے فوری حل کے لیے ڈپٹی کمشنر احکامات جاری کیے۔

ہیڈ مسٹریس کا اعزاز، میٹرک رزلٹ میں 81 فیصد طالبات کی کامیابی پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے اعزازی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز ماڈل ہائی سکول میں میٹرک رزلٹ کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی، تقریب میں میٹرک امتحان میں اچھے نمبر لینے والے طلبا اور ان کے اساتذہ میں تعریفی سرٹیفکیٹ دیے گئے، چیف ایگزیکٹو آفیسر قصور گلزار بھٹی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شوکت علی خان کی طرف سے کھڈیاں خاص کے نواحی گاؤں کچا پکا کی ہیڈ مسٹریس محترمہ صباندیر کو 81 فیصد رزلٹ پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔

دہشتگردی وبدامنی سے پاک پاکستان ہی پیغام پاکستان ہے

پاکستان وبلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہمیں اخلاص کے ساتھ آگے آنا ہوگا: پیر سید عمران احمد شاہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ پیر سید عمران لیکر آیا ہوں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بلوچستان یونیورسٹی، گرلز کالج پشین و کوئٹہ کے طالبہ کیلئے

احمد شاہ نے طالبات کیلئے مزید سکالرشپس کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی و بدامنی سے پاک پاکستان ہی پیغام پاکستان ہے، پاکستان و بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہمیں اخلاص کے ساتھ آگے آنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین کاروباری افراد کیلئے پائیدار ماحول کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سائرہ عطاء، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بڑیچ و دیگر موجود ہے۔ پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ بلوچستان و پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی جان کا نذرانہ تک پیش کر سکتا ہوں وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر قائد کے وژن خوشحال بلوچستان ترقی یافتہ پاکستان سکالرشپس دیں گے، ایک بیانیہ پیغام پاکستان جس میں ہم سب کو اپنا حصہ ڈالنا چاہیے، دہشتگردی وبدامنی سے پاک پاکستان پیغام پاکستان ہے، ہمارے بچوں، بچیوں، یوتھ پڑھے لکھے لوگ، صوبائی خودمختاری پیغام پاکستان ہے، پاکستان میں دنیا دیکھے گی کہ ایٹمی طاقت کے باوجود فیلڈ مارشل اور افواج پاکستان، بری، بحری اور فضائیہ نے ثابت کر دیا کہ پاکستان ایک طاقت ہے مودی اور بھارت کی خطے میں مزید بدمعاشی نہیں چلے گی۔ حضرت امام غزالی نے زندگی کو بہترین طریقے سے بیان کیا ہے کہ علم نہیں تو زندہ ومردہ ایک جیسے ہیں اگر علم ہے عمل نہیں تو خسارہ ہے فائدہ تب ہوگا جب اخلاص ہوگا اور اخلاص میں کامیاب وہی ہے جو تکبر نہیں کرتا، ہمارے پاس علم ہونے کے باوجود اخلاص نہ ہونے سے ہم پیچھے رہ جاتے ہیں۔ ہم نے سیاست کو عبادت سمجھ کر کیا ہے میری سیاست ووٹرز و سپورٹرز تک نہیں بھائی چارے کیلئے ہے۔

پٹرول کی کمی کے اثرات عام آدمی تک نہ پہنچ سکے

ٹرانسپورٹرز نے کرائے کم نہ کیے معمولی اضافہ سے خود ساختہ کرائے بڑھا لیے جاتے ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پٹرول کی کمی کے اثرات عام آدمی تک نہ پہنچ سکے ٹرانسپورٹرز نے کرائے کم نہ کیے معمولی اضافہ سے خود ساختہ کرائے بڑھا لیے جاتے ہیں لیکن جب پٹرول سستا ہوتا ہے کرایوں میں کمی نہیں کی جاتی شہریوں کا شکوہ تفصیل کے کے مطابق ٹرانسپورٹرز نے سرکاری احکامات کی دھجیاں اڑاتے ہوئے منہ مانگے کرائے وصول کرنا شروع کر دیے ہیں نارنگ سے شاہدرہ 200 نارنگ سے مرید کے 130 روپے نارنگ سے نارنگ موڑ جو صرف ڈیڑھ کلومیٹر سفر بنتا ہے 50 روپے وصول کیے جاتے ہیں جب پٹرول کی قیمت میں کمی آئے تو اس کے باوجود کرایوں میں کمی نہیں کی جاتی ضلعی انتظامیہ سمیت متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

پی ٹی آئی کو انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے: چوہدری عامر فاروق باجوہ

یہ جمہوریت نہیں بدترین آمریت ہے 9 مئی کو ایک ڈرامہ رچایا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پی ٹی آئی کو انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے یہ جمہوریت نہیں بدترین آمریت ہے 9 مئی کو ایک ڈرامہ رچایا گیا قوم اس بدترین ظلم کی مذمت کرتی ہے پی ٹی آئی کو ختم کرنے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی سب کو منہ کی کھانا پڑے گی جھوٹے کیس بنا کر قیادت کو جیل بھیجا گیا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ 108 رہنماؤں کو بلاجواز سزائیں دی گئیں جس کی مذمت کرتے ہیں قوم 5 اگست کو باہر نکلے اور اس ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں تاکہ جابرانہ روش کو لگام ڈالی جا سکے آج جو ظلم پی ٹی آئی پر کیا جا رہا ہے کل کو یہی ظلم ن لیگ اور پی پی کے ساتھ بھی ہوگا پی ٹی آئی ایک جنون کا نام ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

ملازمہ پر تشدد کا الزام، متاثرہ خاندان نے الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا

ملازمہ کی جانب سے عائد کئے گئے سنگین الزامات کے تحت ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) گاؤں 129/15-ایل کے رہائشی وقاص ولد محمد اسحاق نے گھریلو ملازمہ کی جانب سے تشدد اور حمل ضائع کرنے کے الزامات کو بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی قرار دے دیا ہے، وقاص کا کہنا ہے کہ ملازمہ کی جانب سے عائد کیے گئے سنگین الزامات کے تحت ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، تاہم وہ حلفاً کہتے ہیں کہ نہ تو کوئی جھگڑا ہوا اور نہ ہی کسی قسم کا تشدد کیا گیا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس غیر جانبدارانہ تحقیقات کرے تاکہ حقائق سامنے آ سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اگر تفتیش کے دوران الزامات جھوٹے ثابت ہوں تو ملازمہ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے تاکہ بے بنیاد الزامات لگانے کے سلسلے کو روکا جا سکے۔

گھر والوں سے رقم بٹورنے کیلئے اپنے ہی اغواء کا ڈرامہ رچانے والا نوجوان زیر حراست

ایمن آباد پولیس نے جدید سائنسی طریقہ کار، کال ڈیٹا ریکارڈ اور موبائل فون کی لوکیشن کی مدد سے سرگودھا سے بازیاب کیا

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) شہریوں کو گمراہ کرنے اور پولیس وسائل کا ضیاع کرنے والے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ قانون سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انہی احکامات کی روشنی میں ایس ڈی پی او کامونکی کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ ایمن آباد سب انسپکٹر بہرام فرید، سب انسپکٹر محمد اشتیاق پر مشتمل ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خود ساختہ اغواء کی جھوٹی واردات کو بے نقاب کیا۔ گھر والوں سے رقم بٹورنے کیلئے اپنے ہی اغواء کا ڈرامہ رچانے والا نوجوان زیر حراست۔ تفصیلات کے مطابق سفیان علی سکنہ رکھ کیر انوالی نے تھانہ میں درخواست دی کہ اس کا 18 سالہ بھائی صدام علی کو کسی نامعلوم نے اغوا کر لیا ہے۔ پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔ مغوی نے اپنے گھر والوں کو فون پر اطلاع دی کہ وہ اغواء ہو چکا ہے، نامعلوم افراد اُسے تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں اور اسے چھوڑنے کا 3 لاکھ 50 ہزار روپے مانگ رہے ہیں۔ ایس ڈی پی او کامونکی کی زیر نگرانی ایمن آباد پولیس ٹیم نے جدید سائنسی طریقہ کار، کال ڈیٹا ریکارڈ اور موبائل فون کی لوکیشن کی مدد سے سرگودھا میں کامیاب کارروائی کے دوران مغوی صدام کو شارع عام پر پیدل چلتے ہوئے بازیاب کر لیا۔ تحقیقات کے دوران یہ انکشاف ہوا کہ نوجوان نہ تو اغوا ہوا تھا اور نہ ہی کسی نے تشدد کیا بلکہ اس نے اپنے ذاتی مقصد کے لیے اغواء کا جھوٹا ڈرامہ رچایا تاکہ اہل خانہ سے پیسے حاصل کر سکے۔ شہری وسماجی حلقوں نے پولیس کی بروقت کارروائی اور سچ سامنے لانے پر خراج تحسین پیش کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے کہا کہ

دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا عوامی روڈ پر شکیلہ بی بی اپنے بیٹے علی حسن کے ہمراہ جا رہی تھی کہ ملزمان زعیم اشرف، منیر احمد اور چار نامعلوم آئے اور اسلحہ کے زور پر اس کے بیٹے علی حسن کو اغوا کر لیا لودھکی کے حیدر علی کی بیوی 25 سالہ (ص) گھر سے باہر گئی تو نامعلوم نے اغوا کر لیا جبکہ دو مختلف واقعات میں موٹر سائیکلیں چوری سبزی منڈی سے جاوید اقبال کی موٹر سائیکل چوری آدمکے چیمہ دوکان کے باہر سے سعید کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

نواحی علاقے بستی شکرو میں 2000 روپے کی معمولی شرط نے ایک دیہاتی شخص نے جان خطرے میں ڈال دی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) نواحی علاقے بستی شکرو میں 2000 روپے کی معمولی شرط نے ایک دیہاتی شخص نے جان خطرے میں ڈال دی، دریا راوی کو عبور کرنے کے دوران نوجوان دریا کے بیچ پھنس گیا، جس پر کشتی بانوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بحفاظت باہر نکالا، واقعے کی ویڈیو میڈیا پر وائرل ہو گئی، جس میں تمام مناظر دیکھے جا سکتے ہیں، دوسری جانب وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے دریاؤں میں نہانے اور جانے پر مکمل پابندی کے احکامات کے باوجود شہری کھلے عام قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ انتظامیہ کی خاموشی اور شہریوں کی لاپرواہی کسی بڑے حادثے کو دعوت دے سکتی ہے۔

اوکاڑہ کم عمر لڑکے کیساتھ زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کم عمر لڑکے کیساتھ زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تھانہ ستگھرہ کے علاقہ 24 ٹو آر میں کم عمر لڑکے کیساتھ زیادتی میں ملوث ملزم گرفتار۔ حسنین ملزم بہلا پھسلا کر بچے کو باغ امرود میں لے گیا۔ کم عمر لڑکے کیساتھ زبردستی زیادتی کر کے فرار ہو گیا تھا۔ پولیس نے قلیل وقت میں ملزم کو گرفتار کر لیا، مزید تفتیش جاری۔ ملزم کو قانون کیمطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، بچوں کے ساتھ زیادتی میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

جہلم جی ٹی روڈ کالا گجراں کے قریب تیز رفتار رکشہ بے قابو ہو کر بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جی ٹی روڈ کالا گجراں کے قریب تیز رفتار رکشہ بے قابو ہو کر بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گیا حادثے کے نتیجے میں چار خواتین سمیت 6 افراد زخمی تمام زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے رکشہ تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر پول سے ٹکرایا تھا زخمیوں میں 42 سالہ نرگس۔ 60 سالہ شاہدہ۔ 55 سالہ رضوانہ۔ 42 سالہ بابر۔ 45 سالہ فوزیہ اور 61 سالہ صدر نامی شخص شامل تھا۔

خاتون سمیت 3 منشیات فروش اور 1 شراب فروش پولیس کے شکنجے میں

منشیات فروشوں کے قبضہ سے 1 کلو 480 گرام ہیروئن، 3 کلو 120 گرام چرس اور شراب فروش سے 20 لیٹر شراب برآمد

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور شراب فروشوں کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس ڈی پی او پیپلز کالونی نیاز خان کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون سمیت 3 منشیات فروش اور 1 شراب فروش کو گرفتار کر لیا۔ منشیات فروش زمان کے قبضہ سے ایک کلو چارسو اسی گرام ہیروئن، منشیات فروش نبیلہ کے قبضہ سے ایک کلو چھ سو بیس گرام چرس، منشیات فروش رضوان کے قبضہ سے ایک کلو پانچ سو گرام چرس جبکہ شراب فروش شہباز مسیح کے قبضہ سے بیس لیٹر شراب برآمد۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ سماجی و سیاسی تیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں اور شراب فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس اور انچی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

منشیات فروش عمران ولد پائندہ خان کے قبضہ سے 01 کلو 260 گرام چرس

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایس ایچ او تھانہ ڈھڈیال سب انسپکٹر رافع توصیف، اسسٹنٹ سب انسپکٹر جہانزیب حسن نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش عمران ولد پائندہ خان کے قبضہ سے *01 کلو 260 گرام چرس* برآمد کر کے منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ملزم گرفتار۔

ڈسٹرکٹ آفیسر ڈی او سی سی ڈی مہر محمد یوسف سی سی ڈی اوکاڑہ دبنگ آفیسران میں شامل ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ آفیسر ڈی او سی سی ڈی مہر محمد یوسف سی سی ڈی اوکاڑہ دبنگ آفیسران میں شامل ہیں اوکاڑہ ڈی او سی سی ڈی انچارج مہر محمد یوسف ایک باوقار نڈر اور فرض شناس پولیس افسر کے طور پر جانے جاتے ہیں ڈسٹرکٹ آفیسر مہر محمد یوسف کی قیادت میں سی سی ڈی ضلع بھر میں جرائم کیخلاف موثر کارروائیاں کر رہی ہیں جن میں منشیات فروشوں جرائم پیشہ عناصر اور قانون شکنوں کے خلاف سخت اقدامات شامل ہیں ڈسٹرکٹ آفیسر اوکاڑہ دبنگ افسر مہر محمد یوسف غیر جانبدارانہ کارروائیوں کی بدولت نہ صرف اہل علاقہ ضلع بھر کے دلوں میں جگہ بنا چکے ہیں بلکہ محکمہ پولیس میں بھی ان کی میرٹ پر مبنی کارکردگی کی مثالیں دی جاتی ہیں اس کی مثال آپ کے سامنے ہے ضلع بھر میں چوروں ڈکیتوں کیخلاف کارروائی شروع ہے ہمیشہ قانون کی بالا دستی اور انصاف کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیح سمجھتے ہیں شہریوں کے مسائل سننا اور فوری ایکشن لینا ان کا خاصہ ہے ایسے افسران ہی محکمہ پولیس کے وقار میں اضافہ کرتے ہیں اور عوام کا پولیس پر اعتماد بحال کرتے ہیں ڈسٹرکٹ آفیسر مہر محمد یوسف غریبوں کی مثال بن چکے ہیں ہر دن غریب لوگوں کی چوریاں ہوتی رہتی تھی۔

آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کی زیر نگرانی ریجن فیصل آباد پولیس کی رواں سال 2025 جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد ذیشان اصغر نے ضلعی سربراہان کو کریک ڈاؤن تیز کرنے کے احکامات جاری کیے جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ریجن فیصل آباد میں رواں سال 2025 ماہ جنوری سے ماہ جولائی تک کے دوران 271 خطرناک گینگز گرفتار کیے گئے ان گینگز میں ملوث 691 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جس کے نتیجے میں 2361 مقدمات ٹریس ہوئے اور ملزمان کے قبضہ سے 61 وہیکلز، 1176 موٹر سائیکلز، 81 تولے طلائی زیورات، 268 عدد موبائل فون، 272 مویشی اور نقدی تقریباً 1. 8 بلین روپے سے زائد نقدی برآمد ہوئی۔ منشیات فروشوں کے خلاف 3822 مقدمات درج کرتے ہوئے 3623 ملزمان گرفتار کیے گئے اور ان سے ہیروئن 261 کلو گرام برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لی گئی۔ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پسٹل 2957، ریوالور 19، بندوقیں 7 4 2، کلاشنکوف 5 8، رائفلیں 220 اور 13249 گولیاں برآمد کی گئیں۔ کائیٹ فلائنگ کے خلاف 216 مقدمات درج کرتے ہوئے 231 ملزمان گرفتار کیے گئے اور ان کے قبضہ سے 31506 کائیٹ اور 546 ڈور چرخیاں برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لی گئی۔ انسداد جرائم کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ کیٹگری A کے 2114 اور کیٹگری B کے 4912 مجرمان اشتہاری جبکہ کیٹگری A کے 367 اور کیٹگری B کے 4114 عدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر نے مزید کہا کہ سٹریٹ کرائم بالخصوص ڈکیتی وراہزنی، ہاؤس رابری کے خاتمہ اور اس میں کمی کے لیے موثر اور قابل عمل حکمت عملی اختیار کی جائے۔ پولیس پٹرولنگ کو نتیجہ خیز، مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری اور ریکارڈ یافتہ مجرمان سے پوچھ گچھ کا عمل اختیار کرتے ہوئے جرائم میں کمی لائی جائے۔ مزید انہوں نے کہا کہ کرائم ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی کی جائے۔ جرائم میں ملوث گینگز کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے اور ان کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں پابند سلاسل کیا جائے۔ منشیات فروشوں، جوئے کے اڈوں اور قحبہ خانوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے۔

دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ فائرنگ کے نتیجے میں تین افراد جان بحق

ڈی پی او اوکاڑا راشد ہدایت کا نوٹس پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ تھانہ صدر کے علاقے 32 ایل میں دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ فائرنگ کے نتیجے میں تین افراد جان بحق تین شدید زخمی ڈی پی او اوکاڑا راشد ہدایت کا نوٹس پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی تفصیلات کے مطابق اوکاڑا تھانہ صدر کی حدود نواحی گاؤں 32 ٹو ایل میں دو گروپوں میں ریت کے ٹھیکے پر تنازعہ چل رہا تھا جس پر آج دونوں گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا فائرنگ کے نتیجے میں ایک گروپ کا سیکورٹی گارڈ جاں بحق جبکہ دوسرے گروپ کے دو افراد جان بحق ہو گئے اور تین افراد شدید زخمی بھی ہوئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او اوکاڑا نے مقامی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچنے کا حکم دیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے

علاقہ تھانہ یوسف والا میں ڈبل مرڈر کا لرزہ خیز واقعہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) علاقہ تھانہ یوسف والا میں ڈبل مرڈر کا لرزہ خیز واقعہ چک نمبر 61/5L، ساہیوال آج صبح تقریباً 5:45 بجے کے قریب تھانہ یوسف والا کے علاقے میں دوہرے قتل کا افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق مقتولین میاں بیوی اپنے کمرے میں سو رہے تھے، جبکہ ان کے دو جوان بیٹے قریب ہی تقریباً پانچ فٹ کے فاصلے پر کمرے سے باہر سو رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق میاں بیوی کو اینٹوں کے وار سے قتل کیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او ساہیوال فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور جائے وقوعہ کا جائزہ لیا۔ پولیس کی جانب سے خصوصی تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق، ملزمان کو جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ پولیس ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ اس ہولناک واقعے کی اصل حقیقت جلد از جلد سامنے لائی جائے۔

سپورٹس گالا برائے اساتذہ میں حافظ آباد کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا

گوجرانوالہ وگجرات ڈویژن میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جس پر ضلع بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب سپورٹس گالا برائے اساتذہ میں حافظ آباد کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گوجرانوالہ وگجرات ڈویژن میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جس پر ضلع بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس اہم کامیابی کے اعتراف میں معروف سیاسی وسماجی رہنما شیخ گلزار احمد نے کامیاب ٹیم کے اعزاز میں ایک باوقار عشائیے کا اہتمام کیا، جس میں محکمہ تعلیم کے افسران، نمایاں کارکردگی دکھانے والے اساتذہ اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران نمایاں کھلاڑی اساتذہ کو میڈلز، اسناد اور ٹرافیاں پیش کی گئیں، جب کہ شرکاء نے شیخ گلزار احمد کی پرخلوص میزبانی اور اساتذہ کی عزت افزائی کے جذبے کو سراہا۔ اس موقع پر وقاص نجم نے کہا کہ حافظ آباد کی ٹیم نے نظم وضبط، جذبے اور محنت کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، جس پر پورا ضلع فخر محسوس کرتا ہے۔ شیخ گلزار احمد کی جانب سے دی گئی عزت افزائی نے اس کامیابی کو مزید یادگار بنا دیا۔

بارہ سالہ بچے پر مبینہ طور پر جھوٹا مقدمہ درج، اہل علاقہ کا شدید احتجاج

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) بارہ سالہ بچے پر مبینہ طور جھوٹا مقدمہ درج، اہل علاقہ کا شدید



احتجاج، سی پی او گوجرانوالہ سے مقدمہ خارج کرنے کا مطالبہ، تفصیل کے مطابق تھانہ کوٹ لدھا کے علاقہ رام گڑھ میں اعظم اور شہباز وغیرہ کے درمیان معمولی تنازعہ چل رہا تھا جس کی معززین علاقہ قیصر مانگٹ کے ڈیرہ پر معززین علاوہ کی موجودگی میں صلح کروادی گئی جھگڑے کے دوران اعظم کے نابالغ بیٹے کو تشدد کر کے شدید زخمی کر دیا گیا۔ معززین علاقہ کے صلح کرانے پر دونوں فریقین نے ہر طرح کی کارروائی نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی مگر وقوعہ کے ایک ماہ بعد شہباز احمد نے مخالف فریق کے خلاف ضرر کا مقدمہ درج کروا دیا۔ جس پر اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے گزشتہ روز شدید احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ شہباز وغیرہ نے مبینہ طور پر جھوٹا میڈیکولیگل بنوا کر مقدمہ درج کروایا ہے بارہ سالہ نابالغ بچے کو مقدمہ میں ملوث کر کے تحت زیادتی کی گئی ہے اعظم اور اسکے بیٹوں کو وقوعہ میں شدید مضروب کیا گیا جسکا ابھی تک کراس ورشن درج نہیں کیا گیا ہے جبکہ جھوٹے میڈیکولیگل کو بورڈ میں چیلنج کر دیا گیا ہے علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سی پی او گوجرانوالہ دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ جھوٹا مقدمہ خارج کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بمبانوالہ پولیس کی موضع اوٹھیاں میں قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بمبانوالہ پولیس کی موضع اوٹھیاں میں قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں ایک ہی دن میں چار ملزمان سے اسلحہ اور سات کلو منشیات برآمد۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر ناجائز اسلحہ اور منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ایس ایچ او تھانہ بمبانوالہ ایس آئی ریاض بسراء کی نگرانی میں پولیس نے موضع اوٹھیاں میں کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات فروشوں کے سرغنہ ملک اکرم کو گرفتار کر کے اڑھائی کلو منشیات۔ سفیان سے دو کلو دو سو گرام منشیات اور سعید انور سے دو کلو دو سو گرام منشیات برآمد کر کے انکے خلاف مقدمات درج کر لیے ملزمان ڈسکہ کے مختلف علاقوں میں ملک اکرم سے منشیات لے کر فروخت کرتے تھے جبکہ محمد دانش※ بلال※ باسط علی اور سعد کے قبضہ سے ایک ایک پسٹل اور گولیاں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی جا رہی ہیں

ایس ای چکوال وحید احمد عباسی کی چکوال سرکل میں بہترین خدمات کے اعتراف میں اور بہترین کارکردگی پر Appreciation Award سے نوازا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایس ای چکوال وحید احمد عباسی کی چکوال سرکل میں بہترین خدمات کے اعتراف میں اور بہترین کارکردگی پر Appreciation Award سے نوازا گیا ایس ای چکوال سرکل وحید احمد عباسی چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو محمد نعیم جان کے دست مبارک سے بیسٹ پرفارمنس ایوارڈ حاصل کر رہے ہیں

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

تبدیلی نام

میرا اصل نام الفت شبیر ہے جبکہ شناختی کارڈ پر غلطی سے میرا نام الفت لکھا گیا ہے لہذا میرا نام محکمہ نادرہ درست کرے اور سرکاری کاغذات میں میرا نام الفت شبیر لکھا اور پکارا جائے۔

المشتہر: الفت شبیر ولد غلام شبیر سکنہ رتو کالا تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

بقیہ بقیہ جات 1

ہل پنجاب کی جانب سے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ ملاقات میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر برادرانہ باہمی تعلقات، اقتصادی شراکت داری، تعلیم، سائنس اور پائیدار ترقی میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صدر یو اے ای شیخ محمد بن زاید النہیان کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یو اے ای کی سائنسی ترقی، ماحول دوستی اور جدید وژن کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں، اداروں اور کاروباری برادری کو پنجاب میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت بھی دی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور یو اے ای کا رشتہ محض سفارتی نہیں بلکہ دلوں میں بسا بندھن ہے۔ پاکستان اور یو اے ای کا باہمی رشتہ وقت اور حالات کی آزمائشوں میں ہمیشہ سرخرو رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یو اے ای کے ساتھ تعلیم، تحقیق اور ماحولیات کے میدان میں اشتراک عمل کو مزید وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ پاکستان اور یو اے ای کے درمیان سرکاری و سفارتی پاسپورٹ ہولڈرز کے لیے ویزا فری انٹری کی اجازت قابل تحسین ہے۔ پاک یو اے ای دوطرفہ تجارتی حجم میں اضافہ باعث مسرت ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں کو جدت کی راہ پر گامزن کر دیا۔ پنجاب بزنس فرینڈلی انوائرمنٹ کے ساتھ سرمایہ کاری کے لیے بہترین انتخاب بن چکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔ اس موقع پر بلوچستان کی ترقی اور مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو صوبے میں امن و امان اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ صدر مملکت نے بلوچستان میں امن و امان مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے

بقیہ بقیہ جات 3

ل 25-2024 کے دوران پاکستان کی تجارتی کارکردگی کے جائزے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جمعہ کو جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق اجلاس میں وزارت کے سینئر افسران نے شرکت کی جس میں عالمی تجارتی چیلنجز کے باوجود پاکستان کی برآمداتی حکمت عملی کا جائزہ اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی سطح پر جاری تجارتی تنازعات، معاشی سست روی، قیمتوں کی سخت مسابقت اور جغرافیائی سیاسی کشیدگیوں کے باوجود پاکستان کی برآمدات نے استحکام کا مظاہرہ کیا۔ مالی سال 25-2024 کے دوران ملک کی کل برآمدات 31.75 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں جو کہ گزشتہ مالی سال 30.76 ارب امریکی ڈالر تھیں یعنی برآمدات میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی جس کا زیادہ تر کریڈٹ ویلیو ایڈڈ اور غیر روایتی شعبوں کو جاتا ہے۔ برآمدات میں اضافے کے نمایاں شعبے جن میں ٹیکسٹائل اور ملبوسات کا شعبہ، تیار ملبوسات میں 15 فیصد اضافہ، سلے ہوئے ملبوسات میں 16 فیصد اضافہ، ہوم ٹیکسٹائلز میں 9 فیصد اضافہ، تمباکو اور سگریٹس میں 135 فیصد غیر معمولی اضافہ، پلاسٹک مصنوعات میں 17 فیصد اضافہ، سیمنٹ کی برآمدات میں 25 فیصد اضافہ، ادویات اور آئی سی ٹی سے متعلق خدمات کی برآمدات میں بھی مثبت پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے۔ وزیر تجارت نے ان شعبہ جات کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ غیر روایتی برآمدات میں اضافہ پاکستان کی طویل المدتی تجارتی پالیسی کے لیے نیک شگون ہے۔ جام کمال نے کہا کہ درآمدات کے حوالے سے سرمایہ جاتی اشیاء میں 24 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جو کہ ملکی صنعت کی بحالی اور صارفین کے اعتماد میں بہتری کی علامت ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر کی جانب سے اہم ہدایات بھی جاری کی گئیں جن میں ملک مخصوص برآمداتی منصوبے، خاص طور پر ابھرتی ہوئی اور غیر روایتی منڈیوں پر توجہ، ٹریڈ الرٹ سسٹم کا قیام تاکہ عالمی سطح پر تجارتی رکاوٹوں، TBT/SPS معاملات اور تجارتی اقدامات کا بروقت جواب دیا جا سکے۔ اس کے علاوہ سیکٹورل ایکسپورٹ کونسلز کو فعالی تاکہ نجی شعبے سے موثر مشاورت اور پالیسی سازی کو بہتر بنایا جا سکے، مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا اینالٹکس کے ذریعے تجارتی انٹیلی جنس، مصنوعات و منڈی کی مطابقت اور مارکیٹنگ کو جدید خطوط پر استوار کرنا، سروسز ایکسپورٹس (خصوصاً ICT، فری لانسنگ اور تخلیقی صنعتوں) کے فروغ کے لیے جامع قومی حکمت عملی کی تیاری کے بارے میں ہدایات جاری کیں۔ وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ اور غیر روایتی برآمدات میں ہماری کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کا تجارتی شعبہ بدلتے عالمی حالات میں ڈھلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، حکومت تجارتی برادری کو سہولیات فراہم کرنے، نئی منڈیوں تک رسائی یقینی بنانے اور دوطرفہ و کثیرالطرفہ فریم ورکس جیسے PTA/FTA کو بھرپور طریقے سے استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارت ہماری معیشت کی تبدیلی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی کلید ہے اور وزارت اس ہدف کے حصول کے لیے کام جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

نہ بنا کر مکمل تباہ کر دیا گیا۔ آر پی او بنوں سجاد خان کے مطابق گزشتہ رات سے جاری آپریشن میں 6 دہشتگرد مارے جا چکے اور 3 کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ آر پی او بنوں نے بتایا کہ آپریشن کے دوران 25 مشتبہ افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

میں انہوں نے کہا کہ چین کی مسلح افواج کا قومی اور عالمی امن کے لیے کردار قابل تحسین ہے۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا ہم اپنے آہنی بھائی کو سلام پیش کرتے ہیں، پاک چین تعلقات صرف ریاستی یا دفاعی مفادات تک محدود نہیں بلکہ یہ دلوں کے رشتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ پیپلز لبریشن آرمی کی پیشہ ورانہ مہارت، جدید عسکری حکمت عملی اور قومی خدمت کا جذبہ مثالی ہے، جبکہ پاک چین مسلح افواج کے مابین باہمی اعتماد، تربیتی تعاون اور دفاعی اشتراک وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہو چکا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پنجاب حکومت چین کے ساتھ صنعتی ترقی، ماحولیات، زراعت اور تعلیم جیسے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم

بقیہ بقیہ جات 6

بق چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے 98 یوم تاسیس پر جی ایچ کیو میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں چینی سفیر جیانگ زائیڈونگ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر چینی دفاعی اتاشی میجر جنرل وانگ زونگ، چینی سفارتخانے کے افسران اور پاکستان کی تینوں مسلح افواج کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے پیپلز لبریشن آرمی کو مبارکباد دیتے ہوئے چین کے دفاع، سلامتی اور قومی تعمیر و ترقی میں پی ایل اے کے کردار کی تعریف کی اور دونوں ممالک کے درمیان سٹریٹجک تعاون کی اہمیت کا بھی ذکر کیا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات منفرد، آزمائی ہوئی دوستی کی بنیاد پر ہیں، دونوں ممالک علاقائی اور عالمی چیلنجز پر مشترکہ موقف رکھتے ہیں، پاک چین تعلقات، باہمی اعتماد، غیر متزلزل حمایت اور مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔ فیلڈ مارشل نے یہ بھی کہا کہ سٹریٹجک صورتحال بدلنے کے باوجود دونوں ممالک کی دوستی ثابت قدم اور غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان آرمی اور پی ایل اے کے تعلقات حقیقی معنوں میں بھائیوں کی طرح ہیں، اور دونوں افواج کی مشترکہ عسکری شراکت داری علاقائی استحکام کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرتی رہے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چینی سفیر نے تقریب کے انعقاد پر فیلڈ مارشل کو خراج تحسین پیش کیا، چینی سفیر نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کے کردار کو سراہا۔ چینی سفیر نے پاکستان کے ساتھ سٹریٹجک شراکت داری اور حمایت کے عزم کا اعادہ بھی

بقیہ بقیہ جات 7

کا نفاذ 7 اگست سے ہوگا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات پر 19 فیصد جبکہ بھارت سے درآمد ہونے والی اشیا پر 25 فیصد ٹیرف عائد کر دیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق جن ممالک سے امریکا کو تجارتی فائدہ ہے اُن پر 10 فیصد ٹیرف لاگو ہوگا تاہم جن ممالک کے ساتھ تجارتی خسارہ ہے، اُن پر اب 15 فیصد ٹیرف لگے گا اور ایسے ممالک کی تعداد تقریباً چالیس ہے۔ اس کے علاوہ 26 ممالک پر 15 فیصد سے زیادہ ٹیرف لگے گا، جن میں پاکستان 19 فیصد، بھارت 25 فیصد، بنگلہ دیش 20 فیصد، عراق 35 فیصد، شام 41 فیصد اور میانمار پر 40 فیصد ٹیرف لاگو ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 8

پریشن 2025 کی افتتاحی تقریب روس کے مشرقی شہر ولادی ووستک میں منعقد ہوئی، مشق 3 تا 5 اگست تک بحیرہ جاپان میں ہوگی۔ عرب ٹی وی کے مطابق روسی پیسفک فلیٹ کی پریس سروس نے بتایا کہ چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے دو جنگی بحری جہاز، ایک آبدوز اور دو ریسکیو و معاون جہاز روس کے ساحلی شہر ولادی ووستک میں مشق میں حصہ لینے کے لیے پہنچ چکے ہیں۔ یہ مشقیں روس کے وائس ایڈمرل ڈینس بریزووسکی اور چین کے وائس ایڈمرل لیو زیزھو کی قیادت میں ہوں گی۔ روس کے وائس ایڈمرل ڈینس بریزووسکی نے مشقوں میں حصہ لینے والے عملے سے خطاب میں کہا کہ یہ مشقیں دفاعی اور امن قائم رکھنے کے مقاصد کے تحت کی جا رہی

بقیہ بقیہ جات 9

ٹی وی کے مطابق ہیلتھ انشورنس کونسل کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جرمانے عائد کیے جانے سے قبل تمام اداروں کو نوٹس جاری کیے گئے تھے جس میں انہیں انتباہ کیا گیا تھا کہ کارکنوں کے بیمہ قوانین کی خلاف ورزی ریکارڈ کی گئی ہے جسے دی گئی مدت کے دوران حل کیا جائے۔ ہیلتھ کونسل نے کہا کہ کمپنیوں کو جاری کیے گئے نوٹس کی مدت ختم ہونے کے بعد ان پر جرمانے عائد کیے گئے جو قانون کے مطابق ہیں۔ واضح رہے کہ سعودی عرب میں ہیلتھ انشورنس قوانین کے مطابق آجر کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے کارکن اور ان کے اہل خانہ کے لئے سالانہ بنیادوں پر میڈیکل انشورنس فراہم کرے تاکہ وہ اپنا ضروری علاج آسانی سے کروا

بقیہ بقیہ جات 10

شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران شہادت کا رتبہ پانے والے ایلیٹ فورس اہلکاروں کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت، ڈاکوؤں نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر چھپ کر بزدلانہ حملہ کیا، پنجاب پولیس کا مورال بلند، بزدلانہ کارروائیاں جانیں قربان کرنے والی پولیس فورس کا مورال پست نہیں کر سکتیں کچے کے ڈاکوں کے خلاف پولیس آپریشن بھرپور طاقت سے جاری رہے گا، جوانوں کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے، شہدا میں محمد عرفان، محمد سلیم اور خلیل کا تعلق بہاولنگر جبکہ خلیل اور غضنفر کا تعلق رحیم یار خان سے ہے، ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق رحیم یار خان پولیس کا ڈاکوؤں کا تعاقب جاری، فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک حملہ آور ڈاکو کو ہلاک، شہید ہونے والے پانچ اہلکاروں کی نماز جنازہ جمعہ کے روز پولیس لائن رحیم یار خان میں ادا کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

فیصد اضافہ ہوا ہے، مالی سال 24-2023 کے دوران یورپی ممالک کو کی جانے والی برآمدات میں 3.12 فیصد کمی ہوئی تھی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال میں جولائی 2024 تا جون 2025 کے دوران یورپی منڈیوں کو کی جانے والی برآمدات کی مالیت 8.863 ارب ڈالر تک پہنچ گئی جبکہ مالی سال 24-2023 کے دوران یورپی ممالک سے برآمدات کی مد میں 8.249 ارب ڈالر کا زر مبادلہ کمایا گیا تھا۔ اس طرح مالی سال 24-2023 کے مقابلے میں گزشتہ مالی سال 25-2024 کے دوران یورپی یونین کے ممالک کو کی جانے والی ملکی برآمدات میں 0.614 ارب ڈالر یعنی 7.44 فیصد کی بڑھوتری ریکارڈ کی گئی

بقیہ بقیہ جات 12

شخص تشدد کے نتیجے جان کی بازی ہار گیا

بقیہ بقیہ جات 13

کی اپنی خواہش واضح کر دی ہے۔ سینئر امریکی سفارت کار جان کیلی نے 15 رکنی کونسل کو بتایا کہ روس اور یوکرین دونوں کو جنگ بندی اور دیرپا امن کے لیے بات چیت کرنی چاہیے۔ اب ایک معاہدے تک پہنچنے کا وقت آ گیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے واضح کیا کہ یہ 8 اگست تک ہونا چاہیے۔ امریکہ امن کو محفوظ بنانے کے لیے اضافی اقدامات پر عمل درآمد کے لیے تیار ہے۔ ٹرمپ نے گزشتہ پیر کو اعلان کیا تھا کہ وہ اپنے روسی ہم منصب ولادیمیر پوٹن کو یوکرین کی جنگ ختم کرنے کے لیے 10 یا 20 دن دیں گے جس سے پچھلی 50 دن کی ڈیڈ لائن کم ہو جائے گی۔ اپنے حصے کے لیے روسی صدارت نے گزشتہ پیر کو واضح کیا کہ وہ حالیہ کشیدگی کے باوجود ہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتین کے درمیان ملاقاتوں کو مسترد نہیں کرتے۔ روسی خبر رساں ایجنسی TASS کے مطابق کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے صحافیوں کو بتایا کہ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آیا دونوں رہنما ایک ہی وقت میں ایک ہی ملک میں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ملاقات ستمبر میں چین میں ہو سکتی ہے کیونکہ پوتین دوسری جنگ عظیم کے خاتمے کی 80 ویں سالگرہ کے موقع پر چین کا دورہ کرنے والے ہیں۔ جنوری میں ٹرمپ کے وائٹ ہاس میں واپس آنے کے بعد سے دونوں صدور نے پانچ بار فون پر بات کی ہے۔ امریکی صدر یوکرین کے تنازع کو جلد از جلد ختم کرنے کے لیے کوشاں

بقیہ بقیہ جات 14

کو تسلیم کرنے کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور دوسرے ممالک پر بھی اس کی پیروی کرنے پر زور دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق دونوں ممالک کی طرف سے کہا گیا ہے کہ وہ آئندہ ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ سعودی عرب کی وزارتِ خارجہ نے ایکس پر بیان میں کہا کہ مملکت دو ریاستی حل کے استحکام کا باعث بننے والے ایسے مثبت فیصلوں کی سراہتی ہے۔ سعودی عرب دوسرے ممالک سے امن کی حمایت پر مبنی ایسے سنجیدہ اقدامات کے لیے اپنے مطالبے کا اعادہ کرتا ہے

بقیہ بقیہ جات 15

روائیوں کے دوران گزشتہ ماہ جولائی ان میں 7 کشمیریوں کو شہید کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے ریسرچ سیکشن کی طرف سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق ان میں سے 5 کشمیریوں کو تلاشی اور محاصرے کی کارروائیوں کے دوران جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا۔ بھارتی فوجیوں اور پیرا ملٹری فورسز نے تلاشی اور محاصرے کی 144 کارروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کے دوران 49 کشمیریوں کو گرفتار کیا جن میں بیشتر سیاسی کارکن اور نوجوان شامل تھے۔ ان میں سے کئی نظربندوں کے خلاف پبلک سیفٹی ایکٹ، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے ایکٹ سمیت کالے قوانین کے تحت مقدمات درج کر کے انہیں مختلف جیلوں میں نظربند کر دیا گیا۔ اس عرصے کے دوران بھارتی فوج اور پولیس اہلکاروں کی طرف سے طاقت کے وحشیانہ استعمال سے 51 کشمیری زخمی ہوئے۔ اس دوران بھارتی قابض انتظامیہ نے 22 کشمیریوں کی املاک بشمول رہائشی مکانات، دکانیں اور زرعی اراضی ضبط کر لیں۔ یہ غیر قانونی ضبطگیاں بی جے پی کی بھارتی حکومت کی کشمیریوں کے معاشی طور پر استحصال اور ان کے سیاسی موقف اور جذبہ حریت کو کمزور کرنے کی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ ادھر کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، محمد یاسین ملک، شبیر احمد شاہ، آسیہ اندرابی، ناہیدہ نسرین، فہمیدہ صوفی، نعیم احمد خان، محمد ایاز اکبر، پیر سیف اللہ، معراج الدین کلوال، فاروق احمد ڈار، مولوی بشیر احمد، بلال صدیقی، امیر حمزہ، مشتاق الاسلام، ڈاکٹر حمید فیاض، ایڈووکیٹ میاں عبدالقیوم، نور محمد فیاض، عبدالاحد پرہ، فردوس احمد شاہ، اسد اللہ پرے، ڈاکٹر محمد قاسم فکتو، ڈاکٹر محمد شفیع شریعتی، غلام قادر بٹ، سید شاہد یوسف، رفیق گنائی، حیات احمد بٹ، ظفر اکبر بٹ، عمر عادل ڈار، فیاض حسین جعفری، محمد یاسین بٹ، انسانی حقوق کے علمبردار خرم پرویز، عرفان مجید اور دیگر سمیت تین ہزار سے زائد حریت رہنماء، کارکن، کشمیری نوجوان، طلباء، علمائے کرام اور صحافی بھارت اور مقبوضہ کشمیر کی مختلف جیلوں میں قید ہیں

بقیہ بقیہ جات 16

کو دیوالیہ کرانے کے لئے ہر حربہ استعمال کیا، اس جماعت نے آئی ایم ایف ہیڈکوارٹر کے باہر بھی احتجاج کیا، آئی ایم ایف کو خط لکھے، اس جماعت سے ملک کیلئے کسی خیر کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ صوبائی وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ بھارت جنگ میں شکست کے بعد عالمی تنہائی کا شکار ہو چکا ہے، مودی حکومت پاکستان سے جنگ ہارنے کے بعد جھوٹے پروپیگنڈے کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

ختیارات میں نمایاں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سی ای او پیکلا کے مالی اختیارات کو 1 ملین روپے سے بڑھا کر 10 ملین روپے جبکہ ایم ڈیز کے اختیارات کو 5 ملین روپے تک کر دیا گیا ہے۔ پیکلا بورڈ آف گورنرز نے ان اختیارات میں اضافے کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے، جبکہ نوٹیفکیشن جلد جاری ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس فیصلے سے ادارے کو درپیش مالی رکاوٹیں دور ہو سکیں گی۔ پیکلا پر اپریل سے اب تک 25 لاکھ روپے کے بجلی کے بل واجب الادا تھے، جبکہ ٹیلیفون کا بل 52 ہزار روپے اور انٹرنیٹ کنکشن کے بھی ہزاروں روپے واجبات تھے۔ اختیارات میں اضافے کے بعد ایم ڈی آپریشن نے تمام زیر التوا بلز کی ادائیگی کی منظوری دے دی ہے، جس سے ادارے کی بنیادی سروسز کی بندش کا خدشہ ختم ہو گیا ہے۔ محکمانہ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے نہ صرف ادارے کی مالی خودمختاری میں اضافہ ہوگا بلکہ داخلی نظام میں شفافیت، رفتار اور کارکردگی بھی بہتر ہو گی۔

بقیہ بقیہ جات 18

مریکی شخصیات کے علاج کے لیے بروئے کار ہسپتال کو تالے لگا کر بند کرنے کی وجہ یہ انٹیلی جنس اطلاعات بنیں کہ ایک شوٹر ہسپتال پر حملہ کرنے والا ہے۔ تاہم جب سیکیورٹی فورسز کی طرف سے ایک بندوق بردار کو حراست میں لے لیا گیا تو ہسپتال کے ل گر اس گرفتاری کے بعد معلوم ہوا کہ اس مسلح شخص کے پاس مبینہ طور پر نقلی بندوق تھی۔ یہ بات منٹگمری کاؤنٹی کی پولیس نے بعد ازاں بتائی ہے۔ اس سے قبل، کمپلیکس کو چلانے والے امریکی بحریہ کے یونٹ نے اعلان کیا کہ سیکیورٹی فورسز ممکنہ شوٹر کی اطلاعات کا جواب دینے کے لیے متحرک ہیں اور علاقے میں موجود ہیں اور ہسپتال سمیت علاقہ لاک ڈاؤن پر ہی وسیع و عریض والٹر ریڈ میڈیکل میں امریکہ کے زخمی فوجی اہلکاروں کا علاج کیا جاتا ہے اور امریکی صدور کے علاج اور ان کے سالانہ چیک اپ کے لیے بھی اسی ہسپتال کو وقف کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

لسٹ میں جانے کیلئے بھارت 100 فیصد فٹ ہے، افغانستان میں 100 سے زیادہ بھارتی قونصل خانے پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے، مودی کی طرح بزدل نہیں ہیں کہ رات کی تاریکی میں آئیں، ہم نعرہ لگا کر آتے ہیں اور اگلے کو بتا کر آتے ہیں، پاکستان کے دفاع کیلئے مودی اور اس کی حکومت کو ایکسپوز کروں گا۔ بھارتی حکومت کی طرف سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے فیٹف سے متعلق بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کرنے اور پاکستان میں دہشتگردی کی سرپرستی اور اوچھے ہتھکنڈوں سے متعلق علی امین گنڈاپور نے سخت ردعمل دیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ الیکشن میں مصروفیت کی وجہ سے بعد میں معلوم ہوا کہ بھارتی حکومت نے فیٹف سے متعلق میرے ایک بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا ہے، جس کی تھوڑی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ بھارت آج سے نہیں ہمیشہ سے پاکستان اور اس پورے خطے کے اندر جتنی دہشتگردی ہو رہی ہے اس میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کشمیر اور گلگت بلتستان کا بھی منسٹر رہا ہوں، اب میں فیٹف کو خط بھی لکھ رہا ہوں اور ساتھ خود وہاں جا کر وضاحت سے بتاؤں گا، اس کے علاوہ پورے پاکستان میں جتنی بھی دہشت گردی ہو رہی ہے اس میں بھارت ملوث ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خاص طور پر افغانستان کے اندر جو جنگ تھی تو 100 سے زیادہ قونصل خانے بھارت نے کھولے ہوئے تھے، نہ وہاں پر بھارت کی طرف سے تجارت ہو رہی تھی، نہ سرمایہ کاری ہو رہی تھی اور نہ سفارت کاری ہو رہی تھی بلکہ ان قونصل خانوں کے ذریعے صرف پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں یہ بھی ایکسپوز کروں گا کہ پورے پاکستان کے اندر دہشتگردی اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے اندر دہشتگردی میں بھارت کیا کردار ہے، میں یہ سب وہاں پر خود ایکسپوز کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں پوری دنیا کو بتاؤں گا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہمارا لیڈر عمران خان، ہماری پوری پارٹی اور پوری قوم سب کے سب متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی حال ہی میں بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا، جس میں بری طرح شکست ہوئی، اس پر عمران خان اور پوری قوم سمیت ہماری دفاعی فورسز نے یہ ثابت کیا ہے کہ بھارت ہم تمہارا بندوبست کرنا جانتے ہیں۔ علی امین نے کہا کہ میں واضح طور پر یہ کہتا ہوں کہ اس پورے خطے کے اندر دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے، چاہے وہ چائنیز پر حملے ہوں، کسی تحصیلات پر حملے ہوں یا کسی اور طرح کی دہشت گردی جو اس ملک میں ہو رہی ہے اس کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ اسی طرح میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پشتونوں نے کشمیر کو آزاد کروایا تھا، انشاء اللہ وقت آئے گا کہ یہ جو باقی کشمیر جس پر بھارت نے قبضہ کیا ہوا ہے ہم پختون اس کو بھی آزاد کروائیں گے۔ علی امین نے کہا کہ مودی میں تمہیں پیغام دے رہا ہوں کہ ہم تمہاری طرح بزدل نہیں ہیں کہ ہم رات کی تاریکی میں آئیں، ہم نعرہ لگا کر آتے ہیں اور اگلے کو بتا کر آتے ہیں، ہمارا ایمان ہے کہ فتح ہمیشہ سچ اور حق کی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندر بھارت جو دہشگردی پھیلا رہا ہے اس کے خاتمے کیلئے ہماری عوام اور ہماری فورسز بے مثال قربانیاں دے رہی ہیں، اس کے علاوہ، اس ملک میں جتنی حکومتیں ہیں وہ ساری حکومتیں، پوری قوم اور تمام دفاعی ادارے، پوری قوم پاکستان کی دفاع کے لیے ایک ہے، متحد ہے۔ مودی کو پیغام دیتے ہوں علی امین نے کہا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہم سب ایک ہیں، میں تمہیں اور تمہاری حکومت کو بھی ایکسپوز بھی کروں گا کہ تم نے جو سیاق وسباق سے ہٹ کر ایک غلط بیانیہ پیش کر کے پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلوانے کی کوشش کی ہے، میں فزیکلی وہاں جا کر بتاؤں گا اور ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے لسٹ میں جانے کیلئے بھارت 100 فیصد فٹ ہے اور انشاءاللہ فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلواؤں گا۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ آج مجھے عمران خان کی وہ بات یاد آ رہی جو انہوں نے مودی کے بارے میں بالکل ٹھیک کہی تھی کہ ''manSmall
bigin

بقیہ بقیہ جات 20

تسلیاں، عوام علاقہ کا صبر کا پیمانہ لبریز، ہر الیکشن میں وعدے اور سہانے خواب دیکھا کر ووٹ حاصل کرنے والے بعد میں نظر تک نہیں آتے، درخواست یا وفد ملنے کے لئے جائے تو محض جھوٹی تسلیاں دے کر واپس کر دیتے ہیں، روڈ کی حالت یوں ہے کہ جیسے ابھی ابھی نئی نئی روڈ تعمیر کی گئی ہو، تارکول اکھڑنے کے بعد سولنگ بھی اکھڑ چکی ہے، ایک سال دیتے ہیں جو پارٹی علاقہ کے مسائل حل کرنے میں کامیاب ہوگی تو ووٹ دیں گے بصورت دیگر الیکشن کا بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ کریں گے، تفصیلات کے مطابق علاقہ کھاگراں کے مکینوں کا ایک نجی ہوٹل میں علاقہ کی پسماندگی کے حوالے سے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں تمام سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں اور کارکنوں نے شرکت کی جس میں اجتماعی فیصلہ کیا گیا کہ پہلے گاؤں کی ترقی اہم ہے بعد میں سیاسی پارٹیاں و وفاداریاں، عوام علاقہ کے مطابق کھاگراں پختہ روڈ ری کنڈیشن کی ضرورت ہے، مڈل سکول کی اپ گریڈیشن، صاف پینے کے لئے پانی کی سکیم اور بی ایچ یو کے قیام کے لئے اقدام اٹھانے والی پارٹی کو سپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا بصورت دیگر قانون ساز اسمبلی کے آمدہ الیکشن کا بھرپور انداز میں بائیکاٹ کیا جائے گا اور پولنگ سٹیشن پر ایک بھی ووٹ کاسٹ نہ کر کے احتجاج ریکارڈ کروائیں گے، عوام علاقہ کے مطابق بازل نقوی، مرتضیٰ گیلانی، چوہدری شہزاد ناکام ایم ایل ایز ثابت ہوئے ہیں، انتہائی افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ سے آدھے گھنٹے کی مسافت پر قائم گاؤں کی حالت زار اور مسائل پر حکمرانوں کی بے حسی معنی خیز ہے، آخر کون سی طاقتیں ہیں جو اس علاقہ کی تعمیر و ترقی میں رکاوٹ ہیں، گاؤں کا تقریباً 5 سو سے زائد ووٹ ہے لیکن جو بھی کامیاب ہوتا ہے وہ کھاگراں کے عوام کو بھول جاتا ہے، بجلی کے نئے ٹرانسفارمر اور پول کی فراہمی کے لئے ہم وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے عوام علاقہ کے پر مطالبہ پر اپنی صوابدیت پر عوام علاقہ کو بجلی کے مسائل سے نجات دلائی۔ اس لئے عوام علاقہ کا متفقہ فیصلہ ہے کہ اب کی بار یا تو الیکشن سے قبل ہمارے کام ہونے چاہیے بصورت دیگر ایک بھی ووٹ پول نہیں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 21

نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع دیامر کے بارہ، گلگت کے نو، سکردو کے چار، غذر کے پانچ، گانچھے کے دو، شگر کے چار، نگر اور کھرمنگ کے ایک ایک مقام کو آفت زدہ قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ان مقامات پر ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔ صوبائی حکومت کے ترجمان فیض اللہ فراق نے بتایا کہ گلگت بلتستان میں سیلاب سے 20 ارب روپے کا نقصان ہوا، جبکہ 10 افراد جاں بحق ہوئے جن میں سے زیادہ تر سیاح ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیلاب میں 4 افراد زخمی ہوئے جن کو طبی امداد دی گئی ہے، جبکہ 10 سے 15 سیاح لاپتہ ہیں جن کی تلاش جاری ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ 22 گاڑیاں سیلاب میں بہہ گئیں تھیں، حکومت متاثرین کی فوری بحالی کیلئے اپنے وسائل سے 44 کروڑ کے پانی، بجلی اور رابطہ سڑکوں کے منصوبوں پر کام شروع کر چکی ہے۔ فیض اللہ فراق نے کہا کہ متاثرین میں خیمے، کمبل، اشیائے خورونوش اور کچن سیٹس تقسیم کیے جا چکے ہیں، تباہ شدہ 509 گھروں کی بحالی بڑا چیلنج ہے، امید ہے وزیراعظم پاکستان متاثرین کے زخموں پر مرہم رکھیں

بقیہ بقیہ جات 22

کہا کہ بھارت نے پہلگام حملے کی تحقیقات اور ثبوتوں کے بغیر پاکستان پر حملہ کیا، 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب بھارت نے پاکستان میں حملہ کیا، بھارتی حملے سے بے گناہ بچے، خواتین اور مرد شہید ہوئے، پاکستان نے بھارتی لڑاکا طیاروں اور فوجی اہداف کو بے اثر کرنے میں شاندار کامیابی حاصل کی، جو کہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔ ترجمان نے بھارتی قیادت کو مشورہ دیا کہ وہ بھارتی عوام کو گمراہ کرنے کے بجائے اپنی مسلح افواج کے نقصانات کو تسلیم کریں، پاک بھارت جنگ بندی کو عملی جامہ پہنانے میں تیسرے فریق کے کردار کو قبول کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے ہندوستان کو پہلگام حملے کی تحقیقات کی پیشکش کی، بھارت نے وزیراعظم پاکستان کی انکوائری کی پیشکش سے فائدہ نہیں اٹھایا، بھارت نے بیک وقت جج، جیوری اور جلاد کے طور پر کام کیا۔ ترجمان کے مطابق نام نہاد آپریشن مہادیو سے متعلق کوئی بھی دعویٰ ہمارے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتا، بھارتی وزیر داخلہ کی طرف سے دیا گیا اکاؤنٹ من گھڑت ہے، کیا یہ محض اتفاق ہے کہ پہلگام حملے کے مبینہ مجرم لوک سبھا کی بحث کے آغاز پر ہی مارے گئے؟ پاکستان مستقبل میں بھی کسی بھی ممکنہ جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 23

واروں کے کاغذات نامزدگی 4 سے 6 اگست تک جمع کرائے جاسکیں گے، جبکہ 7 اگست کو نامزد امیدواروں کی ابتدائی فہرست جاری کی جائے گی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال (سکروٹنی) 11 اگست تک مکمل کی جائے گی، جبکہ جمع شدہ کاغذات پر اپیلیں 12 سے 16 اگست تک دائر کی جاسکیں گی۔ اپیلوں پر فیصلے 20 اگست تک سنائے جائیں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق امیدواروں کی حتمی فہرست 23 اگست کو جاری کی جائے گی اور کاغذات واپس لینے کی آخری تاریخ 25 اگست مقرر کی گئی ہے۔ انتخابی نشان 26 اگست کو الاٹ کیے جائیں گے۔ پولنگ 18 ستمبر کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے ذاتی وجوہات کی بنیاد پر این اے 129 کے ضمنی انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کیا

بقیہ بقیہ جات 24

ہے۔ عرب ٹی وی نے برطانوی ادارہ برائے شماریات کے حوالے سے بتایا کہ اسم محمد جو 1980 کی دہائی کے وسط میں ٹاپ 100 ناموں میں شامل تھا، 2024 میں یہ نام پانچ ہزار 721 بچوں کا رکھا گیا جو کہ 2023 کے مقابلے میں 23 فیصد زیادہ ہے، یہ فہرست میں 21 واں مقبول ترین نام تھا اور 53 ویں نمبر پر تھا۔ 2024 میں انگلینڈ اور ویلز میں لڑکوں کے لیے دیگر مقبول مسلم ناموں میں یوسف 69 ویں نمبر پر(موسیٰ 73)ویں(، ابراہیم 76)ویں(اور یحییٰ 93)ویں (شامل تھے۔ ٹاپ 100 میں لڑکیوں کے مسلم ناموں میں لیلیٰ 56)ویں(، مریم 57)ویں (اور فاطمہ 76)واں (شامل

بقیہ بقیہ جات 25

اشتہاری ملزم داود سرور کو عراق سے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کو عراق سے کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ منتقل کیا گیا، جہاں سے اُسے قانونی کارروائی کے بعد پنجاب پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ داود سرور گزشتہ 5 برس سے پنجاب پولیس کو مطلوب تھا اور اس کے خلاف تھانہ قلعہ دیدار سنگھ، گجرانوالہ میں قتل اور اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج تھا۔ ملزم کی گرفتاری کیلئے ایف آئی اے این سی بی انٹرپول کی جانب سے ریڈ نوٹس جاری کیا گیا تھا، جس کے بعد انٹرپول اسلام آباد اور انٹرپول بغداد کے درمیان قریبی رابطہ کاری کے نتیجے میں اس کی حوالگی ممکن ہو سکی۔ ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے بین الاقوامی قواعد و ضوابط کے تحت مطلوب ملزم کو پنجاب پولیس حکام کے حوالے کر دیا، جس کے بعد مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے اس کامیاب کارروائی کو بین الاقوامی اداروں کے ساتھ موثر تعاون کا نتیجہ قرار دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ کلبھوشن یادیو پاکستان میں بھارتی جرائم کا واضح ثبوت ہے، کلبھوشن یادیو کے جرائم کی طویل فہرست بھارت کو فیٹف کی گرے لسٹ میں شامل کرنے کی راہ ہموار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں بھارت کی دہشت گردانہ سرگرمیوں کے واضح ثبوت موجود ہیں، بھارت کی دہشت گردی میں ملوث ہونے کے تمام شواہد فیٹف حکام کو پیش کیے جائیں گے، جنگ میں شکست کے بعد بھارت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آیا ہے، پاکستانی فوج سے شکست کے بعد بھارت اب پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ میں شامل کرانے کے خواب دیکھ رہا ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ جنگ میں شکست کے بعد پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیوں میں اضافہ ہوا ہے، جس کے پیچھے بھارت کا ہاتھ

بقیہ بقیہ جات 27

کئی سوالات اٹھا دیے ہیں، جس میں کمرشل گاڑیوں پر عائد ٹیکس کی وصولی میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ ایکسائز 76 کروڑ 22 لاکھ روپے کا ٹیکس کمرشل گاڑیوں سے وصول کرنے میں ناکام رہا۔ لاہور سمیت 15 اضلاع کے ایکسائز دفاتر کی لاپروائی کے باعث 10 لاکھ روپے کی انکم ٹیکس وصولی بھی ممکن نہ ہو سکی، جس سے سرکاری خزانے کو شدید مالی نقصان پہنچا۔ آڈٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ لاہور سمیت صوبے بھر کی 72,194 کمرشل گاڑیاں جن کا انجن سائز 800 سی سی سے زائد ہے، وہ ٹیکس کی ادائیگی میں ناکام رہیں۔ ان پر انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 اور فنانس ایکٹ 2008 کے تحت ٹیکس لاگو ہوتا ہے، مگر محکمہ نے متعلقہ قوانین کے باوجود کوئی مؤثر اقدامات نہیں کیے۔ رپورٹ کے مطابق کمزور انتظامی گرفت اور عملے کی لاپروائی کے باعث ریکوری ممکن نہ ہو سکی، حالانکہ 2021 میں محکمانہ سطح پر ان بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی جا چکی تھی۔ ڈیپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی دسمبر 2021 اور جنوری 2022 میں 75 کروڑ 97 لاکھ روپے کی واجبات کی تصدیق کر چکی ہے، لیکن اب بھی 25 لاکھ روپے سے زائد کی رقم بقایا ہے۔ آڈٹ حکام نے تمام واجبات کی فوری اور مکمل ریکوری یقینی بنانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ خزانے کو نقصان پہنچانے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے اور آئندہ ایسی غفلت کے تدارک کے لیے موثر اصلاحات کی

بقیہ بقیہ جات 28

کی حکومت کو ایکسپوز کروں گا۔ بھارتی حکومت کی طرف سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے فیٹف سے متعلق بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کرنے اور پاکستان میں دہشتگردی کی سرپرستی اور اوچھے ہتھکنڈوں سے متعلق علی امین گنڈاپور نے سخت ردعمل دیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ الیکشن میں مصروفیت کی وجہ سے بعد میں معلوم ہوا کہ بھارتی حکومت نے فیٹف سے متعلق میرے ایک بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا ہے، جس کی تھوڑی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ بھارت آج سے نہیں ہمیشہ سے پاکستان اور اس پورے خطے کے اندر جتنی دہشتگردی ہو رہی ہے اس میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کشمیر اور گلگت بلتستان کا بھی منسٹر رہا ہوں، اب میں فیٹف کو خط بھی لکھ رہا ہوں اور ساتھ خود وہاں جا کر وضاحت سے بتاؤں گا، اس کے علاوہ پورے پاکستان میں جتنی بھی دہشت گردی ہو رہی ہے اس میں بھارت ملوث ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خاص طور پر افغانستان کے اندر جو جنگ تھی تو 100 سے زیادہ قونصل خانے بھارت نے کھولے ہوئے تھے، نہ وہاں پر بھارت کی طرف سے تجارت ہو رہی تھی، نہ سرمایہ کاری ہو رہی تھی اور نہ سفارت کاری ہو رہی تھی بلکہ ان قونصل خانوں کے ذریعے صرف پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں یہ بھی ایکسپوز کروں گا کہ پورے پاکستان کے اندر دہشتگردی اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے اندر دہشتگردی میں بھارت کیا کردار ہے، میں یہ سب وہاں پر خود ایکسپوز کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں پوری دنیا کو بتاؤں گا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہمارا لیڈر عمران خان، ہماری پوری پارٹی اور پوری قوم سب کے سب متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی حال ہی میں بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا، جس میں بری طرح شکست ہوئی، اس پر عمران خان اور پوری قوم سمیت ہماری دفاعی فورسز نے یہ ثابت کیا ہے کہ بھارت ہم تمہارا بندوبست کرنا جانتے ہیں۔ علی امین نے کہا کہ میں واضح طور پر یہ کہتا ہوں کہ اس پورے خطے کے اندر دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے، چاہے وہ چائنیز پر حملے ہوں، کسی تحصیلات پر حملے ہوں یا کسی اور طرح کی دہشت گردی جو اس ملک میں ہو رہی ہے اس کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ اسی طرح میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پشتونوں نے کشمیر کو آزاد کروایا تھا، انشاءاللہ وقت آئے گا کہ یہ جو باقی کشمیر جس پر بھارت نے قبضہ کیا ہوا ہے ہم پختون اس کو بھی آزاد کروائیں گے۔ علی امین نے کہا کہ مودی میں تمہیں پیغام دے رہا ہوں کہ ہم تمہاری طرح بزدل نہیں ہیں کہ ہم رات کی تاریکی میں آئیں، ہم نعرہ لگا کر آتے ہیں اور اگلے کو بتا کر آتے ہیں، ہمارا ایمان ہے کہ فتح ہمیشہ سچ اور حق کی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندر بھارت جو دہشگردی پھیلا رہا ہے اس کے خاتمے کیلئے ہماری عوام اور ہماری فورسز بے مثال قربانیاں دے رہی ہیں، اس کے علاوہ، اس ملک میں جتنی حکومتیں ہیں وہ ساری حکومتیں، پوری قوم اور تمام دفاعی ادارے، پوری قوم پاکستان کی دفاع کے لیے ایک ہے، متحد ہے۔ مودی کو پیغام دیتے ہوں علی امین نے کہا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہم سب ایک ہیں، میں تمہیں اور تمہاری حکومت کو بھی ایکسپوز بھی کروں گا کہ تم نے جو سیاق وسباق سے ہٹ کر ایک غلط بیانیہ پیش کر کے پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلوانے کی کوشش کی ہے، میں فزیکلی وہاں جا کر بتاؤں گا اور ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے لسٹ میں جانے کیلئے بھارت 100 فیصد فٹ ہے اور انشاءاللہ فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلواؤں گا۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ آج مجھے عمران خان کی وہ بات یاد آ رہی جو انہوں نے مودی کے بارے میں بالکل ٹھیک کہی تھی کہ ''manSmall
officebigin''۔

بقیہ بقیہ جات 29

عدہ منظوری بھی دے دی ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے مطابق اسکول کو جدید سہولیات اور معیاری تعلیم سے آراستہ کیا جائے گا۔ محمد حنیف عباسی نے اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر تعلیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا یہ میرا مادر علمی ہے، آج اس کی ترقی دیکھ کر فخر محسوس ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم ہمارا مستقبل ہے، نسل نو کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔ علاقہ مکینوں، والدین، اساتذہ اور طلبہ نے حکومت کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا اور مسرت و اطمینان کا اظہار کیا۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ گورنمنٹ مسلم لیگ ہائی اسکول اب ترقی کا نیا نشان بنے گا۔

بقیہ بقیہ جات 30

میں ڈی جی واسا پنجاب اور ایم ڈی واسا لاہور ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے ڈی جی واسا سے استفسار کیا: لاہور کا حال دیکھا ہے؟ ترقیاتی کاموں میں تاخیر سے شہریوں کے معمولات زندگی متاثر ہو رہے ہیں۔ ان متاثرہ افراد کو معاوضہ کون دے گا؟ ڈی جی واسا نے موقف اپنایا کہ یہ منصوبے عوامی فلاح کے لیے شروع کیے گئے ہیں۔ اس پر عدالت نے ریمارکس دیے: ٹھیک ہے، آپ نے ڈرینج کا کام کرنا ہے، لیکن لوگوں کو کاروبار، آمد و رفت اور گھروں کو جانے کے لیے راستہ دینا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔ سڑک اکھاڑ کر بھول جانا قابل قبول نہیں۔ عدالت نے کہا کہ واسا اب ایک اتھارٹی بن چکی ہے، اس لیے ذمہ داری بھی بڑھ گئی ہے، ان لوگوں کا کیا جن کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے؟ سماعت کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ ایک علاقے میں گیس اور پانی کی پائپ لائنیں توڑ دی گئی ہیں۔ اس پر عدالت نے ممبر کمیشن کو ہدایت دی کہ: جب تک متبادل انتظامات مکمل نہ ہوں، ترقیاتی کام شروع نہ کیے جائیں، اور ٹھیکیداروں کو ان ہدایات کا پابند بنایا جائے۔ ڈی جی واسا نے اعتراف کیا کہ ایسی شکایات موصول ہوتی رہتی ہیں۔ عدالت نے واسا کو مزید ہدایت دی کہ سڑک اکھاڑنے سے قبل ٹریفک کے متبادل راستے کا بندوبست کیا جائے اور گلیوں میں ٹریفک گزرنے سے اجتناب کیا جائے۔ عدالت نے محکمہ ماحولیات کی خاموشی پر بھی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: بارش نہ ہو تو دھول کے باعث فضائی آلودگی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ آئندہ ترقیاتی منصوبوں میں ان تمام امور کو مدنظر رکھا

بقیہ بقیہ جات 31

پر ملک بھر میں حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، جس کے تحت ایف آئی اے بلوچستان زون نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے اہم کارروائی انجام دی ہے۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل چمن نے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم عبدالعہد کو چمن سے گرفتار کر لیا، جس کے قبضے سے 3 لاکھ سعودی ریال اور 2900 امریکی ڈالر برآمد کیے گئے ہیں، جن کی مجموعی مالیت پاکستانی کرنسی میں 2 کروڑ 34 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے غیر قانونی کرنسی کے لین دین سے متعلق اہم شواہد بھی برآمد کیے گئے ہیں، جبکہ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزم کرنسی کی ملکیت اور ذرائع سے متعلق حکام کو کوئی تسلی بخش جواب فراہم نہ کر سکا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ حوالہ ہنڈی نیٹ ورکس کے دیگر عناصر تک رسائی کے لیے تحقیقات کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے۔ ایف آئی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک بھر میں غیر قانونی کرنسی نیٹ ورکس کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں

بقیہ بقیہ جات 32

نہ آنے کا من گھڑت جملہ غلط طور پر مجھ سے منسوب کیا گیا۔ اپنے بیان میں عرفان صدیقی نے کہا کہ نواز شریف پارلیمان کی سب سے بڑی جماعت مسلم لیگ (ن) کے صدر ہیں، سیاست سے ان کی لاتعلقی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور پنجاب میں ان کی جماعت کی حکومت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پاکستان کے سب سے سینئر قومی راہنما اور تجربہ کار سیاستدان کے طور پر اپنا سیاسی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اپنی سیاسی حکمت عملی کے مطابق قومی سیاست میں بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 33

شتہ 24 گھنٹوں کے دوران لیہ، بہاولنگر، بہاولپور، نارووال، بھکر، قصور، لاہور اور سیالکوٹ میں بارشیں ریکارڈ کی گئی ہیں، جبکہ آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے بیشتر اضلاع میں مزید بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کے مطابق دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے سندھ میں تربیلا، کالا باغ، چشمہ اور تونسہ پر بھی نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے۔ دریائے جہلم، راوی اور ستلج میں پانی کا بہاؤ نارمل سطح پر ہے۔ رودکوہیوں اور ندی نالوں میں بھی پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ ڈی جی نے مزید بتایا کہ گزشتہ شب رودکوہیوں میں نچلے سے درمیانے درجے کے سیلابی ریلے گزرے، تاہم پیشگی الرٹ کے باعث کوئی جانی یا مالی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ نارووال میں بسنتر نالہ کے مقام پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال ہے۔ ڈیمز کے حوالے سے بتایا گیا کہ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح 88 فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ منگلا ڈیم کی سطح 58 فیصد تک بھر چکی ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق رواں مون سون سیزن کے دوران 162 شہری جاں بحق، 564 افراد زخمی، 214 مکانات متاثر، 121 مویشی ہلاک ہو چکے ہیں۔ حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسمی صورتحال کے پیش نظر حفاظتی تدابیر پر عمل کریں اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کو سنجیدگی سے

بقیہ بقیہ جات 34

اور چوتھے پیکج میں کوٹ لکھپت سے رائیونڈ تک کام مکمل کیا جائے گا۔ گرین کوریڈور کے تحت مختلف مقامات پر شہریوں کے لیے تفریحی سرگرمیوں کے مقامات بھی تعمیر کیے جائیں گے، جبکہ ریلوے کی پرانی بوگیوں کو لائبریریوں اور کیفے میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ تعلیمی و سماجی ماحول کو فروغ دیا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کا پی سی ون محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کو ارسال کر دیا گیا ہے، اور جلد منظوری کے بعد عملی کام کا آغاز کر دیا جائے

بقیہ بقیہ جات 35

قانونی نکات اور الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراضات اٹھائے ہیں، جن میں عدالتی دائرہ اختیار اور نااہلی سے متعلق سوالات شامل ہیں۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اٹارنی جنرل آف پاکستان کو آئین کے آرٹیکل 27-اے کے تحت نوٹس جاری کیا ہے۔ کیس کی مزید سماعت 10 ستمبر 2025 کو ہو گی۔ واضح رہے کہ جمشید دستی نے اپنی نااہلی کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا

بقیہ بقیہ جات 36

بڑی پیشرفت قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس معاہدے کے ذریعے توانائی، تجارت، ٹیکنالوجی سمیت کئی اہم شعبوں میں دیرپا فوائد حاصل ہوں گے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں خادم حسین نے کہا کہ اگر امریکہ کی جانب سے 29 فیصد ٹیرف لاگو ہو جاتا تو پاکستان ہر سال 1.1 سے 1.4 ارب ڈالر کی برآمدی آمدنی سے محروم ہو سکتا تھا، لیکن اس معاہدے سے برآمدات پر محصولات میں کمی کے ذریعے نہ صرف مارکیٹ تک رسائی برقرار رکھی جا سکے گی بلکہ پاکستان کی تجارتی مسابقت بھی بہتر ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان آئی ٹی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، معدنیات اور کرپٹو کرنسی جیسے ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے، جس سے سرمایہ کاری اور تکنیکی اشتراک میں نئی راہیں کھلنے کی توقع ہے۔ خادم حسین نے مزید کہا کہ معاہدے کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ امریکہ نے پاکستان کے تیل کے ذخائر کی ترقی میں عملی معاونت کا وعدہ کیا ہے، جو پاکستان کی توانائی صلاحیت پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے اس معاہدے کو پاکستان کی اقتصادی حکمت عملی کا اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف موجودہ تجارتی روابط مستحکم ہوں گے بلکہ مستقبل میں بھی پاکستان عالمی منڈی میں بہتر مقام حاصل کرنے کے قابل ہو سکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 37

، فیصل آباد، میانوالی اور ملتان سمیت کئی شہروں میں بارش کی توقع ہے۔ اسی طرح پشاور، سوات، چترال، ہری پور، صوابی، کوہاٹ اور لکی مروت میں بھی بارش کا امکان ہے۔ شام کے وقت تھرپارکر، عمرکوٹ اور سندھ کے ساحلی علاقوں میں بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق دیر، سوات، شانگلہ، مانسہرہ، کوہستان، ایبٹ آباد، کرک اور ہنگو کے برساتی ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ موجود ہے۔ مزید برآں، کشمیر، مری اور گلیات میں لینڈ سلائیڈنگ کے خدشات ظاہر کیے گئے ہیں۔ متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور عوام کو احتیاط برتنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

ران دو زیر حراست ملزمان محمد اویس اور ارشاد علی اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی سی ڈی کی ٹیم دونوں ملزمان کو مال مقدمہ کی برآمدگی کے لیے ڈی ایچ اے فیز 9 لے جا رہی تھی کہ اچانک موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد نے حملہ کر دیا۔ حملہ آور اپنے ساتھی کو چھڑوانے کے لیے پولیس پر اندھا دھند فائرنگ کرنے لگے۔ پولیس نے سرکاری گاڑی کی اوٹ میں آ کر جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر حملہ آور فرار ہو گئے، تاہم فائرنگ کی زد میں آ کر دونوں زیر حراست ملزمان شدید زخمی ہو گئے اور اسپتال منتقل کیے جانے سے قبل ہی دم توڑ گئے۔ پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کے فرار ساتھیوں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ملزم کی نشاندہی پر منشیات فروش آصف علی ولد علی احمد قوم جرال ساکن سیکٹر F نیوٹی میرپور کو گرفتار کر کے ملزمان کیخلاف زیر دفعہ 11/25 امتناع منشیات کے تحت مقدمہ درج کر کے حوالات بند کر دیا دوسری کاروائی میں ایس ایچ او نیوٹی محمد ارشد چوہدری نے ہمراہ نفری ملک صابر حسین سب انسپکٹر۔ ملک شوکت تفتیشی افسر۔ صغیر قریشی DFC تھانہ نیوٹی میرپور کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ارشد محمود ولد انور محمود ساکن سیکٹر C4 محلہ آرایاں میرپور کے قبضہ سے ایک عدد پستول 30 بور معہ میگزین 7 دانہ راؤنڈ برآمد کرتے ہوئے زیر دفعہ 15 ضمن 2AA کے تحت مقدمہ درج کرتے ہوئے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا عوامی و سماجی حلقوں کا پولیس تھانہ نیوٹی میرپور کی کاروائیوں پر اظہار اطمینان پولیس کو زبردست خراج

بقیہ بقیہ جات 40

ڈالر 182.61 روپے خرید اور 182.94 روپے فروخت ہوا۔ جاپانی ین کی قیمت خرید و فروخت دونوں 1.90 روپے رہی، جب کہ کویتی دینار 925.89 روپے خرید اور 927.53 روپے فروخت میں دستیاب ہے۔ ماہرین معاشیات کے مطابق عالمی مالیاتی حالات اور درآمدی ادائیگیوں کے دباؤ کے باعث روپے پر دباؤ برقرار رہنے کا امکان ہے، جس کے اثرات ملکی معیشت اور مہنگائی پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

دودھ اور بعد کے دو سال تک دودھ کے ساتھ ساتھ مناسب خوراک بچوں کی قوت مدافعت اور ذہنی نشوونما کو بہتر بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دودھ پلانے والی خواتین میں چھاتی اور بیضہ دانی کے کینسر کا خطرہ بھی نمایاں طور پر کم ہو جاتا ہے۔ بی بی آصفہ نے کہا کہ ناگزیر وجوہات کی بنیاد پر بچوں کو دودھ نہ پلانے والی ماں کو وہی عزت اور احترام دیا جانا چاہیئے جو دودھ پلانے والی ماں کو دیا جاتا ہے، ماں کے دودھ کے متبادل کی مارکیٹنگ پر سخت ضوابط نافذ ہونے چاہئیں تاکہ ماں کو غیر جانبدار اور سائنسی بنیاد پر معلومات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

ئے انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے متفقہ فیصلے پر اس سال یوم آزادی یکم سے 14 اگست تک منا رہے ہیں۔ اس سال یوم آزادی معرکہ حق کے تناظر میں منایا جائے گا۔ مائی کراچی نمائش یوم آزادی کی جشن کا پہلا ایونٹ ہے۔ حکومت سندھ اس ایونٹ میں مزید توسیع کی خواہاں ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ کراچی شہر میں پیدا ہوا اور اس شہر کے ادوار دیکھے ہیں، جب درجنوں افراد اپنی جان گنواتے تھے۔ اس دور میں تاجر برادری سے منظم انداز میں بھتہ لیا جاتا تھا۔ اس وقت کراچی دنیا کا چھٹا خطرناک شہر تھا لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہے۔ 20 سے 25 ملین کی آبادی میں امن و امان قدرے خراب ہو سکتا ہے لیکن فی الوقت امن و امان پہلے سے بہت بہتر ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ ہم نے 2015، 16 میں ورلڈ بینک سے ایک سروے کرایا تھا، اس وقت بتایا گیا تھا کہ کراچی کو 3 ٹریلین روپے کی ضرورت ہے۔ ہم نے میگا اسکیمیں شروع کیں۔ حکومت سندھ نے مختلف منصوبہ شروع کیے، کراچی میں ای وی بسیں لانے والی ہماری پہلی حکومت ہے۔ امن و امان کی صورتحال میں بہتری آتے ہی سندھ حکومت نے عوامی منصوبہ شروع کیے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق نے کے فور منصوبے کی تکمیل کے لیے 78 ارب روپے خرچ کرنے ہیں، لیکن وفاقی حکومت نے اس سال کے فور کے لیے صرف 3 ارب روپے مختص کیے ہیں۔ کے فور پراجیکٹ میں 4 منصوبے شامل ہیں اور ہر ایک منصوبے کی مالیت 50 ارب روپے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کینجھر جھیل سے کراچی پانی کی ترسیل کے لیے منصوبے کی مالیت 170 ارب روپے ہے۔ ایک اور منصوبے کی مالیت 80 ارب روپے ہے، ہمیں حب سے 100 ملین گیلن پانی چاہیے۔ ایک منصوبہ کے تحت نئی کینال 100 ایم جی ڈی پانی 14 اگست کے بعد ملے گا، ڈوم لوٹی سے بھی پانی لا رہے ہیں۔ اس سال کے آخر تک 150 ایم جی ڈی پانی شہر کو ملے گا۔ حب کینال سے پانی کا کوٹہ بڑھانے کے لیے وفاق سے درخواست کی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ وفاق نے بجٹ میں ایف بی آر کو بے جا اختیار دیا ہے، اسے سندھ حکومت نے کم کرایا ہے۔ ایف بی آر قانون کا حوالہ دے کر ٹیکس لیتا ہے۔ ایف بی آر سندھ میں بغیر رجسٹریشن کے گاڑیاں چلا رہا ہے۔ ایف بی آر کو لامحدود اختیارات دینے پر ہماری جماعت نے مزاحمت کی۔ میں نے دیکھا ہے کہ کس طرح ایف بی آر حکام ہراساں کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت درست طریقے سے ٹیکس وصولیاں کرے۔ جب ایف بی آر اپنی گاڑیاں رجسٹرڈ نہیں کرائیں گے تو اسے کوئی حق نہیں دوسروں پر انگلیاں اٹھانے کا۔ سندھ 70 فیصد گیس کی پیداوار کرتا ہے لیکن سندھ کو اس کا جائز حصہ نہیں ملتا۔ قانون اور آئین کے مطابق ہر 3 مہینے میں سی سی آئی کی میٹنگ ہونی چاہیے۔ کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو منہ توڑ جواب دینے پر کراچی چیمبر پاکستا کی افواج کو سراہتا ہے۔ مائی کراچی نمائش 2004 سے سالانہ بنیادوں منعقد کیا جاتا ہے، جس کا آغاز مرحوم سراج قاسم تیلی نے کیا تھا۔ مائی کراچی نمائش میں معاونت پر تمام سیکیورٹی اداروں کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی مصنوعات کی عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے وزیراعلیٰ سندھ کراچی میں ایک عالمی معیار نمائش گاہ قائم کریں۔ شہر میں عوام کے لیے پینے کے پانی کی قلت ہے، صنعتوں کے لیے بھی مطلوبہ پانی دستیاب نہیں۔ شہر کو 1200 ملین گیلن یومیہ پانی ضرورت ہے مگر 500 سے 600 ایم ڈی جی سپلائی ہو رہی ہے۔ جاوید بلوانی نے کہا کہ کراچی کا روڈ انفرااسٹرکچر، امن و امان کی صورتحال توجہ طلب ہے۔ کراچی 70 فیصد اور سندھ میں 95 فیصد ٹیکس ادا کرتا ہے۔ کراچی صرف ایک شہر نہیں بلکہ کاروباری حب کے ساتھ ثقافت کا ایک بڑا مرکز ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کی تاریخ گواہ ہے کہ ہم نے ہمیشہ ظلم و جبر کے خلاف آواز بلند کی ہے اور کبھی جابر قوتوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے۔ انہوں نے موجودہ حکمرانوں کو نااہل قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ طاقت کے زور پر اسلامی اور جمہوری قدروں کی پامالی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ طاقت سے مسائل حل کرنے کے بجائے بغاوتوں کو جنم دیا جاتا ہے۔ ''حق دو بلوچستان'' لانگ مارچ کے اسلام آباد کی جانب پیش قدمی پر ممکنہ تصادم اور اس کے نتیجے میں پنجاب سے بلوچستان کو منفی پیغام جانے کے خطرے کو محسوس کرتے ہوئے جماعت اسلامی نے مذاکرات کا راستہ اپنایا ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے حکومت کو خبردار کیا کہ جماعت اسلامی کی امن پسندی کو ہرگز کمزوری نہ سمجھا جائے۔ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو اہل لاہور سمیت پنجاب بھر سے جماعت اسلامی کے کارکن اور عوام بلوچ بھائیوں کے قافلے کا حصہ بن کر اسلام آباد کی جانب مارچ کریں گے۔ احتجاجی دھرنے میں سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال، ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد و دیگر قائدین نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

میں یونیسیف پنجاب کی نمائندہ نجمہ ایوب، پرو وائس چانسلر پروفیسر نادیہ نسیم، پروفیسر سمیرا احسان، ڈاکٹر مدحت سلمان اور دیگر سینئر ماہرین نے شرکت کی۔ پروفیسر راٹھور نے کہا کہ یہ منصوبہ پنجاب میں غذائی بہتری کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ہم طبی طلبہ کو اس قابل بنانا چاہتے ہیں کہ وہ غذائیت جیسے اہم موضوع کو سمجھیں اور کمیونٹی میں اس حوالے سے رہنمائی فراہم کریں۔ منصوبے کے تحت یو ایچ ایس سے منسلک میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ کالجوں کے نصاب میں غذائیت کو لازمی حصہ بنایا جائے گا۔ علاوہ ازیں بچوں کی ابتدائی نشوونما اور ماؤں کے لیے خوراک سے متعلق تربیت بھی دی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں ماہرین نصاب کا جائزہ لے کر اس میں ضروری تبدیلیاں اور اضافہ تجویز کریں گے۔ اس کے بعد پنجاب کے چھ بڑے شہروں میں تربیتی ورکشاپس ہوں گی جن میں 150 ماسٹر ٹرینرز کو تیار کیا جائے گا جو آگے چل کر مختلف اداروں میں اس تربیت کو عام کریں گے۔ یونیسیف کی نمائندہ نجمہ ایوب نے کہا کہ یہ منصوبہ صرف تعلیم تک محدود نہیں بلکہ اس سے عوامی صحت پر براہ راست مثبت اثر پڑے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر شخص خصوصاً مائیں اپنی اور اپنے بچوں کی متوازن غذا کے بارے میں باخبر ہوں۔ پروجیکٹ کی مدت دو سال چھ ماہ ہو گی اور اس کی نگرانی یو ایچ ایس اور یونیسیف مل کر کریں گے۔ منصوبے کو اقوام متحدہ کے اس ہدف سے جوڑا گیا ہے جس کے تحت 2030 تک دنیا بھر سے غذائی قلت کا خاتمہ کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

دورے کی دعوت دی، جسے خوش دلی سے قبول کیا گیا۔ دونوں شخصیات نے اتفاق کیا کہ قبضہ مافیا کے خلاف قانونی اقدامات، اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے موثر حل، اور قانونی اصلاحات پر مشتمل ایک مشترکہ سیمینار کا جلد انعقاد کیا جائے گا۔ یہ اقدام نہ صرف قانون کے طلباء کے لیے رہنمائی فراہم کرے گا بلکہ معاشرتی شعور اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 46

اضافہ دیا گیا جبکہ مریم نواز صاحبہ نے وزیراعلیٰ بننے سے پہلے وعدہ کیا تھا کہ منصب کو سنبھالتے ہی سرکاری ملازمین کی ضبط شدہ لیو انکیشمنٹ بحال کروں گی وزیر اعلیٰ پنجاب نے حسب وعدہ لیو انکیشمنٹ بحال کرنے کی بجائے 2 دسمبر 2024 کو پنشن و گریجویٹی میں 40 فیصد کی کر کے ملازمین پر قہر نازل کر دیا اور ساتھ ہی بیوہ کی پنشن کو 10 سال تک محدود کر دیا اور رول 17-اے کا خاتمہ کر دیا گیا یہ مظالم صرف صوبہ پنجاب کے ملازمین پر ڈھائے جا رہے ہیں کسی دوسرے صوبے میں ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک نہیں کیا جا رہا حکومت پنجاب نے اپنی روش نہ بدلی تو 7 اگست سے پنجاب بھر احتجاج ہوگا ڈویژنل سطح پر جلسے، ریلیاں، کونشن، مظاہرے ہوں گے اور 18 ستمبر کو لاہور میں صوبہ بھر کے اساتذہ و سرکاری ملازمین دھرنا دیں گے لہٰذا وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ہے کہ حسب وعدہ سرکاری ملازمین کے مطالبات کو تسلیم کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کی حکومت کو ایکسپوز کروں گا۔ بھارتی حکومت کی طرف سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے فیٹف سے متعلق بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کرنے اور پاکستان میں دہشتگردی کی سرپرستی اور اوچھے ہتھکنڈوں سے متعلق علی امین گنڈاپور نے سخت ردعمل دیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ الیکشن میں مصروفیت کی وجہ سے بعد میں معلوم ہوا کہ بھارتی حکومت نے فیٹف سے متعلق میرے ایک بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا ہے، جس کی تھوڑی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ بھارت آج سے نہیں ہمیشہ سے پاکستان اور اس پورے خطے کے اندر جتنی دہشتگردی ہو رہی ہے اس میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کشمیر اور گلگت بلتستان کا بھی منسٹر رہا ہوں، اب میں فیٹف کو خط بھی لکھ رہا ہوں اور ساتھ خود وہاں جا کر وضاحت سے بتاؤں گا، اس کے علاوہ پورے پاکستان میں جتنی بھی دہشت گردی ہو رہی ہے اس میں بھارت ملوث ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خاص طور پر افغانستان کے اندر جو جنگ تھی تو 100 سے زیادہ قونصل خانے بھارت نے کھولے ہوئے تھے، نہ وہاں پر بھارت کی طرف سے تجارت ہو رہی تھی، نہ سرمایہ کاری ہو رہی تھی اور نہ سفارت کاری ہو رہی تھی بلکہ ان قونصل خانوں کے ذریعے صرف پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کیلئے کام کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں یہ بھی ایکسپوز کروں گا کہ پورے پاکستان کے اندر دہشتگردی اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے اندر دہشتگردی میں بھارت کیا کردار ہے، میں یہ سب وہاں پر خود ایکسپوز کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں پوری دنیا کو بتاؤں گا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہمارا لیڈر عمران خان، ہماری پوری پارٹی اور پوری قوم سب کے سب متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی حال ہی میں بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا، جس میں بری طرح شکست ہوئی، اس پر عمران خان اور پوری قوم سمیت ہماری دفاعی فورسز نے یہ ثابت کیا ہے کہ بھارت ہم تمہارا بندوبست کرنا جانتے ہیں۔ علی امین نے کہا کہ میں واضح طور پر یہ کہتا ہوں کہ اس پورے خطے کے اندر دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے، چاہے وہ چائنیز پر حملے ہوں، کسی تحصیلات پر حملے ہوں یا کسی اور طرح کی دہشت گردی جو اس ملک میں ہو رہی ہے اس کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ اسی طرح میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پشتونوں نے کشمیر کو آزاد کروایا تھا، انشاءاللہ وقت آئے گا کہ یہ جو باقی کشمیر جس پر بھارت نے قبضہ کیا ہوا ہے ہم پختون اس کو بھی آزاد کروائیں گے۔ علی امین نے کہا کہ مودی میں تمہیں پیغام دے رہا ہوں کہ ہم تمہاری طرح بزدل نہیں ہیں کہ ہم رات کی تاریکی میں آئیں، ہم نعرہ لگا کر آتے ہیں اور اگلے کو بتا کر آتے ہیں، ہمارا ایمان ہے کہ فتح ہمیشہ سچ اور حق کی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندر بھارت جو دہشگردی پھیلا رہا ہے اس کے خاتمے کیلئے ہماری عوام اور ہماری فورسز بے مثال قربانیاں دے رہی ہیں، اس کے علاوہ، اس ملک میں جتنی حکومتیں ہیں وہ ساری حکومتیں، پوری قوم اور تمام دفاعی ادارے، پوری قوم پاکستان کی دفاع کے لیے ایک ہے، متحد ہے۔ مودی کو پیغام دیتے ہوں علی امین نے کہا کہ پاکستان کے دفاع کیلئے ہم سب ایک ہیں، میں تمہیں اور تمہاری حکومت کو بھی ایکسپوز بھی کروں گا کہ تم نے جو سیاق وسباق سے ہٹ کر ایک غلط بیانیہ پیش کر کے پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلوانے کی کوشش کی ہے، میں فزیکلی وہاں جا کر بتاؤں گا اور ثابت کروں گا کہ دہشتگردی کے حوالے سے فیٹف کی گرے لسٹ میں جانے کیلئے بھارت 100 فیصد فٹ ہے اور انشاءاللہ فیٹف کی گرے لسٹ میں ڈلواؤں گا۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ آج مجھے عمران خان کی وہ بات یاد آ رہی جو انہوں نے مودی کے بارے میں بالکل ٹھیک کہی تھی کہ ''manSmall
officebigin''۔

حکومت حق دو بلوچستان کے 8 نکاتی مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرے: ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کے آئینی و جمہوری حق پر کوئی سمجھوتا نہیں کریگی، جماعت اسلامی کی تاریخ گواہ ہے کہ ہم نے کبھی ظلم و جبر کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے

مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو دھرنے کے شرکاء کو اسلام آباد جانے سے کوئی طاقت نہیں روک سکے گی، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء، اظہر بلال و دیگر قائدین کا خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لاہور پریس کلب کے باہر جاری ''حق دو بلوچستان'' دھرنے کے تیسرے روز خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بلوچ عوام کے آئینی، جمہوری اور بنیادی حقوق پر مبنی آٹھ نکاتی مطالبات کو فی الفور تسلیم کرے۔ انہوں نے کہا کہ دھرنے کے شرکاء کے مطالبات کسی ایک گروہ کے نہیں بلکہ پورے بلوچستان کے عوام کے جائز اور آئینی حقوق کی ترجمانی کرتے ہیں۔ جماعت اسلامی ان مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے اور عوام کے آئینی و جمہوری حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 43)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ لاہور پریس کلب کے باہر جاری ''حق دو بلوچستان'' دھرنے کے تیسرے روز خطاب کر رہے ہیں

یونیسیف، پنجاب حکومت اور یو ایچ ایس کا اشتراک، اہم منصوبے کا آغاز

میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلبہ کے نصاب میں غذائیت کو لازمی طور پر شامل کیا جائے گا

150 ماسٹر ٹریزز تیار ہوں گے، 6 شہروں میں ورکشاپس، منصوبہ اڑھائی سال میں مکمل ہوگا، پروفیسر راٹھور کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) اور یونیسیف نے حکومت پنجاب کے تعاون سے ایک اہم منصوبے کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلبہ کے نصاب میں غذائیت کو لازمی طور پر شامل کیا جائے گا۔ اس منصوبے کا مقصد ڈاکٹروں، نرسز اور دیگر طبی عملے کو خوراک اور غذائیت سے متعلق جدید تربیت دینا ہے تاکہ وہ کمیونٹی میں غذائی مسائل سے بہتر انداز میں نمٹ سکیں۔ جمعہ کو یو ایچ ایس میں ہونے والے ایک اجلاس میں منصوبے کا ابتدائی خاکہ پیش کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر یو ایچ ایس پروفیسر احسن وحید راٹھور نے کی۔ اجلاس (بقیہ نمبر 44)

اجلاس میں یونیسیف پنجاب کی نمائندہ نجمہ ایوب، پرو وائس چانسلر پروفیسر نادیہ نسیم، پروفیسر سمیرا احسان، ڈاکٹر مدحت سلمان اور دیگر سینئر ماہرین نے شرکت کی

اچھے وکیل ہی مستقبل کے بہترین جج ثابت ہوسکتے ہیں: بیرسٹر امجد ملک

بیرسٹر امجد ملک اور پنجاب یونیورسٹی کے ہیڈ آف لاء ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر امان اللہ ملک کے درمیان ایک اہم ملاقات

قانونی اصلاحات، وکلاء کے چیلنجز اور اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل پر سیمینار کے انعقاد پر اتفاق

لاہور (خبر نگار) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک اور پنجاب یونیورسٹی کے ہیڈ آف لاء ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر امان اللہ ملک کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے مختلف امور، قانونی اصلاحات، نوجوان وکلاء کو درپیش چیلنجز اور ان کی معاشرتی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بیرسٹر امجد ملک نے اس امر پر زور دیا کہ اچھے وکیل ہی مستقبل کے بہترین جج ثابت ہو سکتے ہیں اور اس مقصد کے لیے قانونی تعلیم اور تربیت میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔ ڈاکٹر امان اللہ ملک نے بیرسٹر امجد ملک کو پنجاب یونیورسٹی لاء ڈیپارٹمنٹ کے (بقیہ نمبر 45)

مانگا منڈی میں نشئی باپ نے 6 ماہ کے بیٹے کا گلا کاٹ دیا

ملزم ناصر نشے کا عادی، تیز دھار آلے سے بیٹے پر حملہ کیا، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

زخمی بچے سالار کو جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا، واقعہ پیر کالونی میں رشتہ داروں کے گھر پیش آیا

لاہور (زیڈ این این) نشے کی لت نے ایک بار پھر رشتوں کے تقدس کو پامال کر دیا۔ لاہور کے نواحی علاقے مانگا منڈی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں باپ نے اپنے 6 ماہ کے معصوم بیٹے کا گلا کاٹ دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ناصر نشے کا عادی ہے اور وہ اپنے اہلخانہ کے ہمراہ پیر کالونی میں رشتہ داروں کے گھر آیا ہوا تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق، ملزم نے بچے سالار کو گود میں اٹھایا اور باہر لے جا کر تیز دھار آلہ سے اس کا گلا کاٹ دیا۔ شدید زخمی حالت میں 6 ماہ کے معصوم بچے کو جناح ہسپتال لاہور منتقل کیا گیا جہاں اسے طبی امداد دی جا رہی ہے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے

اے اے آر آئی کے اہلکاروں کی چین میں تربیت شروع

اسلام آباد (این این آئی) ایوب ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (اے اے آر آئی) فیصل آباد کے افسران کی ایک ٹیم نے چین کے صوبہ سچوان کی یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آف ساؤتھ ویسٹ (SWUST) میں چھ ماہ کے تبدیلی انگیز تربیتی پروگرام میں ٹریننگ شروع کر دی۔ 20 جولائی 2025 سے شروع ہونے والا یہ پروگرام 20 جنوری 2026 تک جاری رہے گا۔ گوادر پرو کے مطابق اے اے آر آئی نے 30 جولائی کو بتایا کہ یہ تربیت پاکستان کے وزیراعظم کے اقدام کا حصہ ہے

بلوچستان جلد ایک پر امن اور خوشحال صوبہ ہوگا، وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو گیا، وہ دن دور نہیں جب یہ ایک پر امن اور خوشحال صوبہ ہو گا، یہاں بسنے والے بلوچ، پشتون اور ہزارہ ہمارے دل کے بہت قریب ہیں، خصوصی افراد کے حوالے سے معاہدہ تاریخی ہے، جس سے بہرے اور سماعت سے محروم افراد کو سہولیات میسر ہوں گی۔

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ نے مائی کراچی نمائش کا افتتاح کر دیا، جشن آزادی کا پہلا ایونٹ قرار

یکم تا 14 اگست جشن آزادی معرکہ حق کے تناظر میں منایا جائے گا، وفاق نے بجٹ میں ایف بی آر کو بے جا اختیار دیا ہے

اسے سندھ حکومت نے کم کرایا ہے، سندھ 70 فیصد گیس کی پیداوار کرتا ہے لیکن سندھ کو اس کا جائز حصہ نہیں ملتا، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مائی کراچی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے اسے جشن آزادی کا پہلا ایونٹ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مائی کراچی نمائش شہر قائد کے لیے ایک سگنیچر ایونٹ بن گیا ہے، جہاں غیر ملکیوں کی شرکت خوش آئند ہے۔ مائی کراچی نمائش 2004 میں اس وقت شروع ہوئی جب یہ شہر دہشت گردوں کا مرکز تھا۔ جمعہ کو کراچی ایکسپو سینٹر میں مائی کراچی نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہو (بقیہ نمبر 42)

لاہور: سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر ایمرجنسی سروسز ہیڈکوارٹرز میں ماہانہ آپریشنل جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ای او بی آئی پنشن میں 15 فیصد اضافہ، شادی اور وفات پر مالی امداد میں اضافہ

مزدوروں کو عالمی معیار کی سہولیات دینا ترجیح ہے، چوہدری سالک حسین مزدوروں کے حقیقی نمائندہ بن کر سامنے آئے

لاہور (زیڈ این این) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں ای او بی آئی میں رجسٹرڈ محنت کشوں کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آگئی ہے۔ پنشن میں 15 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ میرج گرانٹ اور ڈیتھ گرانٹ میں بھی نمایاں بہتری لائی گئی ہے۔ اس حوالے سے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مسلم لیگ ق اور وزارت اوورسیز پاکستانیز کے فوکل پرسن مصطفیٰ ملک نے بتایا

لاہور ریلوے اسٹیشن پر مال بردار گاڑیوں کی صورت میں محکمہ ریلوے کا کروڑوں روپے کا قیمتی اثاثہ کھلے آسمان تلے ناکارہ ہو رہا ہے

پشاور ہائیکورٹ، اعظم سواتی کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم، تحریری فیصلہ جاری

درخواست گزار رجسٹرار کے پاس ضمانتی مچلکے جمع کرائیں، درخواستگزار کو جب بھی نیب بلائے وہ پیش ہوں، عدالت

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم دے دیا۔ پشاور ہائیکورٹ نے اعظم سواتی کا نام ای سی ایل سے نکالنے کی درخواست کا گزشتہ ساعت تحریری حکم نامہ جاری کر دیا، جس میں پی ٹی آئی رہنما کا نام ای سی ایل سے نکالنے کی درخواست منظور کر لی گئی ہے۔ عدالت نے اعظم سواتی کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم دیتے ہوئے

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا فیصل آباد میں کریک ڈاؤن، متعدد فوڈ بزنسز پر جرمانے، مقدمات

287 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 3 بند، 25 پر جرمانے، گٹکا مافیا اور ناقص چکن سپلائرز کے خلاف کارروائی

لاہور/فیصل آباد (زیڈ این این) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر فیصل آباد ڈویژن میں خوراک کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر آپریشن کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز فیصل آباد کی سربراہی میں کل 287 فوڈ بزنسز کی جانچ پڑتال کی گئی۔ چیکنگ کے دوران 3 کاروباروں کو مزید اصلاحات تک بند کر دیا گیا۔ 1 کاروبار کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ 25 کاروباروں کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 29 ہزار روپے کے جرمانے کیے گئے۔

سرکاری ملازمین کا معاشی استحصال کیخلاف 7 اگست سے پنجاب بھر احتجاج کا اعلان

ڈویژنل و ضلعی احتجاج کے بعد 18 ستمبر کو سرکاری ملازمین لاہور میں دھرنا دیں گے، خالد سنگھیڑہ، یاسین وڑائچ

30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس نہ دینا اور لیو انکیشمنٹ، پنشن و گریجویٹی میں کمی ملازمین کا معاشی قتل ہے، رانا لیاقت، کاشف شہزاد

لاہور (خبر نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے اجلاس میں شرکاء خالد سنگھیڑہ، پروفیسر فائزہ رعنا، ڈاکٹر طارق کلیم، رانا لیاقت، ضیاء اللہ نیازی، کاشف شہزاد چوہدری، مختار گجر، میاں جہانگیر، پروفیسر عارف محبوب، فیاض گیلانی، چوہدری صفدر، آزاد گجر، مرزا طارق، ممتاز کھوکھر، احمد گجر، چوہدری عباس، ازور بھٹی، سعود جان، سید مدثر و دیگر نے کہا کہ حکومت سرکاری ملازمین کے معاشی قتل سے پیچھے نہیں ہٹ رہی اور مسلسل ملازمین کا معاشی استحصال کیا جا رہا ہے صوبہ پنجاب کے ملازمین کو 30 فیصد ڈسپیرٹی ریڈکشن الاونس نہیں دیا گیا بلکہ بزرگ پنشنرز کو 7 کی بجائے پنشن میں 5 فیصد (بقیہ نمبر 46)

لاہور پریس کلب کے باہر جماعت اسلامی کے دھرنے کے باعث راستے کو ٹریفک کے لئے بند رکھا گیا ہے

چینی وفد کا دورہ پاکستان، میری ٹائم اور توانائی شعبوں میں تعاون کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) آل چائنا فیڈریشن آف انڈسٹری اینڈ کامرس (اے سی ایف آئی سی) اور پریسائز ڈویلپمنٹ (ہانگ کانگ) لمیٹڈ، چین کے سینئر نمائندے پاکستان کے پانچ روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔ اس دورے کا مقصد پاکستان بھر میں میری ٹائم، توانائی اور دیگر اہم شعبوں میں مختلف معاہدوں پر دستخط کرنا ہے۔

میرپور، پولیس کی بھاری نفری کی منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز کیخلاف کارروائیاں

میرپور (این این آئی) میرپور ایس ایچ او تھانہ پولیس نیوٹی چوہدری ارشد محمود کی ہمراہ نفری منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز کیخلاف کارروائیاں پہلی کارروائی میں ہمراہ نفری وحید مراد تفتیشی افسر۔ راجہ اختر محمود ہیڈ کنسٹیبل۔ رانا فہد۔ صغیر قریشی .DFC کے کارروائی کرتے ہوئے ریاض حسین شاہ ولد سید حسین شاہ قوم سید ساکن سیکٹر A نیوٹی میرپور کو شراب کے نشے میں دھت گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 39)

ہیلمٹ کی خلاف ورزی پر کریک ڈاؤن، جولائی 1 لاکھ 12 ہزار سے زائد چالان

122 پولیس اہلکار بھی خلاف ورزی پر پکڑے گئے 474 مقدمات تجاوزات قائم کرنے پر درج کیے گئے

لاہور (زیڈ این این) ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے جولائی کے مہینے میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا گیا، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں اور سٹاپ لائن کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) لاہور اطہر وحید کے مطابق جولائی کے دوران بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف 1 لاکھ 12 ہزار سے زائد چالان کیے گئے، جبکہ 122 پولیس اہلکار بھی بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے پر چالان کی زد میں آئے۔ سی ٹی او نے بتایا کہ سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر 51,386 چالان جاری کیے گئے۔ تجاوزات قائم کرنے والے عناصر کے خلاف بھی کارروائی کی گئی اور 474 مقدمات درج کیے گئے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا تھا کہ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی جا رہی ہے۔

صفائی نصف ایمان ہے۔ (الحدیث)
خصوصی صفائی مہم
صوبائی حکومت کے ہدایت کے روشنی میں TMA بشام
خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر رہی ہے۔
لہٰذا عوام الناس سے تعاون کی اپیل کی جاتی ہیں۔
تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن بشام ضلع شانگلہ

سوات: شانگلہ میں خصوصی صفائی مہم کے آغاز کے موقع پر آگاہی واک نکالی جا رہی ہے

گرین کوریڈور منصوبہ، شاہدرہ سے رائیونڈ تک 700 کنال اراضی پر سبز راہداری بنے گی

ریلوے ٹریک سے متصل ایریا کو گرین بیلٹ میں بدلا جائے گا، تفریحی مقامات، لائبریری اور کیفے قائم ہوں گے

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے گرین کوریڈور منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے تحت شاہدرہ سے رائیونڈ تک ریلوے ٹریک کے ساتھ واقع اراضی کو سبز راہداری (گرین بیلٹس) میں تبدیل کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) اور پاکستان ریلویز کے باہمی اشتراک سے مکمل کیا جائے گا، جبکہ محکمہ ہاؤسنگ پنجاب اس کی براہ راست نگرانی کرے گا۔ منصوبے کی کل لمبائی 40 کلومیٹر اور رقبہ تقریباً 700 کنال ہے، جبکہ اس پر دو ارب روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ منصوبے کو ایک سال میں چار پیکجز میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پہلے پیکج میں شاہدرہ سے لاہور ریلوے اسٹیشن، دوسرے میں ریلوے اسٹیشن سے والٹن، تیسرے میں والٹن سے کوٹ لکھپت (بقیہ نمبر 34)

پاک امریکہ تجارتی معاہدہ پاکستان کیلئے اقتصادی کامیابی ہے، خادم حسین

توانائی، ٹیکنالوجی و تجارت سمیت مختلف شعبوں میں دیرپا فوائد حاصل ہوں گے، تاجر رہنما

لاہور (زیڈ این این) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ، اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان ہونے والے تجارتی معاہدے کو معاشی محاذ پر ا (بقیہ نمبر 36)

پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان و کشمیر میں بارشوں کی نئی لہر کی پیش گوئی

راولپنڈی، لاہور، پشاور، سوات سمیت کئی علاقوں میں بارش، سندھ میں موسم گرم و مرطوب رہے گا

اسلام آباد، لاہور (زیڈ این این) محکمہ موسمیات نے اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور کشمیر میں مزید بارشوں کی پیش گوئی کر دی ہے، جب کہ سندھ کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور حبس زدہ رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ راولپنڈی، لاہور، سیالکوٹ، گجرات، ننکانہ صاحب (بقیہ نمبر 37)

مظفر آباد: مصطفائی ایجوکیشن سسٹم مظفر آباد کا شاندار رزلٹ میرپور بورڈ میں 21 ویں پوزیشن کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں سید اشتیاق حسین بخاری کا طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

میو ہسپتال کے ڈاکٹرز، نرسز اور سٹاف کی رواں ماہ کی تنخواہیں تاحال التوا کا شکار

اے جی آفس نے تنخواہیں بند کر دیں، ہسپتال کو خود مختاری ملنے کے بعد ادائیگی کی ذمہ داری منتقلی کا عمل جاری

لاہور (زیڈ این این) میو ہسپتال لاہور کے ڈاکٹرز، نرسز اور سٹاف کو رواں ماہ کی تنخواہ تاحال موصول نہ ہو سکی۔ ذرائع کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل (اے جی) آفس نے میو ہسپتال کے عملے کی تنخواہیں بند کر دی ہیں۔ یہ صورتحال ہسپتال کو خود مختاری دیے جانے کے بعد پیدا ہوئی ہے، جس کے تحت اے جی آفس کی جانب سے تنخواہوں کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔ اب میو ہسپتال کے ڈاکٹروں، نرسز اور سٹاف کو تنخواہ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے براہ راست ادا کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق تنخواہوں کی تیاری کا عمل جاری ہے اور آئندہ ہفتے عملے کو تنخواہیں جاری ہونے کا امکان ہے۔ تنخواہوں میں تاخیر کے باعث ہسپتال عملے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اے جی آفس نے تنخواہیں بند کر دیں، ہسپتال کو خود مختاری ملنے کے بعد ادائیگی کی ذمہ داری منتقلی کا عمل جاری

لاہور: المراء ماڈرن آرٹ میوزیم میں آرٹسٹ ٹاک میں نامور آرٹسٹ لیلہ رحمان گفتگو کر رہی ہیں

این اے 117 کے سیاسی و سماجی کارکنوں کی آئی پی پی میں شمولیت، حلقے میں نئی سیاسی صف بندی

لاہور (زیڈ این این) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 117 سے تعلق رکھنے والے متعدد سیاسی و سماجی کارکنوں نے استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ یونین کونسل 9 سے حاجی اکرم، ڈاکٹر اقبال، فاروق اور اللہ رکھا جبکہ یوسی 20 سے ملک زاہد، ناصر خان، عبدالرحمان خان، حاجی احمد، حاجی عبدالغفور، مقصود احمد فوجی، محمد عمران، اسحاق خان اور سلیم خان نے باضابطہ شمولیت کا اعلان کیا۔

ملتان، سبزیوں سے بھرا منی ٹرک کار پر الٹنے سے 2 خواتین سمیت 3 افراد جاں بحق

ملتان (این این آئی) سہو چوک خانیوال روڈ پر سبزیوں سے بھرا منی ٹرک کار پر الٹنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ متی تل روڈ سے آنے والی کار خانیوال روڈ پر مڑ رہی تھی، اسی دوران منی ٹرک بے قابو ہو کر کار پر الٹ گیا، حادثے کی اطلاع پر امدادی ٹیمیں اور پولیس کی بھاری نفری بھی موقع پر پہنچ گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق کار میں 5 افراد سوار تھے، جن میں ایک بچہ اور ایک خاتون محفوظ رہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

جمشید دستی کی نااہلی چیلنج کیس، لاہور ہائیکورٹ نے تحریری حکم جاری کر دیا

عدالت نے این اے 175 مظفر گڑھ کا انتخابی شیڈول معطل کر دیا، الیکشن کمیشن اور اٹارنی جنرل کو نوٹس

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی نااہلی کے خلاف دائر درخواست پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کیا، جس کے مطابق عدالت نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 175 مظفر گڑھ کے لیے جاری الیکشن شیڈول معطل کر دیا ہے۔ تحریری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 14 جولائی کو جاری کیا گیا انتخابی شیڈول کا نوٹیفکیشن معطل کیا جاتا ہے۔ عدالتی حکم میں مزید کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے اپنی درخواست میں اہم (بقیہ نمبر 35)

Wuhan University (China)-University of the Punjab (Pakistan)
Luotian Base of Joint Research Centre for Honglian Type Hybrid Rice

پنجاب یونیورسٹی اور ووہان یونیورسٹی چین کے سائنسدانوں کا گروپ فوٹو

چوہنگ اجتماعی زیادتی کیس: پولیس مقابلے میں دو مرکزی ملزمان ہلاک

زیر حراست ملزمان ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، علاقے کی ناکہ بندی، فرار ملزمان کی تلاش جاری

لاہور (زیڈ این این) چوہنگ میں خاتون سے خاوند کے سامنے اجتماعی زیادتی کیس کے دو مرکزی ملزمان سمیت نشتر کالونی میں پولیس مقابلے کے دوران چار ملزمان ہلاک ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق سی آئی اے ماڈل ٹاؤن (سی سی ڈی) کی ٹیم نے اجتماعی زیادتی کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ جوابی کارروائی میں دو مرکزی ملزمان اویس اور شہزاد ہلاک ہو گئے، جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان چوہنگ کے علاقے میں ایک خاتون کو اس کے خاوند کے سامنے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے اور اسے تشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث تھے۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ چوہنگ میں درج ہے۔ دوسری جانب نشتر کالونی میں مبینہ پولیس مقابلے کے دو (بقیہ نمبر 38)

وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب کا پیٹرول سستا ہوتے ہی کرایوں میں کمی کا حکم

بلال اکبر خان نے نئی کرایہ فہرست کیلئے ٹیمیں تشکیل دیں، زائد کرایہ وصولی پر سخت کارروائی کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے بعد وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان نے عوام کو فوری ریلیف دینے کے لیے رات گئے ہی کرایوں میں کمی کے احکامات جاری کر دیے۔ وزیر ٹرانسپورٹ نے متعلقہ افسران کو فیلڈ میں متحرک رہنے اور نئی کرایہ فہرست جلد از جلد جاری کرنے کی ہدایت کی ہے۔ تمام ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹیز (آر ٹی ایز) کو کہا گیا ہے

ڈالر 283.35 روپے کا، یورو اور پاؤنڈ کی قیمت میں بھی اضافہ

اوپن مارکیٹ میں کرنسی نرخوں میں معمولی ردوبدل، درآمدی اشیاء مزید مہنگی ہونے کا خدشہ

لاہور (زیڈ این این) اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں غیر ملکی کرنسیوں کی قیمتوں میں معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ امریکی ڈالر کی قیمت خرید 282.85 روپے اور فروخت 283.35 روپے رہی، جب کہ یورو 323.02 روپے میں خریدا اور 323.59 روپے میں فروخت کیا گیا۔ برطانوی پاؤنڈ کی قیمت 375.01 روپے خرید اور 375.67 روپے فروخت ریکارڈ کی گئی۔ سعودی (بقیہ نمبر 40)

دودھ پلانا ہمارے بچوں کو تحفظ دینے کے چند فطری اور موثر ترین طریقوں میں سے ایک ہے: خاتون اول

اداروں کو چاہئے کہ وہ ماں کیلئے دودھ پلانے کے لیے مخصوص جگہ فراہم کریں تاکہ دودھ پلانے کی حوصلہ افزائی ہو

متبادل دودھ کا دباؤ کم ہو، بی بی آصفہ بھٹو زرداری کا بچوں کو دودھ پلانے کے عالمی ہفتے کے موقع پر پیغام

کراچی (این این آئی) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ دودھ پلانا ہمارے بچوں کو تحفظ دینے کے چند فطری اور موثر ترین طریقوں میں سے ایک ہے، اداروں کو چاہئے کہ وہ ماں کیلئے دودھ پلانے کے لیے مخصوص جگہ فراہم کریں تاکہ دودھ پلانے کی حوصلہ افزائی ہو اور متبادل دودھ کا دباؤ کم ہو۔ خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے بچوں کو دودھ پلانے کے عالمی ہفتے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پہلے چھ ماہ صرف ماں کا د (بقیہ نمبر 41)

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED
قوت

افضل شریف
سٹی رپورٹر لاہور
0304-4603511
مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ